www.dailybolan.com

MEMBER APNS | ABC CERTIFIED | قاعدہ تصدیق شدہ اشاعت، حب کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203 | Mobile: 0336-6113760

قیمت 20 روپے

جلد 37 | اتوار 30 اگست 2026، بمطابق 16 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ 239

کوئی غیرت مند بلوچ اپنی بیٹیوں کو نامحرم کے ساتھ پہاڑوں پر نہیں بھیج سکتا — ضیاء اللہ لانگو

فتنہ الہندستان کے ناپاک کردار اور دہشت گرد تنظیموں کی جانب سے کم عمر بچوں کو استعمال کیا جا رہا ہے، 16 سالہ زینب کے شوہر سیف سمیت خاندان کے دیگر افراد کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا، وزیر داخلہ بلوچستان

دہشت گردوں نے شوہر کے قتل کا الزام اداروں پر عائد کرتے ہوئے بدلہ لینے پر آمادہ کیا، خودکش حملے سے انکار، گھر واپس جانے کی خواہش پر تشدد کا نشانہ بنایا گیا، زینب

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے کالعدم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے کم عمر بچیوں کو خودکش حملوں کے لیے استعمال کرنے کے مبینہ منصوبے کو ناکام بنا دیا، کارروائی کے دوران 16 سالہ زینب اور 12 سالہ فاطمہ کو حراست میں لے لیا گیا۔ کوئٹہ میں دونوں کم عمر بچیوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے میر ضیاء لانگو نے کہا کہ فتنہ الہندستان کے ناپاک کردار اور دہشت گرد تنظیموں کی جانب سے کم عمر بچو (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

پاکستان ڈیجیٹل معیشت کیلئے تیار ہے، بلال بن ثاقب

نئے ریگولیٹری نظام کی تشکیل اور اسے فعال بنانے پر تقریباً 2 لاکھ ڈالرز خرچ ہوئے

پاکستان نئی مالیاتی و تکنیکی تبدیلیوں کو سمجھنے اور اپنی صلاحیت بڑھانے کے لیے آگے بڑھ رہا ہے، وزیر مملکت کا خطاب

ہانگ کانگ (این این آئی) وزیر مملکت و پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگو (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

امریکا کا عراق کے کردستان ریجن کی فوجی امداد ختم کرنیکا منصوبہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے عراق کیکردستان ریجن کی (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

مہاجرین جموں کشمیر کا استحصال کرنے والوں کا محاسبہ ہوگا، وزیراعظم آزاد کشمیر

مہاجرین جموں کشمیر کی نشستیں ان کا آئینی و جمہوری حق ہیں، کسی کو ختم کرنے کا اختیار نہیں

وزیراعظم آزاد کشمیر سے پیر صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی کی ملاقات

مظفرآباد / کراچی (این این آئی) نومنتخب وزیراعظم آزاد جموں (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انکوائری کمیٹی کے سربراہ نے رپورٹ جمع کروائی ہے، مستقبل میں ایسے حادثات سے بچنے کیلئے سفارشات بھی دی گئی ہے

سانحہ پمز کی ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ وزیراعظم کو پیش

پمز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر عمران سکندر، جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹرز ڈاکٹر مظاہر شاہ، چوہدری ڈاکٹر اویس علی شاہ معطل، نیونیٹل ڈیپارٹمنٹ کی سربراہ پروفیسر ڈاکٹر سعدیہ ریاض، سینئر رجسٹرار ڈاکٹر نغم، ڈاکٹر نوشیلہ امجد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سکیورٹی محمد عثمان بھی معطل

سی ڈی اے کے ایمرجنسی سروس کے ڈی جی ڈاکٹر عبدالرحمٰن کو بھی ہٹا دیا گیا، سکیورٹی پر مامور کمپنی کے عہدیداران کیخلاف بھی کارروائی کی منظوری، جان کی پرواہ کئے بغیر بچے کو بچانے والی نرس کیلئے ستارہ خدمت دینے کی منظوری، وارڈ میں موجود ایک نرس، خاتون گارڈ کو او ایس ڈی کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پمز آتشزدگی واقعہ کی تحقیقات کے لئے بنائی گئی اعلیٰ سطحی کمیٹی کی نشاندہی پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر سمیت 8 لوگوں کو فوری طور پر معطل کر کے ان کے خلاف فوری کارروائی کرنے کی منظوری دیدی، کمیٹی کی جانب سے نشاندہی کردہ ذمہ داران کے خلاف نہ صرف محکمانہ بلکہ فوجداری قوانین کے تحت کارروائی کرنے کی خصوصی احکامات جاری کئے گئے ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پمز آتشزدگی واقعے پر اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں تحقیقاتی کمیٹی کی عبوری (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

سرمایہ کاروں کو سہولیات کے اقدامات جاری ہیں، قیصر احمد

بی ایف سی اسلام آباد میں سال کے دوران کاروبار و سرمایہ کاری بارے 7709 درخواستیں موصول ہوئیں

4,920 درخواستوں کو مقررہ مدت کے اندر نمٹایا، ایک سال کے دوران 4,100 سے زائد نئے کاروباروں کو سہولت فراہم کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ کاروباری سہولت کاری مرکز (بی ایف سی) اسلام آباد سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو ایک ہی چھت تلے سرکاری خدمات کی فراہمی کے ذریعے کاروباری ماحول کو آسان اور سرمایہ کاری دوست بنانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو بی ایف سی اسلام آباد کے دورے، مرکز کی ایک سالہ کارکردگی اور کاروباری سہولت (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم ٹاسک فورس کے تحت آبی زراعت کے فروغ میں اہم پیشرفت

آبی زراعت کے فروغ میں پیشرفت، ٹھٹھہ کے علاقے گھارو میں جدید ایکوا کلچر فارمز قائم

کسانوں کی آمدن، جدید آبی زراعت اور قومی معیشت کو فروغ ملے گا

اسلام آباد (اے ایف بی) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات جدید آبی زراعت، غذائی تحفظ اور برآمدات کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں سندھ کے ضلع ٹھٹھہ کے علاقے گھارو میں جدید ایکوا کلچر فارمز قائم کیے گئے ہیں۔ گھارو ایکوا کلچر فارمز میں ٹیلاپیا، (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

پاکستان کو جی 20 میں شامل کرنا حکومت کا ہدف ہے، اسحاق ڈار

پاکستان کی معیشت میں اب استحکام آ چکا ہے، پالیسی ریٹ 22 فیصد سے کم ہو کر 11 فیصد پر آ گیا ہے، نائب وزیراعظم

پاکستان کو 2017 کے معاشی اشاریوں تک لے جانا ہے، پاکستان کو دنیا کی 24 ویں بڑی معیشت بنانا اور جی 20 میں شامل کرنا ہدف ہے، گفتگو

لندن (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی سطح پر سفارتی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہا ہے، ملکی معیشت کا پہیہ چل پڑا ہے، برطانیہ کا دورہ انتہائی مثبت اور کامیاب رہا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار لندن میں پاکستانی کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے امریکہ اور ایران تنازعہ میں بھرپور سفارتی کوششیں کیں اور دونوں ملکوں کو ایک میز پر بٹھانے میں اہم (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل کا پاکستان آرڈیننس فیکٹری واہ کا دورہ

پی او ایف کے دو نئے صنعتی پلانٹس رواں سال کے اختتام تک پیداوار شروع کرنے کا امکان ہے، آئی ایس پی آر

فیلڈ مارشل کو ڈی آئی پی آر اے آرڈیننس کے نفاذ کے بعد پی او ایف کی کارپوریٹائزیشن کے عمل پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان آرڈیننس فیکٹری واہ کا دورہ کیا اور پیداواری صلاحیتوں اور برآمدی امکانات کا جائزہ لیا۔ ہفتہ کو آئی ایس پی آر کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر کو پی او ایف کے آپریشنز اور پیداواری سرگرمیوں پر بریفنگ دی گئی۔ آرمی چیف نے مقامی طور پر تیار کردہ اسلحے اور گولہ بارود کے ٹیسٹ و ٹرائلز کا مشاہدہ کیا۔ اعلامیہ کے مطابق پی او ایف ملکی دفاع کیلئے مختلف اقسام کے فوجی ساز و سامان کی مقامی تیاری میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، پی او ایف میں مقامی سطح پر اسلحہ اور گولہ بارود کی تیاری کے ذریعے دفاعی خود انحصاری کو فروغ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر علی پرویز ملک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انسانی سمگلنگ کی چین کو قانون کی گرفت میں لایا جائے، محسن نقوی

محسن نقوی کا گوجرانوالا ریجنل پاسپورٹ آفس کا پورا عملہ فوری طور پر ہٹانے کا حکم

شہری خدمات کی فراہمی پر کوتاہی برداشت نہیں ہوگی، سرکاری فرائض میں غفلت پر تادیبی کارروائی کی جائے گی، وزیر داخلہ

اسلام آباد / گوجرانوالہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پنجاب کے شہر گوجرانوالا میں ریجنل پاسپورٹ آفس کا اچانک دورہ کیا اور دفتر کی ابتر صورتحال پر تمام عملے کو فوری طور پر عہدوں سے ہٹانے کا حکم دیدیا۔ جمعرات کو وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے گوجرانوالا میں ریجنل (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

متعدد سینئر افسران غفلت اور کوتاہی کے ذمہ دار قرار

سانحہ پمز کی انکوائری رپورٹ کی تفصیلات سامنے آ گئیں

اہل افراد کی تعیناتی اور اسپتال کے لیے مستقل گورننگ بورڈ قائم کرنے کی سفارش

پمز اسپتال غیر پیشہ ورانہ انداز میں اور مناسب انتظامی ڈھانچے کے بغیر چلایا جا رہا تھا

ہسپتال کی باقاعدہ نگرانی اور موثر انتظام کے لیے گورننگ بورڈ ناگزیر ہے

اسلام آباد (این این آئی) سانحہ پمز کی انکوائری رپورٹ کی تفصیلات سامنے آ گئیں، قائم مقام سیکرٹری کیپٹن ریٹائرڈ محمود کی سفارشات بھی رپورٹ میں شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق رپورٹ میں پمز سانحہ پر متعدد سینئر افسران کو غفلت اور کوتاہی کا ذمہ دار قرار دیا گیا ہے، کمیٹی نے ایگزیکٹو ڈا (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

فیلڈ مارشل کا دورہ ایران ٹرمپ یا امریکی نمائندے کی حیثیت سے نہیں تھا، دفتر خارجہ

پاکستان خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور مشرق وسطیٰ کے بحران کے حل کے لیے برادر ممالک سے مسلسل رابطوں میں ہے

پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان اختلافات کم کرنے کے لیے مخلصانہ اور تعمیری کردار ادا کرتا رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے کہا ہے کہ آرمی چیف کا دورہ ایران صدر ڈونلڈ ٹرمپ یا امریکا کے نمائندے کی حیثیت سے نہیں تھا، پاکستان خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور مشرق وسطیٰ کے بحران کے حل کے لیے برادر ممالک سے مسلسل رابطوں میں (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

ایران کا امریکی پابندیوں کیخلاف ڈٹ جانے کا اعلان

سفارت کاری اور دفاع دونوں محاذوں پر بیک وقت کام جاری رکھیں گے، بیان

تہران (این این آئی) ایرانی حکومت نے امریکی پابندیوں اور امریکی و اسرائیلی سازشوں کے خلاف ڈٹ جانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران نے اپنے موقف میں کہا کہ ملکی مفادات، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے سفارت کاری اور دفاع ایک دوسرے کے لیے معاون، مربوط اور لازم و ملزوم ہیں۔ ایرانی حکومت نے کہا کہ سفارت کاری اور (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

جوہری تجربات معاشروں سے غداری کے مترادف ہیں، انتونیو گوتریس

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ جوہری تجربات اعتماد کو ٹھیس پہنچاتے اور جوہری ہتھیاروں کی دوڑ کو ہوا دیتے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انتونیو گوتریس نے اپنے بیان میں کہا کہ جوہری تجربات معاشروں (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

یوکرین میں ویئر ہاؤس پر روسی حملے میں 27 افراد ہلاک

بوچا میں ویئر ہاؤس پر حملے میں 42 افراد زخمی، 380 کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا

کیف (این این آئی) یوکرین کے ضلع بوچا میں گزشتہ رات ہونے والے روسی حملے میں 27 افراد ہلاک ہو گئے۔ گورنر کیف ریجن نے روسی حملے میں 27 افراد کی ہلاکت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ روس کی جانب سے بوچا میں ویئر ہاؤس پر ہونے والے حملے میں 42 افراد زخمی بھی ہوئے جبکہ 380 افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا۔ روسی حملے کے بعد ویئر ہاؤس میں آگ بھڑک اٹھی جسے بجھا (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

آپ کے استعفے کا کیا بنا؟ مصطفیٰ کمال سے صحافی کا سوال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزرا مصطفیٰ کمال اور طارق فضل چوہدری نے پمز ہسپتال کا دورہ کیا، وزیر صحت سے ایک مرتبہ پھر صحافی کی جانب سے استعفیٰ دینے سے متعلق سوال کیا گیا۔ صحافی نے وفاقی وزیر صحت سے سوال کیا رپورٹ (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

ایران جنگ کے معاشی اثرات، مہنگائی سے عام شہری شدید متاثر

ایرانی عوام ایک بار پھر ثابت قدم رہیں گے اور ان آزمائشوں سے سرخرو ہوں گے، شہری پر امید

تہران (این این آئی) ایران میں جاری جنگ نے عام شہریوں کی روزمرہ زندگی کو شدید متاثر کیا ہے، مہنگائی میں اضافے اور معاشی مشکلات کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ عرب میڈیا سے گفتگو کے دوران تہران کی رہائشی مریم نے بتایا کہ جنگ سے پہلے میں کام نہیں کرتی تھی، جنگ شروع ہونے کے بعد گھر کے اخراجات میں مدد کے لیے مجھے ملازمت تلاش کرنا پڑی کیونکہ ہر چیز انتہائی مہنگی (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

پمز سانحے کے بعد وفاقی سرکاری اسپتالوں میں فوری فائر سیفٹی آڈٹ کا حکم

فائر سیفٹی آڈٹ مجاز اور ماہر فائر سیفٹی کمپنی کے ذریعے جامع طور پر کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، مراسلہ جاری

آڈٹ کے دوران فائر الارم، فائر فائٹنگ آلات، ایمرجنسی ایگزٹ اور ہنگامی صورتحال میں انخلا کے راستوں کا جائزہ لیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی ہدایت پر وفاق کے (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

افغان طالبان نے ملک بھر میں مظاہروں پر مکمل پابندی لگا دی

قیدی یا ملزم کو عدالتی حکم کے بغیر لاٹھی، کوڑے یا کیبل سے مارنے یا کسی بھی دوسرے طریقے سے تشدد کا نشانہ بنانے کی اجازت نہیں ہوگی

افغان سپریم لیڈر ہیبت اللہ اخوندزادہ نے نئے قانون شرطہ (پولیس قانون) کی منظوری دی

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبان رجیم نے مظاہروں پر مکمل پابندی لگا دی۔ افغان میڈیا کے مطابق طالبان کے سپریم لیڈر ہیبت اللہ اخوندزادہ نے نئے قانون شرطہ (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

عوام کو جدید ڈیجیٹل مالیاتی نظام سے منسلک کرنا ترجیح ہے، شزا فاطمہ

جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مالیاتی نظام کو مزید مضبوط بنایا جا رہا

حکومت ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کے لیے موثر اقدامات کر رہی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

پاکستان میں موبائل فون اسمبلنگ میں 102 فیصد اضافہ

جولائی میں مقامی طور پر اسمبل کیے گئے موبائل فونز کی تعداد 3.90 ملین یونٹس تک پہنچ گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان میں موبائل فون کی مقامی اسمبلنگ میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جس کے باعث ملک کی موبائل فون ضروریات پوری کرنے کے لیے درآمدات پر (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

وزیر داخلہ کا جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی کا دورہ، کاؤنٹرز پر امیگریشن پراسیس کا جائزہ لیا

سسٹم ڈاؤن ہونے کی صورت میں متبادل انتظام کا بندوبست رکھا جائے، محسن نقوی کی ٹیلیفون پر متعلقہ حکام کو ہدایت

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے دورے کے دوران کاؤنٹرز پر امیگریشن پراسیس کا جائزہ لیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی بیرون ممالک (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

پاکستانی فری لانسرز کی آمدنی رواں سال 2.5 ارب ڈالر تک متوقع

گزشتہ مالی سال پاکستانی فری لانسرز کی برآمدی آمدن 1.76 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئی تھی

فری لانسرز کی تعداد 30 لاکھ سے متجاوز، مزید اضافہ ممکن ہے، چیئرمین فری لانسرز ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) پاکستان میں فری لانسنگ مارکیٹ تیزی سے ابھر رہی ہے اور رواں مالی سال کے دوران پاکستانی فری لانسرز کی آمدنی 2.5 ارب ڈالر سے زائد رہنے کا تخمینہ ہے۔ پاکستان فری لانسرز ایسوسی ایشن کے بانی و چیئرمین ابراہیم امین کے مطابق پاکستان دنیا کی چوتھی ابھرتی ہوئی فری لانسنگ مارکیٹ کے طور پر سامنے آیا ہے، گزشتہ مالی سال پاکستانی فری لانسرز کی برآمدی آمدن 1.76 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئی تھی جبکہ رواں مالی سال کے ابتدائی پہلے ماہ جولائی میں پاکستانی فری لانسرز نے 17 ملین ڈالر کی برآمدی آمدن حاصل کی۔ انہوں نے حکومت سے یوٹیوب پر فعال تعلیمی پلیٹ فارمز پر عائد 5 فیصد ٹیکس سے (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے وفد ملاقات کر رہا ہے

تعلیم اور تحقیق کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے، خالد مقبول

باصلاحیت اور مستحق طلبہ کی ممتاز جامعات تک رسائی، انسانی وسائل کو ترقی کے ترجیحی شعبوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے پرعزم ہیں

عالمی درجہ بندی کی ممتاز جامعات پاکستانی طلبہ کے لیے مکمل یا جزوی ٹیوشن فیس معافی کی صورت میں معاونت کریں گی، وفاقی وزیر تعلیم کا خطاب

واشنگٹن (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے باصلاحیت اور مستحق طلبہ کو دنیا کی ممتاز جامعات تک رسائی فراہم کرنے اور ملکی انسانی وسائل کو قومی ترقی کے ترجیحی شعبوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے یہ بات واشنگٹن ڈی سی میں جارج ٹاؤن یونیورسٹی کے عالمی روابط کے نائب صدر تھامس بینکوف سے ملاقات کے دوران کہی جہاں وفاقی وزیر نے اعلیٰ سطحی پاکستانی وفد کی قیادت کی۔ ملاقات پاکستان ایجوکیشن اینڈاومنٹ فنڈ (پاک ای ای ایف) کے تحت شروع کیے گئے ایک اہم پروگرام کے سلسلے میں ہوئی جس کا (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم وژن 2047 کے تحت نوجوانوں کو قومی ترقی کے مرکز میں لانا چاہتے ہیں، رانا مشہود احمد خان

2047 میں پاکستان کے قیام کو 100 سال مکمل، ابھی سے مستقبل کی تیاری، طویل المدتی منصوبہ بندی کرنا ہوگی

لاہور (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ پاکستان نے مشکل حالات کے باوجود مسلسل ترقی کا سفر جاری رکھا، پاکستان کا مستقبل صرف مراعات یافتہ طبقے تک محدود نہیں بلکہ ہر باصلاحیت نوجوان کو آگے بڑھنے کے مساوی مواقع ملنے چاہئیں، حکومت نوجوانوں کو ہنرمند بنانے، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور جدید تعلیم و تحقیق سے جوڑنے کے (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

لاہور میں انسداد دہشتگردی کی نئی عدالت قائم، تعداد 4 ہوگئی

لاہور (این این آئی) لاہور میں انسداد دہشتگردی کی نئی عدالت قائم کر دی گئی جس کے بعد شہر میں انسداد دہشتگردی عدالتوں کی تعداد 4 ہوگئی۔ دہشتگردی سے متعلق (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

پیوٹن سمجھتے ہیں امریکا ایران جنگ سے کمزور ہوا ہے، امریکی انٹیلی جنس

روسی صدر اسے یورپ میں امریکی مفادات اور اتحادیوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کے ایک بہترین موقع کے طور پر دیکھ رہے ہیں، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اخبار نے امریکی انٹیلی جنس رپورٹ کے حوالے سے انکشاف کیا ہے کہ روسی صدر پیوٹن سمجھتے ہیں کہ امریکا ایران جنگ سے کمزور ہوا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق رپورٹ میں کہا گیا ہے روسی صدر اسے یورپ میں امریکی مفادات اور اتحادیوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کے ایک بہترین موقع کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔ اخباری رپورٹ کے مطابق سی آئی (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواندگی کا عالمی دن 8 ستمبر کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواندگی کا عالمی دن 8 ستمبر کو منایا جائے گا۔ اس دن کے منانے کا مقصد دنیا بھر کے کروڑوں ناخواندہ افراد کو تعلیم کی اہمیت سے روشناس کروانا ہے۔ اس دن کے حوالے سے ملک بھر (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

پاکستان میں سمندر کنارے بہترین کوالٹی کی گیس کی پہلی کامیاب دریافت

کنویں سے یومیہ ساڑھے 9 لاکھ اسٹینڈرڈ کیوبک فٹ گیس حاصل ہو رہی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان میں سمندر کنارے بہترین کوالٹی کی گیس کی پہلی کامیاب دریافت کا اعلان کیا گیا ہے۔ ترجمان پی پی ایل کے مطابق خشکی اور سمندر کنارے پر نئے ہائیڈروکاربن ضلع سجاول میں دریافت ہوئے، سرانی بلاک کے کنویں ڈولفنا ایکس 1 سے گیس کی پہلی منفرد اور اہم دریافت ہوئی، لوئر انڈس بیسن کی چلتن فارمیشن سے سب سے پہلی دریافت ہے۔ بیان کے مطابق کنویں سے (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق صوبائی وزیر مجیب الرحمان محمد حسنی ملاقات کر رہے ہیں

مراد سعید کا احسن اقبال ہرجانہ کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما مراد سعید نے احسن اقبال کو ہرجانہ ادا کرنے کے ڈسٹرکٹ کورٹ کے فیصلے کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں اپیل دائر کر دی۔ عدالت میں دائر کی گئی اپیل میں 25 لاکھ روپے ہرجانے کی ڈگری کالعدم قرار دینے کی استدعا کی گئی ہے

عالمی ریٹنگ ایجنسی موڈیز نے پاکستانی بینکوں کا منظر نامہ مثبت کر دیا

موڈیز نے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ سی اے اے ون سے سے بڑھا کر بی تھری کر دی

آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری اصلاحات کے پروگرام پر مسلسل عملدرآمد سے پالیسیوں کی ساکھ مضبوط ہوئی ہے، موڈیز

اسلام آباد (این این آئی) کریڈٹ ریٹنگ کی بین الاقوامی ایجنسی موڈیز نے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ سی اے اے ون سے سے بڑھا کر بی تھری کرتے ہوئے ملک کے لیے مستحکم پیش منظر برقرار رکھا ہے۔ موڈیز نے اس فیصلے کی وجہ حکمرانی کے نظام میں مزید بہتری کی توقعات اور بیرونی (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر احسن اقبال سے مفتی عبدالرحیم ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان ہر فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہے گا — وجیہہ قمر

پاکستان ہر سفارتی، سیاسی اور بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہے گا

پاکستان ہر سفارتی، سیاسی اور بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہے گا، وزیر مملکت برائے تعلیم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر نے کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا بھارت کا یکطرفہ اور غیر قانونی اقدام بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کے بنیادی حقِ خودارادیت کی صریحاً خلاف ورزی تھا، پاکستان ہر سفارتی، سیاسی اور بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہے گا۔ بدھ کو یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر جاری بیان میں وزیرِ مملکت نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کا خاتمہ، آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششیں اور بنیادی انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی نفی ہے بلکہ خطے کے امن و استحکام کے لیے بھی سنگین خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاقت اور جبر کے ذریعے کسی قوم کی شناخت، تاریخ، ثقافت اور آزادی کی امنگ کو دبایا نہیں جا سکتا۔ وجیہہ قمر نے کشمیری عوام کی قربانیوں، استقامت اور عزم کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کئی دہائیوں سے کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کرتا آیا ہے اور یہ آئندہ بھی پوری قوت کے ساتھ جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو مسئلہ کشمیر کے تاریخی، قانونی اور انسانی پہلوؤں سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، تعلیمی اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ نوجوانوں میں تحقیق، تنقیدی سوچ، انسانی حقوق کے احترام اور عالمی ذمہ داری کے شعور کو فروغ دیں تاکہ وہ حق، انصاف اور امن کے فروغ میں مثبت کردار ادا کر سکیں۔ وزیرِ مملکت نے عالمی برادری بالخصوص اقوامِ متحدہ اور انسانی حقوق کے عالمی اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں، شہری آزادیوں پر عائد پابندیوں اور آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششوں کا مؤثر نوٹس لیں اور اقوامِ متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا تسلیم شدہ حقِ خودارادیت دلانے کے لیے عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا اقوامِ متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق منصفانہ اور پائیدار حل ہی جنوبی ایشیا میں دیرپا امن، سلامتی اور استحکام کی ضمانت ہے۔ وزیرِ مملکت نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ پاکستان ہر سفارتی، سیاسی اور بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہے گا اور ان کی جائز جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔

گجو شہر سے مکلی بائی پاس تک موٹر سائیکل ریسنگ کا سلسلہ دوبارہ شروع

موٹر سائیکل ریسنگ کے باعث قومی شاہراہ پر سفر کرنے والے شہریوں اور دیگر مسافروں کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) گجو شہر سے مکلی بائی پاس تک موٹر سائیکل ریسنگ کا سلسلہ دوبارہ شروع، بھاری رقم کی شرطیں لگائے جانے کا انکشاف، گجو شہر سے مکلی بائی پاس تک آج ایک بار پھر موٹر سائیکلوں کی خطرناک ریسنگ جاری رہنے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جبکہ ریسنگ میں بھاری رقم کی شرطیں لگائے جانے کی بھی اطلاعات ہیں۔ ذرائع کے مطابق موٹر سائیکل ریسنگ میں ٹھٹھہ، مکلی اور گجو شہر کے نوجوان مبینہ طور پر شامل ہیں، جو آپس میں بھاری رقم کی شرطیں لگا کر تیز رفتاری سے موٹر سائیکلیں دوڑاتے ہیں۔ موٹر سائیکل ریسنگ کے باعث قومی شاہراہ پر سفر کرنے والے شہریوں اور دیگر مسافروں کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہیں، جبکہ کسی بھی وقت ایک خطرناک حادثہ پیش آنے کا خدشہ موجود ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اس حوالے سے متعدد بار پولیس کو اطلاع دی جا چکی ہے، تاہم ریسنگ کرنے والے نوجوانوں کے خلاف مؤثر کارروائی نہیں کی جا رہی۔

صوبائی وزیر قانون کا 13 ملین روپے لاگت کے وچ تلاب، شین ڈھنڈ جبڑ روڈ منصوبے کا باقاعدہ افتتاح

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیرِ قانون و پارلیمانی امور آفتاب عالم نے سابق چیئرمین گمبٹ ساجد اقبال اور پاکستان تحریکِ انصاف کے کارکنوں کے ہمراہ تقریباً 13 ملین روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے وچ تلاب، شین ڈھنڈ جبڑ روڈ منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

حب۔ مینگل قبیلہ حب کے نوجوان سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ عبدالمالک مینگل کے انتقال پر مینگل ہاؤس حب میں مختلف سیاسی و سماجی شخصیات لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پولیس اسٹیشن بی سیکشن شہدادکوٹ ضلع قمبر شہدادکوٹ کی حدود سیلرا سم شاخ سے پولیس کا کرمنلز سے مقابلہ

گرفتار زخمی حالت میں گرفتار ڈاکوؤں کے قبضے سے دو عدد پسٹل بمع میگزین برآمد زخمی حالت میں گرفتار

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) پولیس اسٹیشن بی سیکشن شہدادکوٹ ضلع قمبر شہدادکوٹ کی حدود سیلرا سم شاخ سے پولیس کا کرمنلز سے مقابلہ بدنام زمانہ دو ڈاکوؤں وزیر مگسی اور ھزار خان بروز زخمی حالت میں گرفتار زخمی حالت میں گرفتار ڈاکوؤں کے قبضے سے دو عدد پسٹل بمع میگزین برآمد زخمی حالت میں گرفتار ڈاکوؤں کی شناخت وزیر ولدیت اللہ ڈنو مگسی سکنہ گاؤں غلام مصطفیٰ جروار تحصیل قبو سعید خان ضلع قمبر شہدادکوٹ اور ھزار خان ولدیت بہرام خان بروسکنہ گاؤں علی اصغر مگسی تحصیل میرو خان حال جھل مگسی بلوچستان کے طور پر ہوئی ہے زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو ضلع قمبر شہدادکوٹ میں ڈکیتی و دیگر جرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث ایکٹو کرمنلز ہیں زخمی حالت میں گرفتار ڈاکوؤں کے خلاف رہزنی، ڈکیتی پولیس مقابلے سمیت سنگین نوعیت کے آٹھ مقدمات درج ہیں مزید تفتیش کے ساتھ ملزمان کا مکمل کرمنل ریکارڈ بھی چیک کیا جا رہا ہے

اسلام آباد، اہم شاہراہوں پر ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے خصوصی دستے تعینات

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی اہم شاہراہوں پر ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے خصوصی دستے تعینات کر دیئے گئے۔ ترجمان اسلام آباد ٹریفک پولیس نے بتایا ہے کہ 450 سے زائد کالے شیشوں والی گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں کی گئیں۔ ترجمان نے کہا کہ کالے شیشوں اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر زیرو ٹالرینس پالیسی ہے۔

گوادر، ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان جی ڈی اے کی جانب سے شادی کور ٹرانسمیشن لائن سے منسلک دیہاتوں میں پانی کی فراہمی کے نئے منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون ایک میں ون ڈے کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد خوش آئند ہے: اعظم خان

ریجنل صدر ندیم عمر کی ہدایت پر تمام زونز میں کلب کرکٹ شروع کر دی گئی ہے: خالد نفیس

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون ایک میں فری ون ڈے کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز خوش آئند ہے امید ہے کہ زون ایک کی طرح دیگر زونز بھی کھلاڑیوں کو زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنے کے لیے فری کرکٹ ٹورنامنٹس کا انعقاد کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے کوآرڈینیٹر اعظم خان نے زون ایک ون ڈے کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے زون ایک کے صدر محمد خرم اشرف کی جانب سے کرکٹ کے فروغ اور کھلاڑیوں کو مواقع فراہم کرنے کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا۔ تقریب کی صدارت کرتے ہوئے ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کی ٹورنامنٹ کمیٹی کے چیئرمین خالد نفیس نے کہا کہ ندیم عمر کی قیادت میں پورے کراچی میں کلب کرکٹ کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ کلب کرکٹ کے نام پر اپنی دکانیں چلا رہے تھے وہ دیکھ لیں کہ اب پورے کراچی میں باقاعدگی سے کلب کرکٹ ہو رہی ہے اور کھلاڑیوں کو کھیلنے کے بھرپور مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے جوائنٹ سیکریٹری محمد توصیف صدیقی نے کہا کہ کراچی میں ہمیشہ سے ملک کے دیگر شہروں کے مقابلے میں سب سے زیادہ کرکٹ کھیلی جاتی ہے۔ کراچی پاکستان کا وہ واحد شہر ہے جہاں کلب سطح پر سب سے زیادہ کرکٹ ٹورنامنٹس منعقد ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کلب کرکٹ کے فروغ سے نئے ٹیلنٹ کو سامنے آنے کے مواقع ملیں گے۔ تقریب سے محمد خرم اشرف صدر زون ایک اور محمد نظام ممبر میڈیا کمیٹی ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر زون چھ کے صدر صائم احمد، زون ایک کے سیکریٹری عمر توصیف، محمد احمد نقوی، ریحان صدیقی، ظفر احمد اسسٹنٹ سیکریٹریز، کوچ طاہر محمود، نصرت اللہ چیئرمین گراؤنڈ کمیٹی، ماجد خان ممبر میڈیا کمیٹی آر سی اے کے، عارف وحید خان سابق سیکریٹری زون ایک، محمد طارق حفیظ جوائنٹ سیکریٹری زون ایک، ایس اے فہیم، جاوید اقبال، شہاب الدین، محمد عمران اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ افتتاحی میچ میں العمران اسپورٹس نے منور اسپورٹس کو 10 وکٹوں سے ہرا دیا۔ منور اسپورٹس پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 129 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ یوسف نے 7 چوکوں کی مدد سے 50 اور جازم نے 32 رنز بنائے۔ ارسلان اسد نے جارحانہ بالنگ کرتے ہوئے 7 رنز دیکر 4 جبکہ وقار یونس نے 23 اور عمیر احمد 27 رنز دیکر 2-2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں العمران کرکٹ کلب نے بغیر کسی نقصان کے مطلوبہ 130 رنز بنا لئے۔ عمیر احمد نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے

ڈرگ ڈیلر انمول پنکی کی 3 مقدمات میں بریت چیلنج، ہائیکورٹ میں اپیل دائر

کراچی (این این آئی) ڈرگ ڈیلر انمول عرف پنکی کی 3 مقدمات میں بریت کا معاملہ سندھ ہائیکورٹ پہنچ گیا۔ پراسیکیوٹر جنرل سندھ کی ہدایت پر ماتحت عدالت کے تینوں فیصلوں کے خلاف سندھ ہائی کورٹ میں اپیل دائر کر دی گئی، جس میں فیصلے کالعدم قرار دینے کی استدعا کی گئی ہے۔ اپیل میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جنوبی کے تینوں فیصلے طے شدہ اصولوں کے خلاف ہیں۔ فاضل جج نے تینوں مقدمات میں 13 اگست کو ملزمان پر فرد جرم عائد کی تھی۔

خانیوال میں 15 سالہ لڑکا غیرت کے نام پر قتل کر دیا گیا

خانیوال (این این آئی) خانیوال کے علاقہ بختیاری گارڈن میں 15 سالہ لڑکا غیرت کے نام پر قتل کر دیا گیا۔ تھانہ سٹی پولیس نے نوجوان کے قتل میں ملوث ملزم کو فوری گرفتار کر لیا، مقتول عبداللہ کا قاتل حقیقی کزن اسامہ نکلا، ملزم اسامہ نے بہن سے تعلقات کے شبہ میں کزن عبداللہ کو قتل کیا۔ پولیس حکام کے مطابق قاتل اور مقتول ایک ہی گھر میں رہائش پذیر تھے،

سوراب۔ گورنمنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن ضلع سوراب کے اجلاس کی صدارت ضلعی صدر علی احمد ریکی کر رہے ہیں

4 نوجوانوں کی ہلاکت، بغیر لائسنس بس چلانے والے ڈرائیور کی ضمانت نامنظور

بغیر متعلقہ لائسنس کے بس چلانا غیر قانونی اور خلاف قانون عمل ہے، لاہور ہائیکورٹ، ضمانت کی درخواست خارج

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بغیر پبلک سروس وہیکل لائسنس بس چلانے کے دوران حادثے میں چار نوجوانوں کی ہلاکت کے مقدمے میں ملزم ریاض حسین کی بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواست خارج کر دی جبکہ عدالت نے قرار دیا کہ بغیر متعلقہ لائسنس کے بس چلانا غیر قانونی اور خلاف قانون عمل ہے، جس کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکت قتل بالسبب کے زمرے میں آتی ہے۔ جسٹس تنویر احمد شیخ نے سات صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ ملزم کے خلاف مقدمہ مزید تفتیش کا متقاضی نہیں اور اس کی بادی النظر میں جرم میں شمولیت کو خارج نہیں کیا جا سکتا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق ملزم کے خلاف تھانہ صدر شجاع آباد، ملتان میں گزشتہ سال پندرہ نومبر کو مقدمہ درج کیا گیا تھا، مقدمے کے مطابق چار نوجوان موٹر سائیکل پر جا رہے تھے کہ اڈا ناصر موڑ کے قریب مخالف سمت سے آنے والی بس نے انہیں ٹکر مار دی، حادثے کے نتیجے میں چاروں نوجوان موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، جاں بحق ہونے والے نوجوانوں میں سے ایک کی اگلے روز شادی مقرر تھی۔ فیصلے کے مطابق ملزم ریاض حسین کو ابتدائی ایف آئی آر میں نامزد نہیں کیا گیا تھا

کراچی، ہسپتال سے نومولود بچے کے غائب ہونے کا معاملہ، شعبہ امراض نسواں کی سربراہ کا ویڈیو بیان جاری

کراچی (این این آئی) ناظم آباد کے نجی ہسپتال سے زچگی کے دوران نومولود بچے کے غائب ہونے کے معاملے پر ہسپتال کی شعبہ امراضِ نسواں کی سربراہ ڈاکٹر انجم آرا حسن کا ویڈیو بیان سامنے آ گیا۔ ڈاکٹر انجم آرا حسن کے مطابق طبی رپورٹس اور معائنے سے ثابت ہوا ہے کہ خاتون مریضہ حاملہ نہیں تھیں، مریضہ پہلی مرتبہ فروری میں ان کے پاس آئی تھیں اور اس وقت خاتون نے بتایا تھا کہ وہ 3 ماہ سے حاملہ ہیں۔ ڈاکٹر انجم کے مطابق فروری میں مریضہ کا الٹرا ساؤنڈ کروایا گیا تھا،

سہیل آفریدی کی آیت نور کے گھر آمد، ملزمان کو کڑی سزا دینے کی یقین دہانی

معصوم بچی کے حقیقی ملزم کو سرعام پھانسی دی جائے، والد کا مطالبہ، آپ کے غم میں خیبر پختونخوا کی عوام برابر کی شریک ہے، وزیراعلیٰ

ہری پور (این این آئی) ہری پور میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی آیت نور کے گھر پہنچے جہاں انہوں نے آیت نور کے والد سے ملاقات کی اور فاتحہ خوانی کی۔ آیت نور کے والد نے کہا کہ ہری پور میں سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں، سب میرے ساتھ کھڑے تھے، انہوں نے درخواست کی کہ ملزمان کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے اور معصوم بچی کے حقیقی ملزم کو سرعام پھانسی دی جائے۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ آپ کے غم میں خیبر پختونخوا کی عوام برابر کی شریک ہے، یہ آپ کی بچی نہیں، ہماری بچی ہے، بچی کے ساتھ جانوروں جیسا سلوک ہوا۔ سہیل آفریدی والد سے بات کرتے ہوئے آبدیدہ ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ ملزم کو عبرت کا نشان بنایا جائے گا، آئندہ یہ کام کرنے سے ملزمان ہزار بار سوچیں گے۔ حکومت کی فل سپورٹ آپ کے ساتھ ہے، کسی قسم کی کوئی کوتاہی نہیں ہوگی۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ انتظامیہ کے ہوتے ہوئے بچے محفوظ نہیں تو پھر دفاتر کو تالے لگنے چاہئیں۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ ملوث افراد کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے گی۔ سہیل آفریدی نے عدالتوں سے درخواست کی کہ کسی قسم کا ریلیف نہ دیا جائے

جماعت اسلامی کے احتجاج کے باعث سڑک کو بند کیا ہوا ہے

عبدالمالک مینگل کی نماز جنازہ مکی مسجد مینگل کالونی حب میں ادا کی گئی

نماز جنازہ میں مختلف سیاسی مذہبی کاروباری شخصیات سمیت رشتہ داروں نے شرکت کی

حب (نمائندہ بولان) مینگل قبیلہ حب کے نوجوان سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ عبدالمالک مینگل کی نماز جنازہ مکی مسجد مینگل کالونی حب میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں مختلف سیاسی مذہبی کاروباری شخصیات سمیت رشتہ داروں نے شرکت کی بعد ازاں مرحوم کو مجری موڑ کے قریب مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا علاوہ ازیں مختلف شخصیات نے مینگل ہاؤس حب جا کر حاجی رمضان مینگل سے انکے نواسہ اشرف مینگل سے انکے فرزند اور جاوید مینگل ملک خالد مینگل اسلم مینگل سے انکے بھانجے کی وفات پر تعزیت فاتحہ خوانی کی تعزیت کرنے والوں میں مولانا سلیمان غازی کونسلر لالہ سعید مینگل رفیق سیاپاد بھوتانی کارواں کے رہنما لالہ سمیع مینگل اللہ بخش دلاری حاجی اسلم لہڑی سکندر بلوچ لاڈلہ نوید رند کاروباری شخصیت حاجی خداد دوست زہری بی این پی کے جنرل سیکریٹری بشیر مینگل عبدالغنی مینگل حلیم مینگل میر محمد عالم مینگل علی نواز زہری قاری عبیداللہ خان مفتی عبدالولی عبدالواحد کا کڑ قدوس لکھی چیئرمین واحد رحیم ایڈوکیٹ کونسلر حافظ رسول بخش لانگو کونسلر وڈیرہ غلام قادر لانگو سمیع اللہ لانگو فراز مینگل، عبدالرحمٰن زہری جمعہ خان مینگل حاجی ہاشم مینگل عبدالباری مینگل عبدالعزیز زہری قدوس زہری صحافی زاہد شاہ بخاری نواز بلوچ صفی اللہ شاہ بخاری عبدالغنی رند شاہد سیاں حفظ سعید بزنجو اشرف بزنجو جمیل مینگل کریم لانگو بشیر ایڈوکیٹ لانگو محمد نور اراجی قربان میروانی انجینئر سعید مینگل، گل زیب مینگل، علی محمد مینگل حاج غوث بخش مینگل امیر بخش ایڈوکیٹ مینگل عبدالقدیر مینگل محمد حیات میروانی منظور میروانی خالد مردوئی مولوی نصر اللہ مینگل قدیر مروانی غلام محمد مینگل لالہ اسداللہ مینگل امین مینگل رفیق مینگل جعفر کا کڑ ڈاکٹر غلام محمد زہری داد کریم علی جان مینگل نور احمد مینگل اسماعیل مینگل اسماعیل میروانی ناصر ملازئی سمیت دیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

جماعت اسلامی کے تلہار، گولارچی اور بدین میں احتجاجی کیمپس

عہدیدران کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد شرکت

بدین (نامہ نگار) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی اپیل پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے، پیٹرولیم لیوی اور دیگر ظالمانہ ٹیکسز کے خلاف تلہار، گولارچی اور بدین میں احتجاجی کیمپس قائم کیے گئے، جہاں جماعت اسلامی کے عہدیداران، کارکنان اور شہریوں نے بھرپور احتجاج کرتے ہوئے حکومت کے خلاف نعرے بازی کی۔ احتجاجی کیمپس میں شرکا نے لیوی ٹیکس اور بھتہ ختم کرو، عوام کو ریلیف دو، اپنی عیاشیاں ختم کرو، ظلم کے یہ ضابطے ہم نہیں مانتے کے نعرے لگائے اور حکومت سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی اور عوام کو فوری ریلیف دینے کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر جماعت اسلامی سندھ کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری الطاف احمد ملاح، جماعت اسلامی ضلع بدین کے امیر انجینئر سید علی مردان شاہ گیلانی، جنرل سیکریٹری عبدالکریم بلیدی اور دیگر مقامی رہنماں نے خطاب کیا۔ الطاف احمد ملاح نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود حکومت کی جانب سے عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پیٹرولیم لیوی میں مزید اضافہ کیا جا رہا ہے، جو عوام کے ساتھ ظلم، ناانصافی اور ان کے زخموں پر نمک پاشی کے مترادف ہے۔

پہلا آل حب لسبیلہ بھوتانی کارواں T20 کرکٹ ٹورنامنٹ

پاٹھڑہ سی سی نے ہدف صرف 13.4 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر 100 رنز بنا کر حاصل کر لیا

حب (نمائندہ بولان) پہلا آل حب لسبیلہ بھوتانی کارواں T20 کرکٹ ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پاٹھڑہ سی سی نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہید میر مراد جاموٹ سی سی کو 8 وکٹوں سے شکست دے کر سیمی فائنل کے لیے اپنی جگہ مضبوط کر لی شہید میر مراد جاموٹ سی سی نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 16.1 اوورز میں 98 رنز بنائے پاٹھڑہ سی سی کی جانب سے امیر چھٹہ نے 5 جاوید یوسف چھٹہ نے 2 جبکہ بابر نے بھی 2 وکٹیں حاصل کیں جواب میں پاٹھڑہ سی سی نے ہدف صرف 13.4 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر 100 رنز بنا کر حاصل کر لیا۔ فیصل بشیر نے شاندار 41 رنز جبکہ گوہر خان نے 37 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔ محمد عارف 5 رنز پر ناٹ آؤٹ رہے پاٹھڑہ سی سی کی اس شاندار کامیابی پر کپتان جاوید یوسف اور پوری ٹیم کو مبارکباد۔

عدیل حسین چانڈیو ٹھٹھہ کے نئے ایس ایس پی مقرر، ساجد امیر سدوزئی کا تبادلہ

ایس ایس پی عدیل حسین چانڈیو اس سے قبل بھی ضلع ٹھٹھہ میں ایس ایس پی کی ذمہ داریاں انجام دے چکے ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) عدیل حسین چانڈیو ٹھٹھہ کے نئے ایس ایس پی مقرر، ساجد امیر سدوزئی کا تبادلہ سندھ حکومت کے محکمہ پولیس کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ٹھٹھہ کے ایس ایس پی ساجد امیر سدوزئی کا تبادلہ کر کے ان کی جگہ ایس ایس پی عدیل حسین چانڈیو کو ضلع ٹھٹھہ کا نیا سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس مقرر کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق عدیل حسین چانڈیو کو فوری طور پر ایس ایس پی ٹھٹھہ کے عہدے پر تعینات کیا گیا ہے، جبکہ ساجد امیر سدوزئی کو نئی ذمہ داری سونپ دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ ایس ایس پی عدیل حسین چانڈیو اس سے قبل بھی ضلع ٹھٹھہ میں ایس ایس پی کی ذمہ داریاں انجام دے چکے ہیں۔ ان کی سابقہ تعیناتی کے دوران عوام کے ساتھ بہتر رویے اور پولیسنگ کے حوالے سے ان کی کارکردگی کو شہریوں کی جانب سے سراہا گیا تھا۔ دوسری جانب عدیل حسین چانڈیو کی دوبارہ ٹھٹھہ میں تعیناتی پر شہریوں اور مختلف سماجی حلقوں نے امید ظاہر کی ہے کہ وہ ضلع میں امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے، منشیات اور جرائم کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کریں گے۔



لاہور، پنجاب اسمبلی کی عمارت کا خوبصورت منظر

سندھ اسمبلی میں نئے صوبوں پر بحث کرنے کی درخواست سندھ کے خلاف ایک سازش ہے

سندھ اسمبلی پہلے ہی سندھ کی تقسیم کے خلاف قرارداد منظور کر چکی ہے. ہاری رہنما ثمر جتوئی کی صحافیوں سے گفتگو.

بدین (نامہ نگار) سندھ ہاری کمیٹی کے مرکزی صدر کامریڈ ثمر حیدر جتوئی نے سندھ کی تقسیم سے متعلق سندھ اسمبلی میں قرارداد پیش کرنے اور اس پر بحث کی اجازت طلب کرنے کے عمل کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ کی وحدت، تاریخی حیثیت اور قومی شناخت پر کسی بھی قسم کا حملہ سندھ کے عوام کو کسی صورت قبول نہیں ہوگا ثمر حیدر جتوئی نے اپنے دورہ بدین کے موقع پر گولارچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ثمر حیدر جتوئی نے کہا کہ سندھ ہزاروں سال سے ایک تاریخی، ثقافتی اور جغرافیائی وحدت کے طور پر قائم ہے، سندھ کی وحدت کو کسی بھی صورت تقسیم کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کو مختلف انتظامی اور سیاسی فیصلوں کے ذریعے ٹکڑے ٹکڑے کرنے کی کوششیں ماضی میں بھی کی گئیں، تاہم سندھ کے عوام نے ہر دور میں اپنی دھرتی، شناخت اور وحدت کا بھرپور دفاع کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ صرف زمین کا ایک ٹکڑا نہیں بلکہ ہزاروں سال کی تاریخ، تہذیب، ثقافت اور قومی شناخت کا نام ہے، اس لیے سندھ کو توڑ کر نئے صوبے بنانے کا خواب دیکھنے والے اس سوچ کو ترک کریں۔ سندھ کی وحدت پر کسی قسم کی سودے بازی قبول نہیں کی جائے گی اور تقسیمِ سندھ کی ہر کوشش کی جمہوری، سیاسی اور قانونی طور پر بھرپور مخالفت کی جائے گی۔

پنجاب پولیس کا اشتہاری اور عادی مجرمان، عدالتی مفروروں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز

رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں کارروائیوں کے دوران ایک لاکھ 16 ہزار سے زائد اشتہاری مجرمان کو گرفتار کیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس نے سنگین جرائم میں مطلوب اشتہاری و عادی مجرمان اور عدالتی مفروروں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا، رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں کارروائیوں کے دوران ایک لاکھ 16 ہزار سے زائد اشتہاری مجرمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق گرفتار ہونے والے اشتہاری مجرمان میں اے کیٹگری کے 29 ہزار جبکہ بی کیٹگری کے 87 ہزار سے زائد ملزمان شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق صوبہ بھر میں کارروائیوں کے دوران 35 ہزار 546 سے زائد عدالتی مفروران کو بھی گرفتار کیا گیا، جن میں اے کیٹگری کے 5 ہزار 254 اور بی کیٹگری کے 30 ہزار 292 عدالتی مفرور شامل ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس کا کہنا ہے کہ رواں سال 12 ہزار 865 عادی مجرمان بھی گرفتار کیے گئے، جن میں اے کیٹگری کے 4 ہزار 406 اور بی کیٹگری کے 8 ہزار 459 عادی مجرمان شامل ہیں۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں پولیس کارروائیوں کے دوران 26 ہزار 868 اشتہاری مجرمان، 11 ہزار 229 عدالتی مفروران اور 5 ہزار 203 عادی مجرمان کو گرفتار کیا گیا۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے اشتہاری و عادی مجرمان اور عدالتی مفروروں کی گرفتاری کے لیے مؤثر کارروائیاں کرنے والی پولیس ٹیموں کو شاباش دی

سوراب جی ٹی اے بی کا اجلاس، آر ٹی ایس ایم کی مبینہ بے ضابطگیوں اور محکمہ تعلیم کی کارکردگی پر تحفظات

بعض اوقات ہنگامی حالات میں پیشگی اطلاع دینے کے باوجود اساتذہ کو غیر حاضر ظاہر کر کے کرونیک کرنے کی کوشش کی جاتی ہے

سوراب (پ ر) گورنمنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن بلوچستان ضلع سوراب کا اہم اجلاس ضلعی صدر علی احمد ریکی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ضلعی عہدیداران، تحصیل صدور اور جنرل سیکریٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس میں تعلیمی نظام، اساتذہ کو درپیش مسائل اور محکمہ تعلیم کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے شرکا نے آر ٹی ایس ایم کے مبینہ نامناسب رویے، خصوصاً خواتین اساتذہ سے متعلق شکایات اور حاضری رپورٹس میں مبینہ بے ضابطگیوں پر تشویش کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بعض اوقات ہنگامی حالات میں پیشگی اطلاع دینے کے باوجود اساتذہ کو غیر حاضر ظاہر کر کے کرونیک کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ جی ٹی اے بی نے واضح کیا کہ وہ نہ ماضی میں کرونیک کی حمایت کرتی رہی ہے

مریم نواز کا سنکیانگ میں چینی ڈیری کمپنی کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ

وزیراعلیٰ نے پرتپاک خیر مقدم کرنے پر پارٹی سیکرٹری ہی ژونگ یو کا شکریہ ادا کیا، شن جیانگ کے پارٹی سیکرٹری اور پولیٹیکل کمشنر ہی ژونگ یو کی دور اندیش قیادت کو سراہا

مریم نواز کی کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی 150 سال تقریب پر مبارکباد، پاک چائنہ تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے پر بھی مبارکباد پیش کی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شین جیانگ وایغور خودمختار علاقائی کمیٹی اور پارٹی سیکرٹری اور پروڈکشن اینڈ کنسٹرکشن کورپس (XPCC) کے پولیٹیکل کمشنر ہی ژونگ یو سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پرتپاک خیر مقدم کرنے پر پارٹی سیکرٹری ہی ژونگ یو کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے چین کے صوبہ شین جیانگ کے پارٹی سیکرٹری اور پولیٹیکل کمشنر ہی ژونگ یو کی دور اندیش قیادت کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی 150 سال تقریب پر مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پاک چائنہ تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے پر بھی مبارکباد پیش کی۔ پنجاب اور شین جیانگ صوبوں کے درمیان اقتصادی ترقی اور تعاون کے فروغ پر بات چیت ہوئی۔ ملاقات میں میڈیکل، ایگریکلچر، اکانومی اور بزنس امور سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ عوامی سطح (پیپل ٹو پیپل) پر ایکسچینج پروگرام پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ پاکستانی طلباء کیلئے آن لائن ٹیکنیکل معاونت کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ پنجاب اور شین جیانگ کے درمیان زراعت، صنعت، ٹیکنالوجی اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کا عزم کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے واٹر ایفی شینٹ، ڈرپ اریگیشن اور عمدہ بیج سے پانی کی کمی کا شکار علاقوں میں بہتر فصل کیلئے باہمی اشتراک کار کی پیشکش کی۔ قحط زدہ اور خشک علاقوں میں جدید سائنٹیفک طریقہ کار سے پانی کی کمی پوری کرنے کیلئے چین کے تجربات سے مستفید ہونے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہی ژونگ یو کو ارمچی میں چھٹے بین الاقوامی میڈیا ٹور کے اقدام کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کو پاکستان کی فوڈ باسکٹ ہونے کا قابل قدر اعزاز حاصل ہے۔ موثر اقدامات اور گورننس سے غربت اور محرومی کا ازالہ ہو رہا ہے۔ آبی ذخائر کے تحفظ کیلئے پنجاب کے مختلف علاقوں میں چین کے اشتراک سے پائلٹ پراجیکٹ شروع کیے جا سکتے ہیں۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے کہا کہ قابل تجدید انرجی سیکٹرز ہماری ترجیحات میں شامل ہیں۔ پنجاب کے تعلیمی اداروں میں ٹیکنیکل ایجوکیشن کو فروغ دیا جا رہا ہے۔

پمز ہسپتال اتوار کو معمول کے مطابق مکمل فعال رکھنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پمز ہسپتال اسلام آباد کو اتوار کے روز بھی معمول کے مطابق مکمل فعال رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پمز ہسپتال کی انتظامیہ اور اکاؤنٹس برانچ اتوار کو معمول کے مطابق کام کرے گی، اس حوالے سے سرکلر جاری کر دیا گیا۔ سرکلر ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر انیزہ جلیل کی منظوری سے جاری کیا گیا ہے۔ سرکلر کے مطابق تمام متعلقہ افسران اور عملہ مقررہ اوقاتِ کار کے دوران اپنی حاضری یقینی بنائیں گے۔ بغیر اجازت غیر حاضری، غفلت یا حکم کی عدولی پر سخت تادیبی کارروائی کی

ڈی آئی جی ساؤتھ کا ڈیفنس میں خواتین کے جھگڑے کی وائرل ویڈیو پر انکوائری کا فیصلہ

ایس ایس پی انویسٹی گیشن ساؤتھ توحید الرحمان معاملے کی انکوائری کریں گے، ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا

کراچی (این این آئی) ڈیفنس چھوٹا بخاری کے علاقے میں واقع رہائشی عمارت میں دو خواتین کے درمیان جھگڑے کی ویڈیو وائرل ہونے کے معاملے پر ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا نے انکوائری کرانے کا فیصلہ کر لیا۔ ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا کے مطابق مقدمے کے اندراج کی وجوہات اور کیس کے حقائق کی مکمل چھان بین کی جائے گی جبکہ ایس ایس پی انویسٹی گیشن ساؤتھ توحید الرحمان معاملے کی انکوائری کریں گے۔ تفتیشی پولیس کے مطابق واقعے کے مقدمے کا چالان تاحال جمع نہیں کرایا گیا جبکہ مقدمے سے چھینا جھپٹی اور چوری کی دفعات خارج کر دی گئی ہیں، پولیس حکام کے مطابق مقدمے کے اندراج میں جانبداری سامنے آئی تو ملوث افراد اور متعلقہ اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں نظر آنے والا سادہ لباس اہلکار مبینہ طور پر کورنگی پولیس کا اہلکار ہے، تاہم انکوائری کے دوران فوٹیج میں نظر آنے والے پولیس اہلکاروں سے بھی پوچھ گچھ کی جائے گی۔



لورالائی، اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم عوامی مسائل پر منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

ماتلی میں دوسری سالانہ تبسم مصطفیٰ ﷺ کانفرنس کا انعقاد

کانفرنس میں ماتلی اور ٹنڈو محمد خان سے تعلق رکھنے والے نعت خوانوں نے بارگاہ رسالت ﷺ میں نعتیہ کلام پیش کیا

ماتلی (رپورٹ) ماتلی میں تحریک انصار المسلمین پاکستان اور مرکزی میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام دوسری سالانہ تبسم مصطفیٰ ﷺ کانفرنس خلافتِ راشدہ چوک پر منعقد کی گئی۔ جس میں ماتلی سمیت گرد و نواح اور مختلف شہروں سے بڑی تعداد میں عوام نے شرکت کی۔ کانفرنس میں ماتلی اور ٹنڈو محمد خان سے تعلق رکھنے والے نعت خوانوں نے بارگاہ رسالت ﷺ میں نعتیہ کلام پیش کیا۔ کانفرنس کے میزبان علامہ محمد مٹھل کرمی نے سندھ کی روایتی ثقافت کو اجاگر کرتے ہوئے معزز مہمانوں کو اجرک اور پھولوں کے تحائف پیش کیے۔ کانفرنس سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے حضرت علامہ مولانا پیر کرم اللہ المعروف پیر دلبر سائیں نے کہا کہ حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذاتِ اقدس پوری انسانیت کے لیے کامل نمونہ اور رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ پر عمل ہی دنیا و آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی زندگیوں میں عشقِ رسول ﷺ، محبت، اخوت، بھائی چارے، برداشت اور حسنِ اخلاق کو فروغ دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں نوجوان نسل کو اسلامی تعلیمات اور سیرتِ رسول ﷺ سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے

پنجاب پولیس کا اشتہاری اور عادی مجرمان، عدالتی مفروروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس نے سنگین جرائم میں مطلوب اشتہاری و عادی مجرمان اور عدالتی مفروروں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا، رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں کارروائیوں کے دوران ایک لاکھ 16 ہزار سے زائد اشتہاری مجرمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق گرفتار ہونے والے اشتہاری مجرمان میں اے کیٹگری کے 29 ہزار جبکہ بی کیٹگری کے 87 ہزار سے زائد ملزمان شامل ہیں۔

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب بنگلزئی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تاریخی شاہجہان مسجد میں پہلی مرتبہ ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد

علمائے کرام، معززین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) تاریخی شاہجہان مسجد میں پہلی مرتبہ ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد۔ ضلعی انتظامیہ ٹھٹھہ کی جانب سے تاریخی شاہجہان مسجد میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون عمران الحق، اسسٹنٹ کمشنر ٹھٹھہ شاکر فہیم، مختلف سرکاری محکموں کے افسران، علمائے کرام، معززین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ یہ پہلا موقع تھا کہ کسی ڈپٹی کمشنر کی جانب سے تاریخی شاہجہان مسجد میں سیرتِ النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کے موقع پر شاہی خاندانی خطیب جامع مسجد شاہجہان، مفتی محمد شاکر صدیقی نے معزز مہمانانِ گرامی کا پرتپاک استقبال کیا اور سیرتِ طیبہ ﷺ کے موضوع پر محبت، عقیدت اور خلوص پر مبنی فکر انگیز خطاب کیا۔ اس موقع پر سائیں عبدالقیوم نعیمی نے ولولہ انگیز خطاب کرتے ہوئے سیرتِ رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات، آپ ﷺ کی حیاتِ مبارکہ کے مختلف پہلوؤں اور ان پر عمل کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ سائیں عبدالہادی صدیقی نے خوبصورت انداز میں نعتِ رسولِ مقبول ﷺ پیش کی، جس سے محفل روحانی کیفیت سے سرشار ہوگئی۔ تاجر رہنما حاجی وسیم اختر میمن نے کانفرنس کی نظامت کے فرائض انجام دیے اور پروگرام کو احسن انداز میں آگے بڑھایا۔ کانفرنس کے اختتام پر ملک و قوم کی سلامتی، ترقی، خوشحالی، امن و استحکام اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا کی گئی اور شرکا میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت نے شرکا سے ملاقات کی اور ان کی شرکت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت مبارکہ ہمارے لیے زندگی کے ہر شعبے میں رہنمائی کا بہترین ذریعہ ہے۔ آپ ﷺ نے عدل، انصاف، رواداری، برداشت، مساوات اور انسانیت سے محبت کا درس دیا، جس پر عمل کر کے معاشرے میں امن اور بھائی چارے کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیرت النبی ﷺ کو صرف تقریبات اور محافل تک محدود رکھنے کے بجائے اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا، ہمیں چاہیے کہ ہم حضور اکرم ﷺ کے اسوہ حسنہ کی روشنی میں اپنے کردار کو بہتر بنائیں اور معاشرے میں محبت، احترام، برداشت اور خدمتِ خلق کے جذبے کو فروغ دیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تاریخی مسجد شاہجہان میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد ایک بابرکت اور قابلِ تحسین اقدام ہے، جس سے شہریوں بالخصوص نوجوان نسل کو سیرتِ طیبہ کے پیغام کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی ترغیب ملتی ہے۔ شرکا نے تاریخی شاہجہان مسجد میں سیرتِ النبی ﷺ کانفرنس کے انعقاد کو خوش آئند، بابرکت اور قابلِ تحسین اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ تاریخی و مذہبی اہمیت کی حامل اس مسجد میں ایسی علمی و دینی تقریبات کا انعقاد نئی نسل کو سیرتِ رسول اکرم ﷺ سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے مستقبل میں بھی ایسی بابرکت اور علمی و دینی تقریبات کے انعقاد کی امید ظاہر کی۔

پنجاب میں معیاری اور قابلِ رسائی ہیلتھ کیئر نظام کی تشکیل کیلئے حکومت پر عزم ہے، خواجہ سلمان رفیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ایکسپو سنٹر میں منعقدہ ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن سمٹ 2026 میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین، پروفیسر ڈاکٹر راشد لطیف خان، پروفیسر ڈاکٹر محمود ایاز، سی ای او پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی ڈاکٹر علی رزاق، پروفیسر ڈاکٹر ابرار اشرف، ڈاکٹر صباحت خان، وائس چانسلرز، طبی اداروں کے سربراہان، ہسپتالوں کے سی ای اوز، ہیلتھ کیئر پروفیشنلز، ریگولیٹرز، انڈسٹری اور ٹیکنالوجی کے نمائندے، بین الاقوامی شراکت دار، بیرونِ ملک مقیم پاکستانی ارکان، محققین، ہمارے نوجوان ڈاکٹرز، نرسز اور ہیلتھ کیئر پروفیشنلز موجود تھے

بہاولنگر، 3 روز قبل لاپتہ ہونے والے نوجوان کی کنویں سے لاش برآمد

بہاولنگر (این این آئی) بہاولنگر سے 3 روز قبل لاپتہ ہونے والے نوجوان کی چولستان میں تنگ کنویں سے لاش برآمد ہوئی۔ واقعہ کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچی، ریسکیو ٹیموں نے بھی موقع پر پہنچ کر لاش کو تنگ کنویں سے نکالا، ٹربین نما تنگ کنویں سے لاش نکالنے میں شدید مشکلات پیش آئیں۔ پولیس حکام نے بتایا کہ نوجوان کے اغوا کا مقدمہ بھی والد کی مدعیت میں درج کیا

حب۔ پہلا آل حب لسبیلہ بھوتانی کارواں T20 کرکٹ ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میچ کے کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

پنجاب، سرکاری ہسپتالوں میں نیونیٹولوجی سیٹ اپ کیلئے نئے ایس او پیز کی تیاری

یونیورسٹی چائلڈ ہیلتھ سائنسز کے پروفیسر ڈاکٹر مسعود صادق ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے کنوینر، پروفیسر خواجہ احمد عرفان وحید شریک کنوینر مقرر

لاہور (این این آئی) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن پنجاب نے صوبے کے تمام سرکاری، ٹیچنگ اور ٹرشری کیئر ہسپتالوں میں نرسری اور نیونیٹولوجی سیٹ اپ کیلئے معیاری آپریٹنگ طریقہ کار (ایس او پیز) کا جائزہ لینے اور انہیں تیار کرنے کے لیے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ تشکیل دینے کی منظوری دے دی۔ جاری اعلامیے کے مطابق یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مسعود صادق ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے کنوینر جبکہ چلڈرن ہسپتال لاہور کے ریٹائرڈ پروفیسر آف نیونیٹولوجی پروفیسر خواجہ احمد عرفان وحید شریک کنوینر ہوں گے۔ ٹیکنیکل ورکنگ گروپ میں ڈائریکٹر جنرل نرسنگ مس طاہرہ پروین، پرنسپل گوجرانوالہ میڈیکل کالج پروفیسر ہارون حامد، ایگزیکٹو ڈائریکٹر چلڈرن ہسپتال ملتان پروفیسر ڈاکٹر کاشف چشتی، پروفیسر آف پیڈیاٹرک میڈیسن خواجہ محمد صفدر میڈیکل کالج سیالکوٹ پروفیسر مدثر حسین، نیونیٹولوجسٹ اور جنرل سیکرٹری پی پی اے پنجاب ڈاکٹر کلیم اختر ملہی، قائداعظم میڈیکل کالج بہاولپور کے ایسوسی ایٹ پروفیسر نیونیٹولوجی ڈاکٹر محمد انوار، چلڈرن ہسپتال لاہور کے اسسٹنٹ پروفیسر نیونیٹولوجی ڈاکٹر مظہر قدیر خان، بائیومیڈیکل انجینئر عرفان حیدر اور ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ (ریسکیو 1122) کے نمائندے شامل ہوں گے۔

کراچی، کورنگی میں اکھاڑے گئے 70 سال پرانے درختوں کو واپس لگانے کا عمل شروع

کراچی (این این آئی) کورنگی نمبر 6 میں واقع کربلا گراؤنڈ میں اکھاڑے گئے 70 سال پرانے درختوں کو واپس لگانے کا عمل شروع ہوگیا، قبضہ مافیا کی جانب سے 70 سے 80 سال پرانے درختوں کو اکھاڑ دیا گیا تھا۔ اسلام آباد اور کراچی کی غیر سرکاری تنظیمیں مشترکہ طور پر درختوں کو واپس لگائیں گی۔ سیو دی ٹریز کے سربراہ خواجہ مظہر اقبال نے کہا کہ 9 برگد اور پیپل کے درختوں کے تنے اور جڑیں تازہ اور صحیح حالت میں ہیں، برگد اور پیپل کے درخت سخت جان ہوتے ہیں۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
Mobile: 0336-6113760
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
اتوار 30 اگست 2026، بمطابق 16 ربیع الاول 1448ھ

اسٹیٹ بینک سمیت ریگولیٹرز کی تنخواہیں خود بڑھانے پر پابندی کی تجویز

حکومت کی اجازت سے فیس بڑھائی جاتی ہے تو تنخواہوں کیلئے بھی حکومت کی منظوری ہو، چیئرمین قائمہ کمیٹی خزانہ

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے دیگر ریگولیٹری باڈیز میں تنخواہوں میں اضافے کا اسٹرکچر بھی طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے اسٹیٹ بینک، ایس ای سی پی، پی ایم ڈی یو سمیت ریگولیٹرز کی تنخواہیں خود بڑھانے پر پابندی کی تجویز دے دی ہے اور ریگولیٹری باڈیز میں تنخواہوں میں اضافے کا اسٹرکچر بھی طلب کرلیا۔ جمعرات کو سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس چیئرمین کمیٹی سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیرصدارت منعقد ہوا، جس میں قائمہ کمیٹی خزانہ کی جانب سے اسٹیٹ بینک، ایس ای سی پی، پی ایم ڈی یو سمیت ریگولیٹرز کی تنخواہیں خود بڑھانے پر پابندی کی تجویز دی گئی ہے۔ کمیٹی نے وزارت خزانہ کو تجاویز تیار کرنے کی ہدایت کر دی ہے اور کہا کہ تنخواہوں میں خود سے اضافہ روکنے کے لیے ایس ای سی پی ایکٹ میں ترامیم کی تجاویز تیار کی جائیں، خودمختار ادارے اپنی مرضی سے تنخواہیں بڑھانے کے بجائے وفاقی کابینہ سے منظوری لیں۔ کمیٹی کی رکن انوشے رحمان نے کہا کہ ایس ای سی پی، اسٹیٹ بینک، پی ایم ڈی یو سمیت خودمختار باڈیز مرضی سے تنخواہ نہ بڑھائیں، حکومت کی منظوری سے فیسیں اور لائسنسنگ فیس بڑھا کر مرضی سے تنخواہ بڑھانا جائز نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی بینک، سیکیورٹی ایکسچینج اینڈ کمیشن آف پاکستان خود سے تنخواہیں بڑھاتے ہیں، جبکہ تنخواہ میں اضافے کی منظوری صدر دیں اور ریگولیٹر خود منظور کریں یہ درست نہیں ہے۔ اس موقع پر چیئرمین ایس ای سی پی عاکف سعید نے کہا کہ لوگ کتنی تنخواہ چھوڑ کر گئے اور کتنی تنخواہ پر آئے مارکیٹ سروے کیا ہے، مارکیٹ سروے کے مطابق ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا گیا ہے۔ سینیٹ قائمہ کمیٹی خزانہ نے دیگر ریگولیٹری باڈیز میں تنخواہوں میں اضافے کا اسٹرکچر بھی طلب کرلیا ہے اور چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ حکومت کی اجازت سے فیس بڑھائی جاتی ہے تو تنخواہوں کیلئے بھی حکومت کی منظوری ہو۔ کمیٹی نے تجویز دی کہ خود تنخواہیں بڑھانے والے ریگولیٹرز کے لیے قانون سازی کر کے کیپ لگایا جائے۔ انوشہ رحمان نے کہا کہ فیسز اور لائسنسنگ چارجز سگ وصول رقم فیڈرل کنسولیڈیٹڈ فنڈز میں جمع کرانی چاہیے۔ چیئرمین سی سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے بریفنگ میں بتایا کہ کمیشن نے گزشتہ سال عدالتوں میں فعال پیروی کے نتیجے میں زیر التوا مقدمات کی تعداد 567 سے کم کرکے 280 کردی ہے اور اسی عرصے میں عدالتوں کے فیصلوں کے ذریعے 41 کروڑ روپے کے جرمانے ریکور کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ کارٹلز کے خلاف 14 فیصلے سنائے گئے جن کے تحت ایک ارب روپے سے زائد کے جرمانے عائد ہوئے۔ کمیشن نے کمیٹی کو بتایا کہ کارٹلز اور اجارہ داری کے غلط استعمال کی 20 جبکہ گمراہ کن مارکیٹنگ کی 18 انکوائریاں مکمل کی گئیں، مارکیٹ انٹیلی جنس یونٹ نے 193 ممکنہ کیسز کی نشاندہی کی ہے۔ علاوہ ازیں مرجر اینڈ ایکویزیشن کی 117 منظوریوں سے 29 ارب روپے کی غیرملکی سرمایہ کاری پاکستان میں آئی۔ سیکرٹری قانون راجا نعیم نے کمیٹی کو بتایا کہ کمیشن کے سپریم کورٹ میں زیر سماعت 200 مقدمات میں سے 167 مقدمات، جن میں کمپٹیشن کمیشن کے دائرہ کار کو چیلنج کیا گیا ہے، سپریم کورٹ نے کلب کر کے آئینی بینچ کو بھجوا دیا ہے اور امید ہے کہ اس مقدمے کی سماعت ستمبر میں ہو جائے گی۔ کمیٹی کے اراکین نے کمپٹیشن کمیشن کے سیمنٹ اور شوگر کے سیکٹر میں کارٹلائزیشن کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایت کی۔

سندھ گورنمنٹ اسپتال لیاقت آباد، نائٹ شفٹ آپریشن کا سلسلہ بحال

53 سالہ نعیم احمد ہنسلی کی ہڈی کا کامیاب آپریشن سرجن مطیع اللہ اور انکی ٹیم نے کیا

کراچی (این این آئی) سندھ گورنمنٹ اسپتال لیاقت آباد میں نائٹ شفٹ میں مریضوں کے آپریشن کیے جانے کا سلسلہ بحال ہوگیا، موجودہ ایم ایس ڈاکٹر عتیق الرحمٰن قریشی اور انکی ٹیم اسپتال میں مریضوں کو ہر سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ گورنمنٹ اسپتال لیاقت آباد میں نائٹ شفٹ تو موجود تھی لیکن آپریشن کیے جانے کا سلسلہ موقوف تھا

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے وفد ملاقات کررہا ہے

پاکستان میں گندم کی قلت کا کوئی خدشہ نہیں، وفاقی وزیر غذائی تحفظ

گندم کی دستیابی 33.47 ملین میٹرک ٹن ہے، قومی ضرورت 33.58 ملین میٹرک ٹن ہے، 0.11 ملین میٹرک ٹن کا معمولی فرق ہے، وفاقی وزیر

صوبائی سطح پر کسی بھی قسم کی کڑی اور غیرضروری پالیسی سازی، پنجاب میں، منڈی میں خوف و ہراس پھیلانے اور صورتحال کو بگاڑنے کا سبب بن سکتی ہے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق، رانا تنویر حسین نے کسانوں کے مفادات کے تحفظ اور گندم کی منڈی کے استحکام کے ذریعے غذائی خودکفالت کو یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ پاکستان میں گندم کی قلت کا کوئی خدشہ نہیں۔ انہوں نے آٹھویں ویٹ بورڈ کے اجلاس کی صدارت کی جس میں ملک میں گندم کی طلب و رسد کی صورتحال اور رابی سیزن 2025-26 کے لیے اہم زرعی اجناس کی دستیابی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اپنے خطاب میں وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے بتایا کہ ملک میں گندم کی دستیابی 33.47 ملین میٹرک ٹن ہے جبکہ قومی ضرورت 33.58 ملین میٹرک ٹن ہے، یوں صرف 0.11 ملین میٹرک ٹن کا معمولی فرق سامنے آتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ کمی نہایت معمولی ہے اور ملک میں گندم کے ذخائر کے حوالے سے کسی قسم کی تشویش کی ضرورت نہیں۔ وزیر نے یہ بھی دوٹوک اعلان کیا کہ موجودہ حالات میں پاکستان گندم درآمد نہیں کرے گا کیونکہ موجودہ ذخائر ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح مقامی کسانوں کے مفادات کا تحفظ ہے، نہ کہ منڈیوں یا بیوپاریوں کا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ یوریا اور دیگر زرعی اجناس کی وافر فراہمی آئندہ رابی سیزن کے لیے یقینی بنا دی گئی ہے تا کہ کاشتکاروں کو بیج بونے میں کسی مشکل کا سامنا نہ ہو۔ مزید برآں انہوں نے اطمینان دلایا کہ عالمی سطح پر کھادوں کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود حکومت نے ملک میں کھادوں کی قیمتوں کو سختی سے کنٹرول میں رکھا ہے تا کہ پیداوار کی لاگت کسانوں کی دسترس میں رہے۔ رانا تنویر حسین نے متنبہ کیا کہ صوبائی سطح پر کسی بھی قسم کی کڑی اور غیر ضروری پالیسی سازی، بالخصوص پنجاب میں، منڈی میں خوف و ہراس پھیلانے اور صورتحال کو بگاڑنے کا سبب بن سکتی ہے۔

یوٹیلٹی اسٹورز بندش، اثاثے رواں مالی سال فروخت کرنے کی منظوری

1971 میں قائم ہونے والی یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن ایک سرکاری ادارہ تھا جس کا مقصد کم آمدنی والے گھرانوں کو رعایتی نرخوں پر بنیادی اشیائے ضروریہ فراہم کرنا تھا

ملک بھر میں چار ہزار سے زائد ریٹیل آؤٹ لیٹس کے ذریعے کام کر رہا تھا، یہ ادارہ جولائی کے آخر میں باضابطہ طور پر بند ہوگیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن آف پاکستان (یو ایس سی) کی باقاعدہ بندش کو یقینی بنانے کے لیے 30 ارب 21 کروڑ روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ کی منظوری دی۔ 1971 میں قائم ہونے والی یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن ایک سرکاری ادارہ تھا جس کا مقصد کم آمدنی والے گھرانوں کو رعایتی نرخوں پر بنیادی اشیائے ضروریہ فراہم کرنا تھا، اور یہ ملک بھر میں چار ہزار سے زائد ریٹیل آؤٹ لیٹس کے ذریعے کام کر رہا تھا، یہ ادارہ جولائی کے آخر میں باضابطہ طور پر بند ہوگیا تھا۔ حکومت کے فنانس ڈویژن کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی صدارت میں ہوا جس میں ای سی سی نے یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن کی بندش کیلئے 30 ارب 21 کروڑ کی ضمنی گرانٹ منظور کی دیدی۔ یہ گرانٹ یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن کے قومی خزانے پر طویل عرصے سے بوجھ ڈالنے والے مالی مسائل کو ذمہ داری کے ساتھ حل کرنے کا ایک بڑا قدم ہے، اور اس سے ادارے کی بندش سے متاثر ہونے والے ملازمین کے مفادات کا بھی تحفظ کیا گیا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ حکومت، ملازمین کو ان کے واجبات کی ادائیگی، معاوضہ اور بقایاجات کی منظوری کے ذریعے یہ یقینی بنا رہی ہے کہ انہیں ان کا حق ملے، جس سے یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن کی بندش کے سماجی اور معاشی اثرات کو کم کیا جاسکے۔ ای سی سی نے فیصلہ کیا کہ وزارت صنعت و پیداوار، یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن کی بندش کے لیے درکار مالی ضروریات کو مزید منظم کرے گی۔ کہا گیا کہ یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن کے اثاثے، جن میں جائیدادیں بھی شامل ہیں، موجودہ مالی سال کے دوران فروخت کیے جائیں گے تا کہ بندش کے اخراجات کو جزوی طور پر فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی سے پورا کیا جاسکے۔

تخفیف غربت ڈویژن کی آڈٹ رپورٹس میں 96 ارب کی بے ضابطگیوں کا انکشاف

نو ماہ تک کسی مستحق کے اکاؤنٹ میں سرگرمی نہ ہو تو رقم واپس بھیج دی جاتی ہے، سیکرٹری بی آئی ایس پی کی وضاحت

اسلام آباد (جی این ایم) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں تخفیف غربت ڈویژن کی تین سالہ آڈٹ رپورٹس میں 96 ارب روپے کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ ذیلی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت معین عامر وٹو نے کی، جس میں مالی بے قاعدگیوں پر سخت سوالات اٹھائے گئے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق بی آئی ایس پی کے 2 لاکھ 97 ہزار مستفیدین کے اکاؤنٹس میں چھ ماہ تک کوئی مالی سرگرمی نہیں ہوئی جبکہ اس دوران 7 ارب روپے سے زائد کی رقم بینک اکاؤنٹس میں غیر فعال پڑی رہی اور ڈی کریڈٹ نہیں کی گئی حیران کن طور پر اس غفلت پر بینکوں پر کوئی جرمانہ بھی عائد نہیں کیا گیا۔ سیکرٹری بی آئی ایس پی نے وضاحت دی کہ یہ معاملہ کورونا وبا کے دوران پیش آیا، تاہم اب پالیسی میں تبدیلی کی گئی ہے اور اگر نو ماہ تک کسی مستحق کے اکاؤنٹ میں سرگرمی نہ ہو تو رقم واپس بھیج دی جاتی ہے کمیٹی کے اجلاس میں ارکان نے نشاندہی کی کہ کئی معمر خواتین رقم نکلوانے کے لئے خود نہیں جاسکتیں، اس لیے زمینی حقائق کو مدنظر رکھ کر پالیسیاں ترتیب دی جائیں۔ کمیٹی نے مزید غور کیلئے اس معاملے کو فی الحال موخر کر دیا رپورٹ 2020-21، 2021-22 اور 2022-23 کے مالی حسابات سے متعلق تھیں دوسری جانب ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے

راولپنڈی، پنجاب انتظامیہ کی طرف سے آفت زدہ علاقوں میں کھانا پہنچایا جا رہا ہے

پنجاب بھر میں 1222 ٹریفک حادثات

میں 06 افراد جاں بحق 1401 زخمی

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1222 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 551 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 850 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (77 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔

ثقافت کے ذریعے ہم نفرت کو ختم اور اتحاد کو فروغ دے سکتے ہیں، قائمہ کمیٹی

اگر ایک صوبے کے ثقافتی پروگرام دوسرے صوبے میں منعقد کئے جائیں تو عوام ایک دوسرے کی روایات کو بہتر طور پر سمجھ سکیں گے، چیئرمین نوشین افتخار

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ و ثقافت نے کہا ہے کہ ثقافت کے ذریعے ہم نفرت کو ختم اور اتحاد کو فروغ دے سکتے ہیں، اگر ایک صوبے کے ثقافتی پروگرام دوسرے صوبے میں منعقد کئے جائیں تو عوام ایک دوسرے کی روایات کو بہتر طور پر سمجھ سکیں گے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ و ثقافت کا اجلاس وزارت قومی ورثہ و ثقافت میں سیدہ نوشین افتخار کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ کمیٹی کی چیئرپرسن سیدہ نوشین افتخار نے کہا کہ ہمارے بچوں کو اپنی ثقافت اور ورثے سے جوڑنے کی اشد ضرورت ہے، نئی نسل کا اپنی ثقافتی روایات اور قومی تشخص سے وابستہ رہنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ بچوں کو اپنے قومی رہنماؤں سے روشناس کرایا جائے اور صوبوں کے درمیان ثقافتی تبادلے کے پروگراموں کو مزید فروغ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ثقافت کے ذریعے ہم نفرت کو ختم اور اتحاد کو فروغ دے سکتے ہیں، اگر ایک صوبے کے ثقافتی پروگرام دوسرے صوبے میں منعقد کئے جائیں تو عوام ایک دوسرے کی روایات کو بہتر طور پر سمجھ سکیں گے۔ چیئرپرسن کمیٹی نے بچوں کی اردو زبان کی تعلیم پر مزید توجہ دینے پر بھی زور دیا اور کہا کہ نئی نسل کو قومی زبان سے دور نہیں ہونا چاہیے۔ وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کمیٹی ارکان کو خوش آمدید کہا اور وزارت کی کارکردگی پر بریفنگ دی۔

عدالتیں کرپشن کا حصہ، کونسا جج کرپٹ، اچھی طرح جانتا ہوں، جسٹس محسن اختر

اِس عدالت نے لین دین کے مقدمہ میں قیمت کے تعین کا حکم دیا تھا عملدرآمد نہیں ہوا

ڈپٹی کمشنر کو نہیں پتہ کہ اُن کا کون آدمی کرپٹ ہے؟ میں جانتا ہوں ہمارا کونسا جج کرپٹ ہے، جسٹس محسن کیانی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں وفاقی دارالحکومت میں پٹواریوں کی خالی نشستوں پر بھرتیوں سے متعلق درخواست کی سماعت میں جسٹس محسن اختر کیانی نے سخت ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈپٹی کمشنر کو نہیں پتہ کہ اُن کا کون آدمی کرپٹ ہے؟ جانتا ہوں ہمارا کون سا جج کرپٹ ہے، مجھے سب پتہ ہے کہ اداروں میں پیسے کیسے بٹورے جاتے ہیں، ان کا بس چلے تو یہ رشوت کو قانونی طور پر لاگو کردیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں جسٹس محسن اختر کیانی کی عدالت میں کیس کی سماعت کے دوران پٹوار خانوں میں کرپشن اور رشوت ستانیوں کی تفصیلات پر مشتمل رپورٹ جمع کرادی گئی، رپورٹ میں بتایا گیا کہ پٹواریوں نے منشی رکھے ہوئے ہیں، کرپشن اور رشوت لی جاتی ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے کہا کہ ہم نے رپورٹ دی ہے اور اِن مسائل کے حل کو بھی یقینی بنائیں گے، جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا کہ آپ کی رپورٹ آگئی ہے، میں نے دیکھ لی، یہ حال ہے، مجھے سب پتہ ہے کہ اداروں میں پیسے کیسے بٹورے جاتے ہیں۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے استفسار کیا کہ ڈپٹی کمشنر کو نہیں پتہ کہ اُن کے ادارے میں کون آدمی کرپٹ ہے؟ میں اچھے طریقے سے جانتا ہوں کہ ہمارا کونسا جج کرپٹ ہے، ان کا بس نہیں چلتا نہیں تو یہ رشوت کو قانونی طور پر لاگو کردیں۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا کہ اِس عدالت نے لین دین کے مقدمہ میں قیمت کے تعین کا حکم دیا تھا عملدرآمد نہیں ہوا، چیف کمشنر اور ڈپٹی کمشنر آرڈر پر عملدرآمد کیوں نہیں کروا رہے ہے؟ ڈپٹی کمشنر اس نظام کا حصہ ہے اور سارا دن جو کچھ ہوتا ہے مجھے پتہ ہے، میں چیف کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کو عدالت بلا کر دو منٹ میں قانون سکھا دوں گا، میرے آرڈر پر عملدرآمد نہیں ہوتا تو چیف کمشنر اور ڈی سی عدالت پیش ہوں۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے اسٹیٹ کونسل عبدالرحمن نے مکالمہ کرتے ہوئے کہا

پاکستان کا غزہ میں نسل کشی روکنے کیلئے سلامتی کونسل سے فوری اقدام کا مطالبہ

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے غزہ میں نسل کشی روکنے کیلئے سلامتی کونسل سے فوری اقدام کا مطالبہ کیا ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے خطاب میں کہا کہ غزہ میں بڑے پیمانے پر قتل، بے دخلی، قحط اور تباہی جاری ہے، اسرائیل فلسطینیوں کی سرعام نسل کشی کر رہا ہے۔ عاصم افتخار نے کہا کہ اسرائیلی اقدامات بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی ہیں، دنیا براہِ راست قتلِ عام دیکھ رہی ہے، سلامتی کونسل کو اپنے چارٹر کے مطابق اقدام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا تاخیر کو معاف نہیں کرے گی، تاریخ خاموشی کو یاد رکھے گی

پاکستان سالانہ 30 لاکھ زیتون کے پودے لگانے کی صلاحیت حاصل کر رہا ہے، رپورٹ

مختلف ممالک سے زیتون کی 86 اقسام کی اسکریننگ کر کے 22 کو تجارتی استعمال کے لیے منتخب کیا ہے،

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے زیتون کے پودوں کی پیداوار میں خود کفالت حاصل کر لی ہے جو مقامی نرسریوں کے ذریعے سالانہ 30 لاکھ پودے تیار کرنے کی صلاحیت کے ساتھ ہے سینٹر آف ایکسیلنس فار اولیو ریسرچ اینڈ ٹریننگ چکوال کے پرنسپل سائنسدان ڈاکٹر رمضان نے بتایا کہ پاکستان، جو پہلے ہر سال 700,000 سے 800,000 زیتون کے پودے درآمد کرتا تھا، اب ملکی وسائل کے ذریعے طلب کو پوری طرح پورا کر سکتا ہے ہم نے پروٹوکول تیار کیے ہیں، نجی نرسریوں کو سہولت فراہم کی ہے اور کاشتکاروں کے لیے معیاری پودوں کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کو نجی شعبے کو منتقل کیا ہے انہوں نے کہا کہ ہم نے مختلف ممالک سے زیتون کی 86 اقسام کی اسکریننگ کی ہے اور 22 کو تجارتی استعمال کے لیے منتخب کیا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے عالمی معیار کی انواع کاشت کی ہیں جن میں یونانی کورونیکی، اطالوی کوراتینا اور فرانٹویو اور ہسپانوی آربیکوینا اور مانزانیلا شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال ہم کارکردگی کا جائزہ لیتے ہیں اور کسانوں کے لیے بہترین آپشنز دستیاب کراتے ہیں کاشتکاروں کے لیے تعاون پر روشنی ڈالتے ہوئے ڈاکٹر رمضان نے کہا کہ یہ ادارہ کسانوں کی رہنمائی اور تربیت کے لیے مختلف کلسٹرز میں ایگریکلچر گریجویٹس کو جگہ دے گا،

رات 12 بجے کے بعد ریسٹورنٹس کھلے رکھنے پر کارروائی کی جائے، کینال روڈ سے درخت کاٹنے پر پابندی، لاہور ہائی کورٹ

ییلو لائن پراجیکٹ کے تحت درختوں کی ممکنہ کٹائی پر شدید تحفظات کا اظہار، کینال روڈ سے درخت کاٹنے پر عدالتی اجازت لازم قرار

عوامی صحت کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کرینگے، عدالت نے جوہر ٹاؤن کے علاقہ میں میاواکی کی طرز پر درخت لگانے کی بھی تجویز دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے رات 12 بجے کے بعد ریسٹورنٹس کھولنے والوں کے خلاف کارروائی کا حکم دے دیا، عدالت نے ییلو لائن پراجیکٹ کے تحت درختوں کی ممکنہ کٹائی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے ڈی جی پی ایچ اے کو تنبیہ کی اور کینال روڈ سے درخت کاٹنے پر عدالتی اجازت لازم قرار دے دی جبکہ عدالت نے جوہر ٹاؤن کے علاقہ میں میاواکی کی طرز پر درخت لگانے کی بھی تجویز دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سموگ تدارک سے متعلق ہارون فاروق اور دیگر کی جانب سے دائر درخواستوں پر سماعت کی، جس میں محکمہ ماحولیات سمیت متعلقہ اداروں کے افسران عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت عدالت نے کینال روڈ پر درختوں کی کٹائی کے حوالے سے سخت پابندیاں عائد کردیں اور کہا کہ عدالت کی اجازت کے بغیر کوئی درخت نہیں کاٹا جائے گا۔ عدالت نے ڈی جی پی ایچ اے کے بیان پر بھی سخت تنقید کی اور کہا کہ اگر پی ایچ اے نے درخت کاٹے تو اس کا لائسنس منسوخ کر دیا جائے گا، عدالت نے پی ایچ اے کے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے واضح کیا کہ وہ ییلو لائن پروجیکٹ کے خلاف نہیں بلکہ اس منصوبے پر انڈیپینڈنٹ کنسلٹنٹ مقرر کرنے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے کہا کہ کینال کو بطور ورثہ ڈکلیئر کیا جا چکا ہے اور اس حوالے سے سپریم کورٹ کے فیصلے بھی موجود ہیں۔ عدالت نے جوہر ٹاؤن کے علاقے میں میاواکی کی طرز پر درخت لگانے کی بھی تجویز دی۔ عدالت نے سوال کیا کہ اسموگ ایمیشن اینالائزر مشین کا افتتاح کیوں نہیں ہوا۔ جس پر سرکاری وکیل نے بتایا کہ کچھ وجوہات کی بنا پر تاخیر ہوئی ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ ماحولیاتی آلودگی کے خلاف موثر اقدامات نہ کرنے والے افسران کی کوئی گنجائش نہیں اور عوامی صحت کے تحفظ کے لیے عدالت ہر ممکن اقدام کرے

راولپنڈی، لڑکی سے اجتماعی زیادتی، دونوں مجرمان کو عمر قید کی سزا

مجرمان کی سزایابی پر سی پی او سید کی ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور تفتیشی ولیگل ٹیموں کو شاباش

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث 15 سالہ لڑکی سے اجتماعی زیادتی کرنے والے دونوں مجرمان کو عمر قید، 5/5 لاکھ روپے جرمانے اور 5/5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق مجرم محمد حسیب کو عمر قید، 5 لاکھ روپے جرمانہ اور 5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سجاول کو عمر قید، 5 لاکھ روپے جرمانہ اور 5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی، واقعہ کا مقدمہ جنوری 2025 تھانہ کینٹ میں درج کیا گیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں سنائیں۔

صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر کا سیلاب متاثرہ علاقوں کا دورہ، ریسکیو آپریشن کی براہِ راست نگرانی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر نے لاہور کے سیلاب سے شدید متاثرہ علاقوں کا ہنگامی دورہ کیا اور ریسکیو و ریلیف آپریشن کی براہِ راست نگرانی کی۔ صوبائی وزیر نے شیر بنگال لیبر کالونی اور ملحقہ علاقوں میں انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور عوام کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے اقدامات کا معائنہ کیا۔ ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا

خیبر پختونخوا، مقدمات جلد نمٹانے کے لئے جوڈیشل افسران کو ٹائم لائنز جاری

نیشنل جوڈیشل پالیسی کمیٹی نے مقدمات کو بروقت نمٹانے کے لیے ٹائم لائنز مرتب کر دی ہیں

پشاور (این این آئی) ہائیکورٹ نے مختلف نوعیت کے مقدمات جلد نمٹانے کے حوالے سے صوبے کے تمام جوڈیشل افسران کو مراسلہ جاری کر دیا۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ نیشنل جوڈیشل پالیسی کمیٹی نے مقدمات کو بروقت نمٹانے کے لیے ٹائم لائنز مرتب کر دی ہیں، جس کے مطابق مختلف فوجداری مقدمات نمٹانے کے لیے 12، 18 اور 24 ماہ کی مدت مقرر کی گئی ہے جب کہ کم عمر ملزمان (جوینائل کیسز) اور لیبر مقدمات کو 6 ماہ کے اندر نمٹانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ اسی طرح زمین سے متعلق تنازعات کے مقدمات کے لیے 6 سے 24 ماہ کی ٹائم لائن مقرر کی گئی ہے۔ وراثتی اور پبلک ریونیو کیسز کو ایک سال میں مکمل کرنے کا کہا گیا ہے جب کہ فیملی اور رینٹ مقدمات کو 6 ماہ کے اندر نمٹانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ مزید یہ کہ سکسیشن سرٹیفکیٹ صرف 2 ماہ میں جب کہ کنٹریکٹ انفورسمنٹ کیسز 18 ماہ میں مکمل کرنے کا ٹائم لائن دیا گیا ہے

اورکزئی، دیور نے گھریلو رنجش پر بھابھی کو قتل کردیا

کوہاٹ (این این آئی) قبائلی ضلع اورکزئی کی وسطی تحصیل میں دیور نے گھریلو رنجش پر بھابھی کو فائرنگ کرکے قتل کردیا۔ پولیس نے چند گھنٹوں کے اندر ہی ملزم کو حراست میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق جمعرات کے روز لوئر تحصیل میں پولیس اسٹیشن مشتی کی حدود میں ایک شخص نے گھریلو تنازع پر اپنی بھابی پر فائرنگ کردی جس کی زد میں آکر وہ جاں بحق ہوگئی۔

سڑکوں سے متعلق مسائل کے بروقت حل کے لئے خصوصی عوامی شکایتی نظام بھی شروع کردیا، میئر کراچی

شہر کے انتظامی معاملات کو مزید شفاف بنا دیا، ترقیاتی منصوبوں، بجٹ اور سڑکوں کی بحالی کی مکمل تفصیلات کے ایم سی کی سرکاری ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

کراچی (این این آئی) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں سے متاثرہ شہر کی سڑکوں اور اسٹریٹ لائٹس کی مرمت و بحالی کا کام آئندہ 60 روز میں مکمل کرلیا جائے گا، ہر ڈسٹرکٹ کے لئے الگ کنٹریکٹر ہے، پیر سے کام شروع کرنے جا رہے ہیں، شفافیت کے لئے آفیشل ویب سائٹ پر تمام تفصیلات درج کردی ہیں جسے روزمرہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ کیا جائے گا، کے ایم سی نے شہر کے انتظامی معاملات کو مزید شفاف بنایا ہے اور ترقیاتی منصوبوں، بجٹ اور سڑکوں کی بحالی کے عمل کی مکمل تفصیلات اپنی سرکاری ویب سائٹ پر شائع کی ہیں، سڑکوں سے متعلق مسائل کو بروقت حل کرنے کے لئے ایک خصوصی عوامی شکایتی نظام بھی شروع کیا گیا ہے، شہری کے ایم سی کے زیر انتظام 106 سڑکوں کے حوالے سے اپنی شکایات 1339 پر درج کرا سکتے ہیں، میں، ڈپٹی میئر اور دیگر متعلقہ حکام خود ہونے والی کارروائی کی نگرانی کریں گے، توقع ہے کہ ٹاؤنز انتظامیہ اور کے ڈی اے بھی اسی طرح اپنے فرائض منصبی کی تفصیلات اور کئے جانے والے کاموں کو عوام الناس کے سامنے لائے گی تا کہ شہریوں کو علم ہو سکے کہ کہاں کس کی ذمہ داری ہے اور کون کام کر رہا ہے، بلدیہ عظمیٰ کراچی کے زیر انتظام سڑکوں کی بلا اجازت کھدائی کرنے والوں کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے گی

ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی نے کراچی کا بیڑہ غرق کر دیا ہے، نعیم الرحمن

پیپلزپارٹی کراچی دشمنی ترک کرے، 2001ء کا بااختیار بلدیاتی نظام نافذ کیا جائے‘

حکومت سیلابی صورت حال سے نمٹنے کے لیے ہنگامی اقدامات کرے، امیر جماعت اسلامی کی کراچی میں پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے ایران کے دوروزہ دورے سے واپسی پر ادارہ نورحق میں پریس کانفرنس سے خطاب میں کراچی کی ابتر حالت، شہریوں کے سنگین مسائل، سندھ حکومت و قابض میئر کی نااہلی و بدانتظامی، کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلزپارٹی کراچی دشمن رویہ ترک کرے، کراچی کے بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنانے کے لیے 2001ء کا بلدیاتی نظام نافذ اور اسے آئینی تحفظ دیا جائے، اختیارات نچلی سطح تک منتقل کیے جائیں، بیوروکریسی کو منتخب بلدیاتی اداروں کے ماتحت اور مالیات وانتظامی اختیارات دیے جائیں، عوامی مسائل کے حل کے لیے پورے ملک میں بااختیار بلدیاتی نظام ہونا چاہیے، پنجاب اور اسلام آباد میں بھی بلدیاتی انتخابات نہیں کرائے جا رہے اور کے پی کے میں بھی سارے اختیارات بیوروکریسی کے پاس ہیں، جماعت اسلامی کراچی کے ساڑھے تین کروڑ عوام کے جائز و قانونی حقوق کے حصول کے لیے اتوار 31 اگست کو پریس کلب تا گورنر ہاؤس ”حقوق کراچی مارچ“ کر رہی ہے، کراچی کے عوام طلباء، ڈاکٹرز، اساتذہ، علمائے کرام، انجینئرز، صنعتکاروں، مزدور و تاجروں سمیت ہر طبقے کے افراد مارچ میں بھرپور شرکت کریں۔ پورے ملک میں سیلابی صورتحال انتہائی تشویش ناک ہے، بھارت کی آبی جارحیت کا عالمی برادری کو نوٹس لینا چاہیے، سیلابی صورتحال میں حکومت پنجاب، این ڈی ایم اے، پی ڈی ایم اے کو ہنگامی بنیادوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے جس طرح کے پی کے میں جماعت اسلامی اور الخدمت فاؤنڈیشن کے رضا کاروں نے اپنی خدمات پیش کیں، ہم پنجاب میں بھی متاثرین کی ہر طرح کی مدد کریں گے

بلوچستان میں حوالہ ہنڈی کے مرتکب 6 ملزمان گرفتار، کروڑوں کی کرنسی برآمد

1.7 ملین ایرانی ریال، 4470 افغانی کرنسی، 3 لاکھ روپے، 1000 اماراتی درہم، 51 ہزار جاپانی ین اور 101 امریکی ڈالر برآمد

کوئٹہ / راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان میں کارروائیوں کے دوران حوالہ ہنڈی اور غیرقانونی کرنسی ایکسچینج چلانے والے چھ ملزمان کو گرفتار کرکے 1.7 ملین ایرانی ریال، 4470 افغانی کرنسی، 3 لاکھ پاکستانی روپے، 1000 اماراتی درہم، 51 ہزار جاپانی ین اور 101 امریکی ڈالر برآمد کر لیے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ڈی جی ایف آئی اے رفعت مختار راجہ کی ہدایت پر حوالہ ہنڈی اور غیرقانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث نیٹ ورکس کے گرد گھیرا تنگ کر دیا گیا، ایف آئی اے بلوچستان زون نے بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں محمد ذکریا، ندا محمد، نذر جان، سعید خان، محمد یوسف اور عتیق محمد شامل ہیں۔ ملزمان کو کوئٹہ اور چمن کے مختلف علاقوں سے گرفتار کیا گیا۔

رحیم یار خان، ڈپٹی کمشنر خرم پرویز کو سیلابی صورتحال پر بریفنگ دی جا رہی ہے

ڈی پی او سوات محمد عمر خان کا احسن اقدام، سیلاب سے متاثرہ پولیس اہلکاروں میں امدادی چیکس تقسیم کردیئے

سوات (این این آئی) ڈی پی او سوات محمد عمر خان نے حالیہ سیلاب میں متاثر ہونے والے 10 سے زائد پولیس اہلکاروں کو اپنے دفتر بلا کر ان میں امدادی چیکس تقسیم کیے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سوات پولیس ہمیشہ اپنے جوانوں اور ان کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

ملک میں سیلابی صورتحال سے مالی دباؤ اور غذائی سپلائی متاثر ہونے کا خدشہ

جولائی میں مہنگائی معتدل رہی، اگست میں 5 فیصد تک جانے کا تخمینہ ہے، وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں سیلابی صورتحال سے مالی دباؤ اور غذائی سپلائی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ وزارت خزانہ کے ماہانہ اکنامک اپ ڈیٹ آؤٹ لک رپورٹ کے مطابق جولائی میں مہنگائی معتدل رہی، اگست میں 5 فیصد تک جانے کا تخمینہ ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق جولائی میں مہنگائی 4.1 فیصد اور جون میں 3.2 فیصد تھی، گزشتہ سال اگست میں مہنگائی کی سالانہ شرح 9.6 فیصد ریکارڈ کی گئی، سرمایہ کاری سہولت اور نجی شعبہ ترقی کے لیے حکومتی اقدامات جاری ہیں۔

چکی کے تیار کردہ آٹے کی قیمت میں مزید 5 روپے اضافہ

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں آٹا چکی مالکان نے ایک کلو چکی کے تیار کردہ آٹے کی قیمت میں مزید 5 روپے اضافہ کر دیا ہے جس سے اس کی فی کلو قیمت 130 روپے سے بڑھ کر 135 روپے ہوگئی ہے نئی قیمت کا اطلاق فوری طور پر ہوگیا ہے

صوابی، گیس لوڈشیڈنگ کیخلاف صارفین سراپا احتجاج بن گئے

مشران کا غیرقانونی لوڈشیڈنگ بند نہ کرنے پر جہانگیرہ روڈ بند کرنے کا اعلان

صوابی (این این آئی) ضلع صوابی میں گیس کی لوڈشیڈنگ کے خلاف صارفین سراپا احتجاج بن گئے اور اعلان کیا کہ گیس کے غیرقانونی ناروا لوڈشیڈنگ بالکل برداشت نہیں کیا جائے گا اس سلسلے میں اصلاحی جرگہ پنج پیر کے مشران نے ایکسین شاہ عالم کے ساتھ بات چیت کرنے کی کوششیں کی جس کے جواب میں ایکسین شاہ عالم نے کہا کہ پنج پیر کوئی گاؤں ہی نہیں نہ میں پنج پیر کو گاؤں مانتا ہوں۔ مشران نے واضح کیا کہ اگر غیر قانونی لوڈشیڈنگ آئندہ کی گئی تو مجبوراً گاؤں والے جہانگیرہ روڈ کو بند کردینگے، قانونی لوڈشیڈنگ قبول ہے

حامد رضا کی نااہلی، صاحبزادہ حسن رضا سنی اتحاد کونسل کے قائم مقام چیئرمین مقرر

انٹراپارٹی ضمنی الیکشن تک صاحبزادہ حسن رضا قائم مقام چیئرمین رہیں گے، الیکشن کمیشن

اسلام آباد (این این آئی) صاحبزادہ حسن رضا کو سنی اتحاد کونسل کا قائم مقام چیئرمین مقرر کردیا گیا۔ سربراہ سنی اتحاد کونسل صاحبزادہ حامد رضا کی نااہلی کے بعد الیکشن کمیشن کی جانب سے صاحبزادہ حسن رضا کو سنی اتحاد کونسل کا قائم مقام چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔ صاحبزادہ حسن رضا کو سنی اتحاد کونسل کے آئین کے مطابق قائم مقام چیئرمین مقرر کیا گیا ہے اور الیکشن کمیشن نے صاحبزادہ حسن رضا کے قائم مقام چیئرمین مقرر کیے جانے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق انٹرا پارٹی ضمنی الیکشن تک صاحبزادہ حسن رضا قائم مقام چیئرمین رہیں گے۔

خیبر پختونخوا اسمبلی کی صحت سے متعلق قائمہ کمیٹی کا اجلاس

ڈاکٹروں کی کمی کو پورا کیا جائے اور دوسالہ تبادلوں کی پالیسی وضع کی جائے، کمیٹی کی ہدایت

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی کی صحت سے متعلق قائمہ کمیٹی کا اجلاس کمیٹی کے چیئرمین و رکن صوبائی اسمبلی مشتاق احمد غنی کی زیرصدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاونِ خصوصی برائے جیل خانہ جات ہمایون خان اور اراکین صوبائی اسمبلی عبیدالرحمٰن، اعجاز خان، تاج محمد خان ترند، شیلا بانو، صوبیہ شاہد، عبدالسلام، شیر علی آفریدی، رحانہ اسماعیل اور اکرام اللہ غازی نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ صحت سے متعلق مختلف امور زیر بحث آئے۔ کمیٹی نے ہدایت دی کہ ڈاکٹروں کی کمی کو پورا کیا جائے اور دوسالہ تبادلوں کی پالیسی وضع کی جائے تا کہ ایسے ڈاکٹرز جو پانچ سے دس سال سے ایک ہی مقام پر تعینات ہیں ان کا تبادلہ کر کے کسی قسم کی اجارہ داری کو روکا جاسکے۔ کمیٹی نے کہا کہ جنرل کیڈر کے ڈاکٹروں کو مینجمنٹ کیڈر کی آسامیوں پر تعینات نہ کیا جائے۔

راولپنڈی، رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب کا فوکل پرسن پولیو عظمیٰ کاردار، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حسن وقار چیمہ کے ہمراہ پولیو مہم کا افتتاح کررہی ہیں

اسلام آباد، ڈی آئی جی محمد جواد طارق اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری میں عوامی شکایات سن رہے ہیں

Daily BOLAN HUB Balochistan روزنامہ بولان حب بلوچستان

موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

زرا نم ہوتو

مختلف حلقوں میں یہ بحث سننے کو ملتی ہے کہ پاکستان میں کچھ نہیں رکھا، اس ملک سے نکل جا، تباہی مقدر ہے، روزگار نہیں ہے اس ملک میں حلال کمائی کا کوئی امکان نہیں ہے، وغیرہ وغیرہ۔ لیکن دوسری طرف بھی بہت مضبوط دلائل ہیں اور ٹھوس وجوہات ہیں کہ اس ملک میں بہت کچھ ہی نہیں سب کچھ ہے، یہاں قدرت بھی مہربان ہے اور جغرافیہ بھی محفوظ ہے، آبادی کی قوت بھی ہے اور جوانوں کی قوت بھی ہے ہر طرح کا ٹیلنٹ موجود ہے غرض!

ذرا نم ہو تو یہ مٹی بہت زرخیز ہے ساقی

کے مصداق یہاں سب کچھ ہے اور سب کے لیے ہے، حتیٰ کہ یہاں کچھ نہیں ہے کہنے والے جب بیرون ملک کی پرتعیش زندگی میں شادیاں کرتے ہیں، تو سامان خریدنے پاکستان آتے ہیں، دانت نکلوانے بنوانے ہوں تو پاکستان آتے ہیں، کوئی آپریشن کرانا ہوتو پاکستان کا رخ کرتے ہیں، بلکہ مرکر دفن بھی پاکستان میں ہونا چاہتے ہیں لیکن یہاں کچھ نہیں رکھا۔ ہاں! ناانصافیاں ناہمواریاں، کرپشن، طاقتور کی حکمرانی اور کمزور کے نصیب میں رگڑے ضرور ہیں اور یہ سارے ظلم کرنے والے بھی لوٹ مار کے لیے اسی ملک کو منتخب کرتے ہیں، ذرا امریکا، کینیڈا، برطانیہ یا کسی یورپی حتیٰ کہ عرب ملک میں فراڈ کر کے تو دیکھیں نہ سفارش چلے گی نہ دھونس، جو قانون کی گرفت میں آیا وہ پھنس گیا، اکا دکا استثنا کے ساتھ۔

ان دونوں پہلوؤں کے علاوہ ایک پہلو یہ بھی ہے کہ حکومتی اداروں میں صرف نااہلی نہیں ہے ان کے اہلکار، افسر اور کل پرزے سب اپنے کام میں بڑے طاق ہیں۔ بس ان کا رخ اس جانب نہیں جس طرف ان کو متعین کیا جاتا ہے، مثال کے طور پر سرکار کے اداروں میں سب سے نچلی سطح پر بلدیات ہیں، بلدیات کا بنیادی کام بنیادی سہولیات پانی وغیرہ کی فراہمی، صفائی ستھرائی وغیرہ ہے لیکن اس سے متعلق اہلکار سڑکوں پر پتھاروں کو جگہ دیکر ان سے اس کے عوض رقم اینٹھ لیتے ہیں، اگر وہ تجاوزات کا موقع ہی نہ دیں اور رشوت نہ لیں تو راستے کشادہ رہ سکتے ہیں۔

یہاں صرف ان کی صلاحیت کا معاملہ نہیں ہے، بلکہ پوری مشینری بہت باصلاحیت ہے بس رخ الٹ ہے، ان کا کام یہ ہے کہ تلاش کریں کہاں کہاں رکاوٹ، تجاوزات اور خرابیاں ہیں، لیکن وہ اتنی ہی محنت سے بلکہ اس سے زیادہ صلاحیت لگا کر وہ مقامات تلاش کرتے ہیں کہ کہاں کہاں، تجاوزات قائم کی جاسکتی ہیں،، اسی طرح ٹیکس وصولی ہے ان میں ٹیکس وصولی کی صلاحیت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ وہ ناجائز بھتہ باقاعدگی سے بروقت وصول کر کے اس کے تمام حقداروں تک پوری ایمانداری سے پہنچاتے ہیں۔

پھر ان اداروں کی نگرانی پر مامور ادارے ہیں جو اتنی ہی محنت کرتے ہیں جتنی کرنی چاہیے لیکن اپنا حصہ وصول کرنے کے لیے کرتے ہیں اور کامیابی سے حصہ وصول کرتے ہیں، اگر آگے چلیں تو منتخب ادارے ہیں کونسلرز، ٹاؤن چیئرمین وغیرہ اور مزید اوپر میئر ڈپٹی میئر وغیرہ ہیں، اور پھر سرکاری مشینری اشرافیہ، وزرا وغیرہ، جتنے بھی نچلے اہلکار ہیں وہ سب بتاتے ہیں کہ ہم تو کارندے ہیں جو کچھ ملتا ہے یعنی لوگوں سے جو بھتے لیتے ہیں وہ سب اوپر پہنچاتے ہیں، بہر حال یہ اہلکار اتنے بھی ایماندار اور مصلے پر بیٹھے نہیں ہیں کہ سارے ہی پیسے ایمانداری سے اوپر پہنچا دیں اتنی محنت کرتے ہیں کچھ تو محنتانہ وصول کرتے ہونگے، پیدل کروڑ پتی بن گئے۔ یادش بخیر ایک ڈرامے خدا کی بستی میں جیب کتروں کا سردار شاہ جی، نوشہ کی جانب سے کچھ پیسے مار لینے پر کہتا ہے کہ ہمارے دھندے میں ایمانداری سے کام ہوتا ہے، لیکن اب اس دھندے میں بھی ایمانداری ختم ہوگئی ہے۔

دے کے رشوت چھوٹ جا، کے مصداق بچ بھی جاتے ہیں اور مزید کماتے بھی جاتے ہیں۔

ملک میں امن وامان کی ذمے دار پولیس ہے، لوگ پولیس سے شاکی ہیں لیکن کیا پولیس کام نہیں کرتی؟ نااہل ناکارہ ہے اسے کچھ معلوم نہیں، ایسا بھی نہیں ہے، ایوب خان کے زمانے کا ایک لطیفہ ہے کہ دنیا بھر کے پولیس سربراہ ایک کانفرنس میں جمع تھے، سوال یہ زیر بحث تھا کہ کسی جرم کے بعد کس ملک کی پولیس کتنی دیر میں سراغ لگا لیتی ہے، امریکی پولیس سربراہ نے بتایا کہ ہم چوبیس سے اڑتالیس گھنٹوں میں سراغ لگا لیتے ہیں، دیگر ممالک کے افسروں نے بتایا کہ دو سے تین دن میں، اسکاٹ لینڈ یارڈ نے بتایا کہ چوبیس گھنٹے میں، پاکستانی پولیس سربراہ نے سب کو یہ کہہ کر حیران کر دیا کہ ہم سے چوبیس گھنٹے قبل معلوم کرلیں کہ کہاں کیا واردات ہونے والی ہے، اور یہ لطیفہ یونہی کسی کی ذہنی اختراع نہیں ہے، اب تو ہر آنے والے دن یہ لطیفہ حقیقت بن کر سامنے آرہا ہے، کئی جرائم میں پولیس ہی ملوث نکلی اور اب تو کئی پولیس والے سزائیں بھی پاچکے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہماری پولیس بھی نااہل اور نالائق نہیں، گزشتہ برسوں میں سندھ پولیس اور خصوصاً کراچی پولیس من پسند مجرموں کو بچانے کے لیے غلط معلومات بھی فراہم کرتی رہی ہے۔ یعنی آتا سب کچھ ہے کرتی کچھ نہیں، اور یہی پولیس بھتوں کے معاملے میں دو نمبری میں بھی ید طولی رکھتی ہے۔ پورے ملک میں رشوت اور ناجائز آمدنی کا سارا کاروبار اسی پولیس کے بل پر چل رہا ہے،

خدمت، دیانت وامانت کے علمبردار مولوی

خیبر پختونخوا میں کلاؤڈ برسٹ، طوفانی بارشیں اور سیلابی ریلے کتنے ہلاکت خیز تھے اس کو ضبط تحریر میں لانا ناممکن ہے، بڑوں کی شفقت اور بچوں کی محبتوں سے بھرے گھروں میں رہنے والے کھلے آسمان تلے پڑے نصرت الٰہی کے منتظر ہیں۔ ہم قیامت صغریٰ اور اس کی تباہ کاریوں پر لکھ چکے ہیں آج امدادی سرگرمیوں اور بحالی کے لیے ہونے والے اقدامات اور اس مہم کے دوران منظر عام پر نئے آنے والے قومی ہیروز پر لکھیں گے۔

اللہ رب العزت نے ہمیں ہر حال میں صبر اور شکر کی تلقین کی ہے، سب کو اللہ تعالیٰ کی مرضی اور فیصلے پر راضی رہنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں مگر متاثرین کی بحالی ایک صبر آزما امتحان ہے۔ مگر یہ امتحان صرف متاثرین کے لیے نہیں ریاست، صاحب حیثیت اور آسودہ حال پاکستانی شہریوں کے لیے بھی ہے۔

اللہ رب العزت کبھی لے کر تو کبھی دے کر آزماتا ہے۔ میرے مرشد ومربی باباجان فرماتے تھے اپنی مخلوق سے ستر ماں سے زیادہ پیار کرنے والے خالق حقیقی کی رضا تک پہنچنے کا آسان ترین راستہ مخلوق کی خدمت ہے۔ مجھ سمیت کوئی یہ نہ سمجھے کہ ہم سیلاب سے بچ گئے تو ہماری نجات ہوگئی۔ جب تک ہم صرف خالق حقیقی کی رضا کی خاطر اس کی مخلوق کی بحالی میں اپنی استطاعت کے مطابق حصہ نہیں ڈالیں گے ہم دین و دنیا کے خطرات سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔

بلاشبہ اللہ کی گرفت بہت شدید ہے اور اس سے بچنے کے لیے اگر اللہ کا دیا ہوا سب کچھ صدقہ کردیں تو سودا پھر بھی بہت سستا ہے۔ شکر الحمدللہ اس آفت ومصیبت کی گھڑی میں بہت سے فلاحی ادارے اور ہزاروں کی تعداد میں عوام الناس امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں، امدادی سرگرمیوں میں حسب سابق پاک فوج کی خدمات قابل تحسین وقابل تقلید ہیں۔

مگر خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت کی نااہلی اور شرمناک کارکردگی پوری قوم کے لیے لمحہ فکریہ ہے مگر ان پر ماتم کرنا وقت کا ضیاع ہے اس لیے آج ہم ان قابل تحسین وتقلید کرداروں اور ہیروز کی بات کریں گے جو صرف رضائے خالق کی خاطر مخلوق کی خدمت کر رہے ہیں۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن، خدائی خدمت گار اور دوسرے کئی مقامی فلاحی اداروں کے رضا کار دن رات امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ مگر علما کرام اور مدارس دینیہ کے طلبا نے جو حیران کن اور معجزاتی کردار ادا کیا اس کو ضبط تحریر میں لانا مشکل نہیں ناممکن ہے۔ بونیر کے عوام کے دلوں پر راج کرنے والے جمعیت علمائے اسلام ضلع بونیر کے امیر مفتی فضل غفور خدمت، امانت و دیانت کا استعارہ بن کر سامنے آچکے ہیں۔ وہ اس قیامت صغریٰ میں سب سے پہلے میدان عمل میں آئے اور آج تک اپنے آپ کو متاثرین کی بحالی کے لیے وقف کر رکھا ہے۔ شہدا کی لاشوں کو ملبے سے نکالنے، نماز جنازہ وتدفین کے ساتھ مساجد، متاثرین کے گھروں، حجروں، دکانوں، بازاروں اور رستوں سے ملبہ ہٹانے میں اپنے کارکنان وطلبا کے شانہ بشانہ مصروف ہیں۔

اس لیے خلق خدا ان کی خدمات کے معترف ہیں۔ ایک طرف وہ متاثرین کے سروں پر دست شفقت رکھ کر ان کا سہارا بنے، تو دوسری طرف امدادی سرگرمیوں کو منظم رکھنے کے لیے ہمہ وقت موجود ہیں۔ انھوں نے مدارس کے طلبا سے اپیل کی تو خیبر پختونخوا کے سیکڑوں مدارس کے ہزاروں طلبا ان کی قیادت میں کام کرنے کے لیے پہنچ گئے اور پورے علاقہ میں بلاتفریق مذہب وسیاست صفائی کر کے علاقہ کا نقشہ بدل ڈالا جس پر اپنے پرائے سب ان کے معترف ہیں متاثرین میں مفتی صاحب کے سیاسی مخالفین بھی ان کو اپنا محسن ماننے پر مجبور اور ماضی کی مخالفت پر نادم ہیں۔

صرف متاثرہ علاقوں میں نہیں پورے ملک میں مفتی فضل غفور عزم وہمت، دیانت وامانت کا استعارہ بن چکا ہے۔ ملکی اور بین الاقوامی تنظیموں نے ان کی خدمات کو سراہا اور شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ مفتی صاحب کے ساتھ انصار الاسلام کے رضا کار، جمعیت علمائے اسلام کے راہنما اور کارکنان شانہ بشانہ دن رات دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں، مدارس کے طلبا مساجد، گھروں، حجروں، دکانوں، بازاروں، گلی کوچوں اور سڑکوں سے کیچڑ اور ملبہ ہٹانے، متاثرین کو کھانا کھلانے، بیماروں کے لیے فوری دوائیوں کا بندوبست کرنے میں مصروف ہیں۔

ہر بندہ و تنظیم اپنی استطاعت سے بڑھ کر کام کر رہے مگر یہ حقیقت ہے کہ جے یو آئی کے علاوہ کوئی سیاسی جماعت بحیثیت جماعت سرگرم اور متحرک نظر نہیں۔ مفتی صاحب نے چھوٹے کاروباری متاثرین کے لیے کاروبار شروع کرنے، جن کے رکشے سیلاب میں بہہ گئے ان کے لیے رکشے اور مزدوروں کے ہاتھ ٹرالیاں لینے کا اعلان کر دیا ہے۔

کیونکہ اس سانحہ کے فوراً بعد مولانا فضل الرحمٰن نے اپنی جماعت کے ہر کارکن کو امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ہدایت کی تھی۔ یہ صرف بونیر کی کہانی نہیں ہر متاثرہ علاقے میں مولوی اور مدارس کے طلبا نے قابل تحسین وتقلید مثالیں قائم کیں، ضلع صوابی میں مولانا فضل باقی، مولانا ابراہیم مظہری، مولانا تاج نبی خان مظہری جیسے علما کرام کی قیادت وراہنمائی میں دینی مدارس کے طلبا سب پر سبقت لے گئے۔ مدارس کے طلبا اور علما نے خدمت امانت ودیانت کی بے نظیر مثالیں قائم کیں، صفائی کے دوران لاکھوں روپے کے ملنے والے طلائی زیورات متاثرین کو واپس کیے۔ اگر تعصب کی عینک اتار کر دکھی انسانیت کی خدمت میں دینی مدارس کا موازنہ لاکھوں عصری علوم کے سرکاری اور غیر سرکاری اداروں سے کریں تو دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔

عصری علوم کے تعلیمی اداروں میں پڑھنے والے لاکھوں طلبا میں ان ارب پتی والدین کے بچے بھی شامل ہیں

سنت یہ بھی ہے

ربیع الاول کا مہینہ شروع ہو چکا ہے اس مہینے کو مسلمان عقیدت واحترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اس میں چراغاں ہوتا ہے جلوس نکلتے ہیں فیرنی تقسیم کی جاتی ہے اور میلاد کی محفلیں ہوتی ہیں یہ سب درست ہے ہمیں یہ کرنا چاہیے کیوں کہ یہ مہینہ پوری انسانیت کے لیے اہم ہے ہمارے نبی ﷺ اس مہینے دنیا میں تشریف لائے تھے اور ہمارے نبیؐ صرف مسلمانوں کے لیے نہیں بلکہ یہ پوری انسانیت کے لیے رحمت بن کر آئے۔

اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کی آمد کو انسانوں کے لیے اپنا احسان قرار دیا ہے آپؐ انسانیت کے لیے کتنا بڑا احسان ہیں ہمیں یہ سمجھنے کے لیے قبل از اسلام اور بعد کی تاریخ کا مطالعہ کرنا ہوگا حضور ﷺ کی رحمت کسی خاص وقت اور قوم کے لیے نہیں تھی آپؐ ہر دور اور ہر قوم کے لیے رحمت ہیں اللہ تعالیٰ نے کچھ قوموں کو ایمان کی دولت سے محروم رکھا لیکن اس کے باوجود یہ بھی اس تبدیلی اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات سے بلاواسطہ فیض حاصل کرنے میں کامیاب رہیں کیوں؟ اور کیسے؟ ان قوموں نے رسول اللہ ﷺ کا صرف تعلیم کا پیغام لے لیا۔

دنیا میں اسلام سے قبل تعلیم کی اہمیت افادیت اور اسے حاصل کرنے کی ترغیب اتنی شدت سے کہیں نہیں ملتی ہمارے نبی ﷺ کی نبوت کی زندگی کا آغاز ہی پڑھنے کے حکم سے ہوا تھا آپ ﷺ نے تعلیم کے ساتھ شعور وآگاہی کی تحریک شروع کی ہر مسلمان پر تعلیم حاصل کرنا فرض قرار دیا مسلمانوں کو لکھنا پڑھنا سکھانے کے لیے غیر مسلموں سے مدد حاصل کی۔

عین جنگ کے موقع پر اور بعد میں تعلیم پر پوری توجہ دی اور ایک عظیم انقلاب برپا کر دیا دنیا کی جن قوموں اور ملکوں نے ظہور اسلام کے بعد تعلیم کو ریاست مدینہ کی طرح ترجیح اول بنایا وہ دیکھتے ہی دیکھتے دنیا کی امامت کرنے لگیں آپ کو اگر یقین نہ آئے تو میں ماضی قریب کی تاریخ میں سے صرف دو ملکوں کی تاریخ آپ کے سامنے رکھتا ہوں آپ کو اس سے ترقی کا راستہ مل جائے گا۔

1950 کی دہائی میں جنوبی کوریا دنیا کا غریب ترین ملک تھا کوریا کی جنگ نے سب کچھ تباہ کر دیا تھا۔ گاں اجڑ گئے شہر کھنڈر بن گئے کارخانے ختم ہوگئے اور عوام کے پاس کھانے کے لیے کچھ نہ تھا بچے بھوک سے روتے تھے اور مائیں ان کو تسلی دیتی تھیں لیکن یہ ان سے کھانے کا وعدہ نہیں کرسکتی تھیں کوریا میں ایک طرف یہ صورت حال تھی اور دوسری طرف اس ملک کے پاس تیل تھا گیس تھی۔

سونا اور نہ ہی دوسرے قدرتی وسائل تھے لہٰذا ان کے پاس بھوک غربت اور مایوسی کے سوا کچھ نہیں تھا اس زمانے میں دنیا بھر کے ماہرین کا خیال تھا یہ ملک زیادہ دیر تک قائم نہیں رہ سکے گا لیکن پھر ان ابتر حالات میں کوریا کی لیڈر شپ نے عجیب فیصلہ کیا انھوں نے قوم کو بتایا ہمارے پاس زمین کم ہے اور وسائل بھی نہیں ہیں ہمارے پاس انڈسٹری اور زراعت کا بھی سوال پیدا نہیں ہوتا ہمارے پاس صرف بچے ہیں یہ ہمارا کل اثاثہ ہیں اور ہم اگر ان کو پڑھا دیں تو ہم اور ہمارا ملک ترقی کی لائین میں کھڑا ہو جائے گا لہٰذا ہمیں صرف تعلیم پر فوکس کرنا ہوگا حکومت نے اس کے بعد ملک میں ایک تحریک چلادی ہر بچہ اسکول جائے گا امیر ہو یا غریب تعلیم حاصل کرنا ضروری ہوگا۔

اساتذہ کو تربیت دی گئی اور تعلیم کا نظام سخت اور معیاری بنادیا گیا اس کے بعد حکومتیں بدلتی رہیں لیکن پالیسی نہ

تحریر: جاوید چوہدری

بدلی سیاست کے رنگ بدلتے رہے لیکن یہ فیصلہ مستقل رہا اور اس فیصلے نے کوریا کی قسمت بدل دی وہ بچے بڑے ہوئے تعلیم نے ان کی سوچ بدل دی یہ محنتی اور نظم وضبط کے پابند ہوگئے۔

1980 کی دہائی میں صرف 30 سالوں میں کوریا کی شرح خواندگی 100 فیصد ہوگئی ان بچوں نے آگے جا کر سام سنگ ہنڈائی اور ایل جی جیسے برینڈ متعارف کروائے اور یہ برینڈ ہمارے گھروں اور ہاتھوں تک پہنچ گئے آپ جب یہ سطور پڑھ رہے ہوں گے تو عین ممکن ہے سام سنگ کا موبائل آپ کے ہاتھ میں ہو یا آپ کے گھر میں ایل جی کی اسکرین نصب ہو اور آپ ان پر یہ سطریں پڑھ رہے ہوں یہ ہے کورین حکومت کے وژن کا نتیجہ آج جنوبی کوریا دنیا کی 10 بڑی معیشتوں میں شامل ہے اور یہ صرف اور صرف تعلیم کی دین ہے۔

آپ اب سنگاپور کی کہانی سنیے یہ 1965 کی بات ہے ملائیشیا سے ایک چھوٹا سا جزیرہ الگ ہوا دنیا اسے ماہی گیروں کی بستی کہتی تھی وہاں صنعت تھی نہ وسائل اور نہ معیشت۔ بے روزگاری کا یہ عالم تھا نوجوان ہاتھوں میں کشتیوں کی رسیاں پکڑ کر پورا دن گاہکوں کا انتظار کرتے رہتے تھے لیکن انھیں کام نہیں ملتا تھا لیکن پھر ایک رہنما ان کی رہنمائی کے لیے آگے بڑھا اور اس نے نئی نسل کو تعلیم اور ہنر سے جوڑنے کا فیصلہ کیا۔

اس نے کہا ہمیں کوئی وسائل بیرونی امداد اور زمین نہیں چاہیے ہمیں صرف تعلیم بچائے گی اس نے نئی زبانیں سیکھنے پر زور دیا نظام تعلیم کو میرٹ کی بنیاد پر قائم کیا نوکریاں میرٹ پر دیں سفارش اور کرپشن کا دروازہ بند کیا اور پھر ان فیصلوں کے رنگ نظر آنے لگے۔ صرف 30 سالوں میں سنگاپور ماہی گیروں کی بستی سے ایک ترقی یافتہ ملک بن گیا آج سنگاپور ایک عالمی مالیاتی مرکز ہے اور اس کا پاسپورٹ دنیا کا طاقتور ترین پاسپورٹ ہے۔

آپ اب پاکستان کے حالات کا جائزہ لیجیے۔ پاکستان میں پانی معدنیات تیل اور سونا سب موجود ہیں لیکن ہم اس کے باوجود ترقی نہیں کر رہے کیوں؟ کیوں کہ ہم نے انسانوں کو ڈویلپ نہیں کیا ہم نے قوم کو تعلیم اور تربیت نہیں دی یہ یاد رکھیں قوموں کی سب سے بڑی طاقت اس کے نوجوان اور اس کے بچے ہوتے ہیں تو میں اگر انھیں استعمال کرلیں تو یہ قدرتی وسائل کے بغیر بھی ترقی کر لیتی ہیں اور اگر یہ وسیلہ نہ ہو تو دنیا کے تمام وسائل مل کر بھی قوم کو قوم نہیں بنا سکتے۔

ہمارے ملک کے 65 فیصد لوگ 30 سال سے کم عمر ہیں ہمیں اس عظیم خزانے کی طاقت کو سمجھنا ہوگا اور استعمال کرنا ہوگا لیکن بدقسمتی سے اس وقت ہمارے پانچ سال سے کم عمر اڑھائی کروڑ بچے تعلیمی اداروں سے باہر ہیں

یہاں پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے اگر سنگاپور اور کوریا اپنی قوم کو تعلیم یافتہ بنا سکتے ہیں تو ہم تعلیم کو ترجیح دے کر قوم کو ڈویلپ کیوں نہیں کر سکتے؟ آپ یقین جانیں ہمارے لیے بھی اس پر عمل کے وہی نتائج نکلیں گے جو دوسرے ممالک میں نکلے ہیں۔

ہماری ریاست اس وقت کئی طرح کے مسائل کا شکار ہے اس کے پاس تعلیم کے لیے وقت اور وسائل نہیں ہیں لہٰذا اب تعلیم کو ترجیح اول بنانے کی سنت پر عمل کی زیادہ تر ذمے داری ہم سب پر عائد ہوگئی ہے پاکستان میں انفرادی سطح پر سیکڑوں افراد یہ کام کر رہے ہیں درجنوں ادارے بھی اس کام کے لیے کوشاں ہیں ان اداروں میں ایک نام ریڈ فاؤنڈیشن کا ہے میں کئی سالوں سے اس ادارے سے رضا کارانہ طور پر وابستہ ہوں۔

یہ ادارہ کمال کر رہا ہے ایک طرف اس نے فارمل ایجوکیشن کے لیے 400 تعلیمی ادارے قائم کیے ہیں دوسری جانب اس ادارے نے تھرپارکر اور دیامر جیسے علاقوں میں بچیوں کے لیے 120 لٹریسی سینٹرز بنائے ہیں اس کے ساتھ حکومت پنجاب نے اپنے 80 تعلیمی ادارے ان کے حوالے کیے ہیں یوں ان کے زیر انتظام تعلیمی اداروں کی تعداد 600 کے قریب پہنچ گئی ہے اور ڈیڑھ لاکھ طلبا اس سے مستفید ہو رہے ہیں۔ ان لٹریسی سینٹرز میں بچے مفت تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

ریڈ فاؤنڈیشن کے کام میں بہت ہی خاص بات ان کا یتیم بچوں کا پروجیکٹ ہے یہ ڈونر سے 60 ہزار روپے سالانہ لیتے ہیں جو کہ پانچ ہزار روپے ماہانہ بنتا ہے اور اس تھوڑی سی رقم سے یہ ان بچوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ یونیفارم اور کتابیں بھی دیتے ہیں اور یوں یہ یتیم بچے ڈاکٹرز اور انجینئرز بن رہے ہیں اور ڈونر کے لیے صدقہ جاریہ کا باعث ثابت ہو رہے ہیں۔ ریڈ فاؤنڈیشن ڈونرز کو زیر کفالت بچے کا مکمل پروفائل بھی ارسال کرتی ہے اور ہر سال انھیں بچوں کی کارکردگی سے بھی مطلع کرتی ہے۔

ربیع الاول کے اس بابرکت مہینے میں اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی ﷺ کو دنیا میں بھیج کر انسانیت پر عظیم احسان فرمایا اس احسان کا بدلہ یہ ہے تمام انسان خوشی کے اس موقع پر تعلیم دینے کی سنت پر عمل کریں آپ کوئی تعلیمی ادارہ بنا دیں اور اسے اپنے والدین یا چاہنے والوں سے منسوب کر دیں یہ ادارہ ان کے لیے صدقہ جاریہ کا اکاؤنٹ ثابت ہوگا یا آپ کسی تعلیمی ادارے میں فرنیچر دے دیں یا سائنس لیبارٹری فراہم کر دیں اللہ تعالیٰ آپ کو اس دنیا اور آخرت دونوں میں نواز دے گا۔

آپ 60 ہزار روپے سالانہ یا 5 ہزار روپے ماہانہ ارسال کر کے کسی ایک بچے کو اپنی کفالت میں لے سکتے ہیں۔ ریڈ فاؤنڈیشن آپ کو بچے کی تفصیل ارسال کرے گی اور یہ بچہ تعلیم حاصل کرنا شروع کر دے گا آپ ایک سے زیادہ بچوں کی کفالت کا ذمے بھی لے سکتے ہیں یقین کیجیے یہ بچے آپ اور آپ کی نسلوں کے لیے صدقہ جاریہ بن جائیں گے۔ ربیع الاول منانے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ تعلیم کو ترجیح بنانے کی سنت کو دوبارہ زندہ کیا جائے۔

کیا پی ٹی آئی کو سیاسی راستہ مل سکے گا؟

پی ٹی آئی اور بانی پی ٹی آئی ایک مشکل راستے پر کھڑے ہیں۔ وہ اپنی مرضی کا سیاسی راستہ چاہتے ہیں لیکن ان کے لیے اپنا من پسند سیاسی راستہ نکلنے کے امکانات کم ہیں۔ اس کی ایک وجہ بانی پی ٹی آئی کا غیر سیاسی جارحانہ اور مزاحمتی رویہ، طرز عمل یا مزاج ہے جس میں لچک کم اور مزاحمت کا پہلو زیادہ نظر آتا ہے۔

قانونی محاذ پر بھی ان کی مشکلات کم نہیں ہو رہی ہیں، پی ٹی آئی کے لیڈروں اور کارکنوں کو عدالتوں سے سزائیں سنائی جارہی ہیں۔ پی ٹی آئی کی وہ قیادت جو اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مفاہمت چاہتی ہے، بانی پی ٹی آئی کی غیر سیاسی پالیسی کی وجہ سے کوئی ریلیف حاصل کرنے کی پوزیشن میں نہیں رہی ہے۔ پی ٹی آئی میں وہ سیاسی دھڑا جو اسٹیبلشمنٹ یا حکومت بالخصوص اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی مدد سے سیاسی راستہ نکالنے کی کوشش کر رہا تھا، وہ بھی ناکامی سے دوچار ہوا۔

پی ٹی آئی کی سیاسی کور کمیٹی نے اب بانی پی ٹی آئی کے اس فیصلے کی حمایت اور تائید کی ہے کہ وہ تمام ضمنی انتخابات کا بائیکاٹ بھی کرے گی اور تمام پارلیمانی کمیٹیوں سے بھی علیحدگی اختیار کرے گی جس میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی سربراہی بھی شامل ہے۔ یہ فیصلہ سیاسی کور کمیٹی نے بانی پی ٹی آئی کی ہدایت کی روشنی میں کیا ہے۔

اگرچہ سیاسی کور کمیٹی اس فیصلہ کے برعکس ضمنی انتخابات میں حصہ لینا چاہتی تھی اور پارلیمنٹ کی کمیٹیوں سے بھی علیحدگی اختیار کرنا ان کے ایجنڈے کا حصہ نہیں تھا۔ لیکن بانی پی ٹی آئی کے اپنے سیاسی فیصلوں پر سیاسی کور کمیٹی کو وہی کچھ کرنا پڑا جو بانی پی ٹی آئی کا فیصلہ تھا۔ آخری ملاقات میں بانی پی ٹی آئی نے اپنے بعض راہنماؤں کی سرزنش بھی کی کہ وہ بانی پی ٹی آئی کے فیصلوں کے برعکس سیاست اور سیاسی فیصلے کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

سلمان اکرم راجہ کو بطور جنرل سیکریٹری کام جاری رکھنے کی ہدایت کرکے بھی بانی پی ٹی آئی نے پارٹی میں ان لوگوں کو کھلا پیغام دیا ہے جو سیکریٹری جنرل کے خلاف سازش کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ اسی طرح علی امین گنڈاپور کو بھی واضح پیغام دیا گیا ہے کہ وہ بطور وزیر اعلیٰ پارٹی فیصلوں کے ساتھ ہی کھڑے ہوں اور دوسری طرف دیکھنا بند کردیں۔

تحریر: سلمان عابد

بانی پی ٹی آئی نے قومی اسمبلی میں محمود خان اچکزئی اور سینیٹ میں علامہ راجہ ناصر عباس کو اپوزیشن لیڈر نامزد کرکے اپنی پارٹی کے رہنماؤں، کارکنوں اور ہمدردوں کو عملاً حیران کر دیا ہے، کیونکہ سیاسی کور کمیٹی کے ان تقرریوں پر تحفظات تھے۔ محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس دونوں ہی مزاحمت کی سیاست کے آدمی ہیں اور بانی پی ٹی آئی نے پارلیمنٹ اور سینیٹ میں مزاحمت کی سیاست کا بوجھ ان دونوں اہم راہنماؤں پر ڈال کر حکومت یا اپنے سیاسی مخالفین کو بھی پریشان کر دیا ہے۔

ایسے لگتا ہے کہ بانی پی ٹی آئی یہ فیصلہ کر چکے ہیں کہ ہر صورت مزاحمت ہی کی طرف بڑھنا ہوگا۔ آخری ملاقات اور اس کے نتیجے میں سامنے آنے والی بات چیت اور خود بانی پی ٹی آئی کا تفصیلی ٹویٹ میں ان کا لب ولہجہ اور لفظوں کے استعمال میں زیادہ سختی نظر آتی ہے۔ بظاہر یہ ہی لگتا ہے کہ اب مفاہمت کی سیاست کم اور مزاحمت سمیت ٹکراؤ کی سیاست زیادہ ہوگی۔ ٹکراؤ یا بند سیاسی راستوں کی سیاست کسی بھی صورت میں فائدہ مند نہیں ہوتی۔

پی ٹی آئی کے لیے سیاسی راستے عملاً محدود ہوتے جا رہے ہیں۔ قانونی معاملات میں بھی مشکلات مزید بڑھیں گی۔ مفاہمت کی سیاست کی ناکامی میں بہت سے لوگ پی ٹی آئی کو ذمے دار قرار دیتے ہیں تو یہ غلط نہیں ہے لیکن سارا قصور پی ٹی آئی کا نہیں کیونکہ حکومت مقدمات میں بانی پی ٹی آئی اور دیگر لوگوں کو وہ رعایتیں دینے کے لیے تیار نہیں ہے جو ان کو درکار ہیں۔ پی ٹی آئی کے لوگوں کو سزائیں سنائی جارہی ہیں، ان کو اسمبلیوں یا سیاسی میدان سے نااہل کیا جارہا ہے تو ایسے ماحول میں مفاہمت کا فلسفہ سمجھ سے باہر ہے۔

پی ٹی آئی کے اس فیصلہ پر تنقید کی جاسکتی ہے کہ انھوں نے ضمنی انتخابات کا بائیکاٹ اور پارلیمانی کمیٹیوں سے علیحدگی کیوں اختیار کی اور کیوں سیاسی راستہ بند کیا اور کیوں پارلیمنٹ سے خود کو علیحدہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ کہا جارہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کہتے ہیں کہ اگر ہمیں کسی بھی طور راستہ نہ دیا تو پھر ہم پارلیمنٹ سے بھی علیحدگی اختیار کرسکتے ہیں۔

سیاست میں سیاسی راستوں کو بند کرنے کی حمایت کی کسی بھی سطح پر حمایت نہیں کی جاسکتی۔ لیکن جب کسی کو مسائل سے باہر نکلنے کا راستہ نہ مل رہا ہو تو پھر ایسے فیصلے ہی سامنے آتے ہیں جو اس وقت پی ٹی آئی کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ پی ٹی آئی کی یہ حکمت عملی ہونی چاہیے کہ وہ سیاسی راستوں کو بند کرنے کے بجائے ان ہی میں سے اپنے لیے سیاسی راستہ نکالنے کی کوشش کرے۔ پی ٹی آئی کو اس تاثر کی نفی کرنی چاہیے کہ ہم بات چیت کے لیے تیار نہیں۔

سیاست اور جمہوریت میں ضد اور ہٹ کی بنیاد پر آگے بڑھنا اور غیر سیاسی حکمت عملیوں کی بالادستی سے کسی بھی طور پر راستے نہیں نکلتے۔ سیاسی اختلافات کو سیاسی دشمنی کا رنگ دینے سے یا کسی کے سیاسی وجود کو طاقت کی بنیاد پر ختم کرنے کی روش مزید سیاسی مسائل کو پیدا کرے گی اور قومی سیاست میں اس کے نتیجے میں ٹکراؤ کی سیاست ہی آگے بڑھ سکتی ہے۔

اس لیے سب کو اس نقطہ پر متفق ہونا ہوگا کہ ہمیں اپنے سیاسی مسائل سیاسی بنیادوں پر اور ایک دوسرے کے عملاً سیاسی وجود کو ہی قبول کر کے حل کرنا ہوگا۔ غیر سیاسی سوچ اور حکمت عملی ہمیشہ خطرناک ہوتی ہے اور اس سے نہ صرف سیاسی ماحول ہی خراب نہیں ہوگا بلکہ انتہا پسندی بھی بڑھے گی۔ بدقسمتی سے ایسا ماحول پیدا ہو رہا ہے جس میں مذاکرات اور مفاہمت کا عمل ہی آگے بڑھتا نظر نہیں آتا۔

بیچاری نیلم پری کا کیا بنا؟

دیو استبداد کی بات تو ہوگئی جو جمہوری قبا میں پائے کوب ہے۔ 77 سال سے ناچ رہا ہے گا رہا ہے اور مستقل جمہوری خاندان کی چار چار پشتوں سے داد پا رہا ہے اور اس کا جو نتیجہ نکل رہا ہے۔ اس پر بیچارا دانشور لطیفے کا الٹ سنا رہا ہے، کہتا ہے پس چہ باید کرد۔ اب تھوڑی سی بات آزادی کی نیلم پری کی بھی ہوجائے۔

اس بیچاری کے ساتھ بھی وہی ہوا ہے جو سچ کے ساتھ ہوا تھا۔ جب جھوٹ نے تالاب میں نہاتے ہوئے اس کا لباس چرا لیا تھا۔ اور سچ کے لباس میں شہر جا کر خود تو حاکم شہر بن گیا اور بیچارا سچ تالاب میں حیران و پریشان بیٹھا ہے۔ اگر جھوٹ کا چھوڑا ہوا لباس پہن کر نکلتا ہے تب بھی لوگ پتھر ماریں گے اور ننگا نکلے گا تو چھوٹے بڑے پاگل کہہ کر اس کے پیچھے تالیاں بجائیں گے۔ ٹھیک اسی طرح دیو استبداد نے بیچاری نیلم پری کا لباس چرا کر پہنا ہوا ہے اور نیلم پری تالاب میں بیٹھی اپنا بدن چھپائے ہوئے ہے۔ آزادی عرف نیلم پری جس کے اتنے گن گائے گئے ہیں کہ اتنے گن عشق کے بھی شاعروں، صورت گروں اور افسانہ نویسوں نے نہیں گائے ہوں گے۔ آزادی، حریت، خودمختاری و خود اختیاری۔ جن کے چرچے تو چار دانگ عالم میں پھیلے ہوئے ہیں مگر کہاں؟ یہ کسی کو بھی معلوم نہیں یہاں تک کہ خود آزادی کو بھی معلوم نہیں

تحریر: سعد اللہ جان برق

ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی
خود ہماری خبر نہیں آتی

اقوام متحدہ کے چارٹر میں لکھا ہے کہ انسان آزاد پیدا ہوا ہے اور ہمیشہ آزاد رہے گا۔ اور یہی دنیا کا سب سے بڑا جھوٹ ہے انسان نہ تو آزاد پیدا ہوا ہے نہ کبھی آزاد ہوگا۔ یہ آزاد پیدا ہوتا تو کسی محل میں پیدا ہوتا جھونپڑی میں پیدا بھی نہ ہوتا۔ لیکن ہم دیکھ رہے ہیں کہ جب پیدا ہوتا ہے جہاں بھی پیدا ہوتا ہے نہ جائے پیدائش اس کی مرضی کی ہوتی ہے نہ جائے رہائش نہ جائے افزائش اور نہ ہی آخر میں جائے رہائش

نحیف وزار میں کیا زور باغباں پہ چلے
جہاں بٹھا دیا بس رہ گئے شجر کی طرح

پھر اس کے بعد نہ آزادی سے ہل سکتا ہے نہ اٹھ سکتا ہے نہ بیٹھ یا لیٹ سکتا ہے، نہ کھا پی سکتا ہے بلکہ یہیں سے اس کی مستقل غلامی کا آغاز ہوجاتا ہے کہ یہ جہاں بھی ہوتا ہے جیسا بھی ہوتا ہے پیٹ کا غلام ہی رہتا ہے بلکہ پیٹ کے ساتھ ساتھ گھر کا، خاندان کا، محلے کا، ماحول کا، خواتین کا، دساتیر کا، حکومت کا، لوگوں کا غلام ہی رہتا ہے۔ یہ کیسی رہائی ہے کیسی آزادی ہے۔ یہ تو ایک قید بامشقت ہے جو انسان بھگت رہا ہے۔ اور بیچارے کو یہ بھی پتہ نہیں کہ یہ کس جرم کی سزا ہے

زندگی سے بڑی سزا ہی نہیں
اور کیا جرم ہے پتا ہی نہیں

پیدائش کا غلام، شیر خوارگی کا غلام، بچپن کا غلام لڑکپن کا غلام، جوانی کا غلام، ادھیڑ عمری کا غلام اور پھر بڑھاپے کا غلام اور رہائی یا آزادی کا پروانہ موت صرف موت۔ زندگی بھر کسی نہ کسی طرف سے کوئی ہاتھ بڑھ کر اسے اپنا غلام بنائے رکھتا ہے

تیانجن سمٹ: شہباز ومودی ملاقات کا کتنا امکان؟

عوامی جمہوریہ چین نے اعلان کیا ہے کہ تیانجن شہر میں ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے رکن ممالک کا سربراہی اجلاس مذکورہ تنظیم کی تاریخ کا سب سے بڑا اجتماع ہوگا۔ یہ اجلاس دو روزہ (31 اگست 2025 تا یکم ستمبر 2025) ہوگا۔ ایس سی او کے رکن ممالک کے اِس سربراہی اجلاس میں ہمارے وزیر اعظم شہباز بھی شریک ہوں گے اور ہمارے حریف ملک، بھارت، کے وزیر اعظم نریندر مودی بھی۔ چینی ترجمان کے مطابق اِس سربراہی اجلاس میں روسی صدر ولادیمیر پیوٹن، ترکیہ صدر طیب اردگان، ملائشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم، نیپالی وزیر اعظم کے پی شرما اولی اور مالدیپ کے صدر محمد معیز سمیت دنیا کے 20 ممالک کے رہنما تشریف فرما ہوں گے۔ اطلاعات ہیں کہ یو این او کے سیکرٹری جنرل، انتونیو گوتریس، بھی شرکت کریں گے۔ اور یوں یہ SCO سربراہی اجلاس (Summit) اپنے قیام سے لے کر اب تک کا سب سے بڑا عالمی فورم بن گیا ہے۔

چین ہی حقیقی معنوں میں SCO کا آرکیٹیکٹ تھا۔ اِس حوالے سے چین اپنی اِس عالمی کاوش پر جتنا بھی فخر کرے، کم ہے۔ پاکستان نے بھی SCO کے ہر ہر لمحے میں چینی کاوشوں اور اقدامات کا بھرپور ساتھ دیا ہے۔ اور یوں، شنگھائی تعاون تنظیم کے توسط سے، پاک چین دوستی مزید مضبوط و مستحکم ہوئی ہے۔ آگے بڑھنے سے قبل ضروری ہے کہ تیانجن بارے بھی مختصر تعارف اور واقفیت لی جائے۔ تیانجن (Tianjin) شمالی چین کا نہائت خوبصورت ساحلی و صنعتی شہر ہے۔ یہ Bohai Sea کے کنارے واقع تاریخی شہر ہے۔ تیانجن کا معنی شہنشاہ کا تعمیر کردہ شہر بتایا جاتا ہے۔ اِس کا مطلب ہے کہ اِسے کسی بڑے چینی بادشاہ نے بسایا ہوگا۔ یہ چین کے 9 بڑے، جدید ترین اور امیر شہروں میں سے ایک ہے۔ اِس کی آبادی تقریباً ڈیڑھ کروڑ ہے۔ چین نے دانستہ تیانجن میں SCO کی سربراہی کانفرنس (Summit) رکھی ہے تاکہ دنیا پر ثابت کر سکے اور اپنے معزز عالمی مہمانوں کو دکھا سکے کہ اس کا دارالحکومت (بیجنگ) ہی نہائت جدید، دولتمند اور ٹیکنالوجی کی سہولیات سے آراستہ پیراستہ نہیں ہے بلکہ تیانجن ایسا دور دراز کا ساحلی و بندرگاہی شہر بھی امریکا، کینیڈا، برطانیہ اور مغربی یورپ کے شہروں کا مقابلہ ہی نہیں کر رہا بلکہ ان سے کہیں بڑھ کر ہے۔ 23 اگست 2025 کو چین کے معروف انگریزی اخبار (Global Times) میں مشہور چینی سیاسی دانشور (Xinhua) کا جو تفصیلی اور معلومات افزا آرٹیکل شائع ہوا ہے، اگر اِس کا گہری نظر سے مطالعہ کیا جائے تو سمجھ آتی ہے کہ چینی حکومت نے آخر کیوں SCO Summit کے لیے تیانجن شہر کا انتخاب کیا ہے!

چین پانچویں بار شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس کی میزبانی کر رہا ہے۔ یہ ایک بڑا منفرد اعزاز ہے۔ چینی صدر، عزت مآب شی جن پنگ، تازہ سمٹ کی Council of Heads of State کی صدارت بھی کریں گے۔ اِس کے علاوہ ایس سی او کی Plus Meeting بھی وہی کریں گے۔ مرکزی اور خصوصی خطاب بھی انھی کا ہوگا جسے ساری دنیا (بالخصوص امریکا) آنکھیں اور کان کھول کر سنے گی۔ رواں لمحوں میں ٹیرف کے معاملات پر چین اور امریکا کی جس طرح ٹھنی ہوئی ہے، مذکورہ سربراہی اجلاس سے چینی صدر کا خطاب بہت سی گرہیں کھولے گا۔ اگر گزشتہ دنوں واشنگٹن میں امریکی صدر سے 9 یورپی سربراہوں کی ملاقات پر دنیا کی نظریں ٹکی ہوئی تھیں تو اب اِنہی رہنماؤں کی نظریں شنگھائی تعاون تنظیم کے اِس تازہ سربراہی اجلاس پر مرتکز ہیں۔

ہمیں تو مگر دلچسپی یہ ہے کہ تیانجن میں شہباز شریف اور نریندر مودی کی ملاقات ہوگی یا نہیں؟ دونوں تیانجن میں موجود ہوں گے۔ ایسے میں کیسے ممکن ہے کہ دونوں کے درمیان دعا سلام نہ ہو؟ ایک دوسرے سے کنی کترا کر آگے بڑھنا ناممکن ہوگا۔ اگر ایسا ہوا تو یہ عالمی اخلاقیات کے سراسر منافی ہوگا۔ پاکستان تو کھلے دل سے مودی جی سے ملاقات کے لیے تیار ہے، اگرچہ بھارت، بھارتی اسٹیبلشمنٹ اور مودی جی بکثرت پاکستان میں خونی شیطانیاں بھی کر رہے ہیں اور بالخصوص کے پی کے اور بلوچستان میں فسادات اور خونریزی کو ہوا دے رہے ہیں۔ کینیڈا، برطانیہ اور امریکا تک بھارتی دہشت گردیاں پہنچ رہی ہیں۔ سب پر بھارت کا مکروہ باطنی چہرہ عیاں ہو رہا ہے۔ پاکستان تو اب ملک میں بھارتی خونی و فسادی مداخلت کو فتنۃ الہندوستان سے معنون کر رہا ہے۔ اِس کے باوصف پاکستان، بھارت سے مکالمہ بھی چاہتا ہے۔ مگر بھارت صرف یک نکاتی (دہشت گردی) ایجنڈے پر پاکستان سے مکالمہ چاہتا ہے۔ یہ مگر پاکستان کو منظور وقبول نہیں۔ تیانجن میں شہباز ومودی کی موجودگی ہوگی تو ضرور، مگر ہمارے وزیر اعظم، شہباز شریف، مودی جی سے ملاقات نہیں کریں گے۔ اِس بارے پاکستان کی وزارتِ خارجہ کا موقف سامنے آچکا ہے۔

بھارتی میڈیا بھی اِس بارے جو شرانگیزیاں کر رہا ہے اور جو شرارے پھینک رہا ہے، ان کی موجودگی میں دونوں ہمسایہ ممالک کے وزرائے اعظم بھلا کیونکر مصافحہ کر سکیں گے؟ ناممکن! مئی کی چار روزہ پاک بھارت جنگ میں بھارتی ہزیمت کے کارن بھی مودی جی کا موڈ سخت آف ہے۔ بھارت میں انہیں کئی سوالات کا سامنا ہے اور ان کے پاس کسی سوال کا جواب نہیں۔ ایسے میں وہ کس منہ سے جناب شہباز شریف سے ملاقات کر سکیں گے؟ اور اگر یہ ملاقات بہ امرِ مجبوری ہو بھی جاتی ہے تو واپسی پر نریندر مودی اپنے شریر، شرانگیز اور بھڑکاو میڈیا کا سامنا کیسے کر سکیں گے؟ ویسے پاکستان و بھارت کے عوام کی تو خواہش ہے کہ یہ ملاقات ہونی چاہیے۔ سب اِس تناو اور کشیدگی سے تنگ اور عاجز آچکے ہیں۔ پاکستان اور بھارت کی پچھلے نصف عشرے سے بول چال تک بند ہے۔ اِس کشیدگی نے دونوں ہمسایہ ممالک کے عوام پر گہرے منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔ ایس سی او کے مذکورہ سربراہی اجلاس سے چند روز قبل چینی وزیر خارجہ (Wang Yi) نے شٹل بن کر جس انداز میں بھارت، افغانستان اور پاکستان کے دورے کیے ہیں، اِن سے عام شخص نے یہی اندازے اور قیافے لگائے ہیں کہ چینی وزیر خارجہ نے بھارت اور افغانستان کے ذمے داران کو یہ سمجھانے کی ضرور کوشش کی ہوگی کہ پاکستان کے خلاف شرانگیزیوں سے باز آجائیں اور یہ کہ باہمی کشیدگی بھی کم کرنے کی کوشش کریں۔ بھارتی اسٹیبلشمنٹ اور افغانستان کے مقتدر ملا طالبان کی کھال مگر موٹی ہے، انہیں سمجھ دیر ہی میں آتی ہے۔ دیر سے سمجھ آنے کا ایک ثبوت یہ بھی ہے کہ بھارت کو آج امریکا اور امریکی صدر سے سخت سست سننی پڑ رہی ہیں۔ بھارت بھاری اور کمرشکن امریکی ٹیرف کے پہاڑ تلے دب چکا ہے۔ اب وہ مایوس ہو کر چین کی طرف امید بھری نظروں سے دیکھ رہا ہے۔ اس کے مفسد اور شریر سیکیورٹی ایڈوائزر، اجیت ڈوول، نے اِسی غرض سے چین کا دورہ کیا ہے۔ مودی صاحب بھی اِسی غرض سے باقاعدہ چین کا دورہ کرنے کے خواہشمند ہیں۔ اور اِسی تمنا تلے وہ اب تیانجن کے سربراہی اجلاس میں شریک ہو رہے ہیں۔ جنوبی ایشیا کے بعض باخبر تجزیہ نگاروں کا کہنا ہے کہ چینی وزیر خارجہ کے مذکورہ سہ فریقی ممالک کے دورے کے دوران یقیناً پاکستان و بھارت کے درمیان ملاقات کے لیے کوئی راہ ہموار کرنے کی کوشش کی گئی ہوگی۔

نومئی اور سانحہ بلوچستان

نومئی کے بہت سے ملزموں کو سزا ہوگئی۔ سیاسی کارکنوں کی پکڑ دھکڑ اور سزا تکلیف دہ ہے۔ یہ نوبت کبھی نہیں آنی چاہیے لیکن اس کے ساتھ ہی کچھ ذمے داری سیاسی کارکنوں اور سیاسی جماعتوں کی بھی ہے۔ یہ ذمے داری کیا ہے، چند مثالوں کی مدد سے اسے سمجھا جاسکتا ہے۔

جنرل ضیا الحق نے مارشل لا لگایا اور ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دی۔ مارشل لا اور پھانسی کی سزا دونوں متنازع تھے۔ اس کے رد عمل میں بھٹو صاحب کے صاحب زادے میر مرتضیٰ بھٹو نے الذوالفقار بنائی اور دہشت گردی شروع کر دی۔ بھٹو خاندان اور پیپلز پارٹی بہت دکھی تھے لیکن سابق وزیر اعظم کی صاحب زادی محترمہ بے نظیر بھٹو نے الذوالفقار سے لاتعلقی اختیار کی اور خالصتاً سیاسی جدوجہد کی جو بالآخر رنگ لائی۔

1953 کی تحریک ختم نبوت کے موقع پر ایک کتابچہ لکھنے کی پاداش میں مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کو سزائے موت سنا دی گئی۔ اسی طرح جماعت اسلامی سمیت کئی سیاسی جماعتوں پر بار بار پابندی عائد کی گئی لیکن بڑی سے بڑی سزا ملنے کے باوجود کسی سیاسی جماعت نے وہ راستہ اختیار نہیں کیا جو پی ٹی آئی نے اختیار کیا۔ دہشت گردی اور سیاسی سرگرمی کے درمیان یہ فرق ہے لیکن پی ٹی آئی یہ فرق ملحوظ نہیں رکھ سکی۔

نومئی ہوا تو بانی پی ٹی آئی سمیت بہت سے دیگر راہ نماں نے ان سرگرمیوں کے جواز پیش کیے۔ بانی پی ٹی آئی تو یہاں تک کہہ گزرے کہ مجھے گرفتار کیا جائے گا تو پھر اور کیا ہوگا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پی ٹی آئی سیاسی سرگرمی اور دہشت گردی کے درمیان فرق کو سمجھنے سے قاصر رہی ہے۔

اس جماعت کا ایک مسئلہ اور بھی ہے۔ یہ جماعت سیاست اور ریاست کے درمیان جو پہاڑ جیسا فرق ہے، اسے بھی سمجھنے سے قاصر رہی ہے۔ پی ٹی آئی یہ فرق سمجھتی تو نہ دفاعی تنصیبات پر حملے کرتی اور نہ پاکستان کے دفاعی ہیروز کی توہین کی مرتکب ہوتی۔ اسی طرح یہ جماعت ملک کو ڈیفالٹ سے بچانے کے لیے ریاستی کوششوں کو نقصان پہنچانے میں بھی ملوث رہی ہے۔ اس کا صرف ایک ہی مطلب تھا کہ اس جماعت کے خیال میں ملک کی سلامتی اور مالی استحکام پر اس کا اقتدار فوقیت رکھتا ہے۔

یہ پی ٹی آئی کے سیاسی شعور کی ناکامی تھی لیکن اس کے ساتھ ہی ایک ناکامی اور بھی ہے۔ غلطی کسی سے بھی ہوسکتی ہے لیکن غلطی کے بعد اس پر جم جانا اور شرمندہ ہو کر اپنی

تحریر: ڈاکٹر فاروق عادل

اصلاح نہ کرنا زیادہ بڑی غلطی ہے۔ اس قسم کے حالات میں بہتر یہی ہوتا ہے کہ ریاست متعلقہ گروہ کو اتنے بڑے بحران سے نکلنے کا موقع فراہم کرے۔

ریاست نے نومئی کے واقعات میں ملوث لوگوں کے خلاف مقدمات کا جلد فیصلہ نہ کر کے پی ٹی آئی کو یہی موقع فراہم کیا لیکن پی ٹی آئی اپنی روش پر قائم رہی لہٰذا مجرموں کے خلاف فیصلے سنا دیے گئے۔ اب بھی وقت ہے، پی ٹی آئی ریاست اور سیاست کے درمیان فرق کو سمجھ کر اپنی اصلاح پر آمادہ ہو جائے تو صورت بدل سکتی ہے۔ کاش ایسا ہو جائے۔

بلوچستان میں شیتل اور اس کے شوہر کے قتل نے دکھی کر دیا ہے۔ ظلم کی بعض نوعیتیں ایسی ہوتی ہیں جن کے اظہار سے الفاظ معذور ہو جاتے ہیں، اس واقعے پر دکھ کے اظہار کے لیے دکھ کا لفظ بھی معمولی محسوس ہوتا ہے۔ یہ تکلیف دہ واقعہ ظاہر کرتا ہے کہ ہمارے سماج کی بنیاد ابھی تک جہالت ہے۔

صدیوں بلکہ قرنوں سے جمتی ہوئی جہالت کی اس دبیز تہہ کو اکھاڑ پھینکنے میں نہ مذہبی گروہ کامیاب ہو سکا ہے اور نہ تعلیم۔ نئے عہد کی روشنی ہمارے سماج کے ان تاریک گوشوں تک نہیں پہنچ سکی یہاں تک کہ دنیا بھر میں سماجی رویوں میں تیز رفتار تبدیلیاں پیدا کر دینے والے ذرائع ابلاغ بھی اس معاملے میں ناکام رہے ہیں جب کہ قانون تو ایسی ظالمانہ اجتماعیت میں ہے ہی موم کی ناک۔ انسان کے قلب ونظر میں لرزہ پیدا کر دینے والی ویڈیو میں قاتلوں کا جو ہجوم دکھائی دے رہا ہے، اس میں تقریباً ہر عمر کے لوگ موجود ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جس قبیلے میں یہ لرزہ خیز جرم ہوا ہے، اس میں اس جرم کے بارے میں مکمل یک سوئی تھی۔ ایک آدھ کوئی استثنا تھا بھی تو اس میں اختلاف کی جرات نہیں تھی لیکن وہ جو کوئی بھی تھا، صاحب ضمیر تھا جس نے نہایت دانش مندی کے ساتھ اس خونی عمل کی وڈیو بنا کر سماج کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔

اس جرات مندانہ عمل کے لیے پورا پاکستانی سماج اس کا شکر گزار ہے۔ یہ ایک عمل ایسا ہے جس کے بارے میں کہا جاسکتا ہے کہ ٹیکنالوجی کے نئے مظاہر نے کم از کم اتنا تو کیا ہے کہ ایسے سنگ دل سماج میں بھی جونک لگا دی ہے۔ امید کی بس یہی ایک کرن ہے۔

چودہ سو برس قبل بیٹیوں کو زندہ درگور کر دینے والے سماج میں مذہب کی روشنی پیدا ہوئی تو ایک انقلاب بر پا ہو گیا۔ کیا سبب ہے کہ بیٹیوں اور بیٹوں کو یوں سامنے کھڑا کر کے گولیوں سے بھون دینے والے معاشرے پر مذہبی طبقہ اثر انداز نہیں ہو سکا۔ اس کی ایک ہی وجہ ہے کہ ہمارے قبائلی سماج میں مذہب کا نمائندہ بھی اسی قسم کا ایک پرزہ ہے جیسے وڈیرے اور سردار کے جائز اور ناجائز ہر قسم کے احکام بجا لانے والے دیگر کارندے ہوتے ہیں۔ سبب یہ ہے کہ قبائلی سماج میں اس قسم کے مظالم کے لیے اس کا سہارا لیا جاتا ہے۔

دل کو دہلا دینے والے اس واقعے کے سامنے آنے کے بعد لوگ فطری طور پر دکھی ہیں اور وہ مختلف انداز میں اس پر ردعمل ظاہر کر رہے ہیں جو ظاہر ہے کہ بنجر سماج میں کچھ تو ہیجان پیدا کرے گا۔ دکھ کا یہ اظہار مزید مفید ہو سکتا ہے، اگر یہ ان ظالمانہ سماجی رویوں کی اصلاح کے لیے فکر مندی کا ذریعہ بن سکے۔ یہ تو ظاہر ہے کہ ایسے سنگ دلانہ رویوں کی اصلاح پلک جھپکنے میں نہیں ہو سکتی لیکن اس کا آغاز کہیں سے تو ہونا چاہیے۔

ہمارے یہاں جدید رجحانات رکھنے والی این جی اوز اور دینی رجحانات کے نمائندوں میں ہزاروں میل کی دوری ہے۔ ضروری ہے کہ یہ لوگ اپنے اختلافات کو برقرار رکھتے ہوئے اس نکتے پر متفق ہو جائیں۔ اس مقصد کے لیے ریاست سہولت کار کا کردار ادا کرے تاکہ وہ غور وفکر کر کے کچھ عملی تجاویز سامنے لاسکیں۔

ذرائع ابلاغ خاص طور پر شوبز میں ایسے موضوعات کو حکمت سے نہیں برتا جاتا۔ یہ شعبہ بھیڑ چال کا شکار ہے،

ممتاز جہاں دہلوی

14 فروری 1933 میں عطا اللہ خان اور عائشہ بیگم کے ہاں ایک بچی نے جنم لیا، جس کا نام انھوں نے ممتاز جہاں بیگم دہلوی رکھا۔ ممتاز جہاں دہلی میں پیدا ہوئی تھیں۔ اس کے والد پشاور میں ایک مٹی کے برتن بنانے والے کے پاس کام کرتے تھے اور اس سلسلے میں وہ مٹی کے برتن لے کر راولپنڈی اور پنجاب کے شہروں میں جایا کرتے تھے لیکن خاندان کا گزارا نہیں ہوتا تھا۔ اس لیے وہ پورے خاندان سمیت دہلی آگئے، یہاں انھوں نے کئی سال تک رکشہ چلایا۔ ممتاز کا اپنے گیارہ بہن بھائیوں میں پانچواں نمبر تھا۔ ایک دن وہ اپنے گھر کے باہر کھیل رہی تھی کہ وہاں سے ایک فقیر گزرا۔ اس نے ممتاز کو دیکھا اور کہنے لگا کہ یہ بچی بڑی ہو کر بہت نام، شہرت اور پیسہ کمائے گی، لیکن یہ زیادہ دن جی نہ سکے گی۔ گھر والوں نے فقیر کی اس بات کا زیادہ نوٹس نہ لیا۔

ممتاز ان دنوں آل انڈیا ریڈیو کے پروگرام نشان میں حصہ لیتی تھی اور بے بی ممتاز کہلاتی تھی۔ ایک دن اس پروگرام میں مدن موہن کے والد رائے بہادر تشریف لائے جو بمبئی ٹاکیز کے منیجر تھے۔ ان دنوں وہ ایک فلم بسنت بنا رہے تھے اور انھیں ایک بچی کی تلاش تھی۔ انھوں نے جب ممتاز کو دیکھا تو اس کے والد عطا اللہ خان سے بات کی، وہ خوش ہوگیا، چنانچہ رائے بہادر صاحب نے ممتاز کو بمبئی ٹاکیز کی مالک دیویکا رانی سے ملوا دیا۔ اس نے جیسے ہی ممتاز کو دیکھا فوراً ہی ایک سو پچاس روپے ماہانہ پر بمبئی ٹاکیز میں ملازمت پر رکھ لیا اور اسے فلم بسنت کا ایک رول مل گیا۔

یہ فلم 1942 میں ریلیز ہوئی۔ بے بی ممتاز اس وقت نو سال کی تھی۔ بعد ازاں کیدار شرما نے فلم نیل کمل میں بے بی ممتاز کو کاسٹ کیا۔ یہ سائیڈ ہیروئن کا کردار ادا کر رہی تھیں، کیدار شرما کی پتنی کملا چٹرجی۔ لیکن وہ اچانک بیمار ہوئیں اور وفات پاگئیں، تب کیدار شرما نے ممتاز کو یہ رول دے دیا کیونکہ اسے فلم کے سارے ڈائیلاگ یاد تھے مگر اس وقت اس کی عمر صرف تیرہ برس تھی۔

عطا اللہ خان کو اپنا شاندار مستقبل اپنی بیٹی میں نظر آیا اور وہ اپنے خاندان کو لے کر بمبئی آگیا، یہاں موتی لال کی سفارش پر ممتاز کو رنجیت مووی ٹون میں تین سو روپے ماہوار پر ملازم رکھ لیا گیا، اس وقت کے لحاظ سے تین سو روپے آج کے تین لاکھ سے بھی زیادہ ہوں گے۔ فلم نیل کمل میں بیگم پارہ بھی تھی لیکن ممتاز کے مقابل ہیرو تھے،

تحریر: رئیس فاطمہ

راج کپور اور بیگم پارہ کے ساتھ تھے موتی لال۔ اسی لیے انھوں نے ممتاز کو رنجیت مووی ٹون میں ملازمت دلوائی۔ عطا اللہ خان کی ساری امیدیں اپنی بیٹی ممتاز سے وابستہ تھیں۔ اسی لیے وہ پورے خاندان کے ساتھ بمبئی آگیا اور ایک سستے سے علاقے میں رہنے لگا۔ یہاں اس نے رکشہ بھی چلایا اور شام کو وہ اپنی بیٹی کو لے کر مختلف فلم اسٹوڈیوز کے چکر بھی لگاتا۔ یہاں اسے کامیابی ملی اور ممتاز کو کئی فلمیں دی گئیں جیسے پھلواری، خوبصورت، راجپوتانی، چتوڑ، دل کی رانی، دنیا، وغیرہ۔ لیکن یہ فلمیں کوئی کمال نہ دکھا سکیں۔

کمال امروہوی ایک فلم بنا رہے تھے محل جس کے فلم ساز تھے، اشوک کمار۔ کمال امروہوی کو اس فلم کے لیے کوئی نئی لڑکی درکار تھی جو خوبصورت بھی ہو۔ وہ فلم میں کسی نئی لڑکی کو لینا چاہتے تھے۔ کچھ ایسا ہوا کہ ایک دن کمال امروہوی کی ملاقات ممتاز سے ہوگئی اور انھیں یہ لڑکی پہلی نظر میں بھا گئی۔ معصوم بھولی بھالی اور نہایت حسین بھی۔ انھوں نے اشوک کمار سے اس کا تذکرہ کیا، انھوں نے بھی پہلی ہی نظر میں اس کے حق میں فیصلہ دے دیا۔ فلم محل 1949 میں ریلیز ہوئی۔ اسی فلم سے ممتاز کا نام بدل کر مدھو بالا رکھ دیا گیا۔

یہ نام اسے دیویکا رانی نے دیا تھا۔ یہ فلم سپر ہٹ رہی۔ اس فلم میں ممتاز جسے اب مدھو بالا کا نام دے دیا گیا تھا بہت خوبصورت نظر آئی۔ راتوں رات مدھو بالا مشہور ہوگئی۔ یہ فلم بزنس کے اعتبار سے بھی سپر ہٹ رہی۔ اس فلم میں اس کا حسن اس حد تک نکھر گیا کہ اسے وینس آف انڈیا کہا جانے لگا۔ اس وقت اس کی عمر صرف سولہ سال تھی۔ فلم نے اگلے پچھلے تمام ریکارڈ توڑ دیے۔ راتوں رات ممتاز مدھو بالا بن گئی۔ اس فلم کے دوران کمال امروہوی اور مدھو بالا کے درمیان پیار کا رشتہ قائم ہوگیا تھا۔ کمال امروہوی اس سے شادی کرنا چاہتے تھے لیکن مدھو بالا راضی نہ ہوتی کیونکہ کمال صاحب پہلے سے شادی شدہ تھے اور مدھو بالا کسی دوسری عورت کا گھر برباد کرنا نہیں چاہتی تھی۔ اسی فلم سے ایک نئی گلوکارہ لتا منگیشکر کا بھی جنم ہوا۔ فلم محل میں لتا کی آواز میں وہ مشہور گیت سامنے آیا جو آج بھی لوگوں کو یاد ہے اور لوگ اسے سنتے بھی ہیں، یہ ایک ہٹ سونگ ہے، یہ لتا کا پہلا ہٹ سونگ ہے:

آئے گا، آئے گا، آئے گا آنے والا
دیپک بغیر کیسے پروانے جل رہے ہیں
کوئی نہیں چلاتا اور تیر چل رہے ہیں
تڑپے گا کوئی کب تک بے آس بے سہارے
لیکن یہ کہہ رہے ہیں دل کے میرے اشارے
بھٹکی ہوئی جوانی منزل کو ڈھونڈتی ہے
مانجھی بغیر نیا ساحل کو ڈھونڈتی ہے
نہ جانے دل کی کشتی کب تک لگے کنارے
لیکن یہ کہہ رہے ہیں دل کے مرے اشارے
آئے گا، آئے گا، آئے گا آنے والا

اس فلم کی ریلیز کے بعد مدھو بالا کو حسن کی دیوی کا خطاب مل چکا تھا، اسے دھڑا دھڑ فلمیں ملنے لگی تھیں، لیکن اسے یہ اختیار نہ تھا کہ وہ خود اپنی فلموں کا انتخاب کرتی بلکہ اس کے والد نے خود ہی اس کے منیجر کی ذمے داری بھی اٹھالی تھی۔ وہ ہر فلم ساز کو ہاں کہہ دیتا تاکہ زیادہ سے زیادہ فلمیں بیٹی کو ملیں اور زیادہ سے زیادہ پیسہ آئے۔ مدھو بالا عطا اللہ خان کے لیے سونے کا انڈہ دینے والی مرغی تھی۔

بے بی ممتاز پھر ممتاز سے مدھو بالا بننے کا سفر بہت آسان نہ تھا، کنبہ بڑا تھا اور کمانے والا ایک، عطا اللہ نے اپنی ساری امیدیں اپنی بیٹی سے وابستہ کر رکھی تھیں۔ بمبئی میں جہاں ان کی رہائش تھی وہ ایک ڈاکیارڈ تھا۔ ایک دن مدھو بالا اپنے ماں باپ اور پانچ بہن بھائیوں کے ہمراہ ایک فلم دیکھنے گئے ہوئے تھے، اسی دوران ڈاکیارڈ میں گولہ بارود سے بھرا ایک پانی کا جہاز بہت سارا سامان لے کر جس میں گولہ بارود بھی تھا، بمبئی آرہا تھا، جب وہ جہاز گودی کے قریب پہنچا تو اس میں آگ لگ گئی، یہ دھماکا اتنا خطرناک تھا

کچھ اور عامل کامل

امیدوں کے کچھ دکانداروں اور سوداگروں کا کچھ ذکر تو ہم کر چکے ہیں یہ جنات، جنتر منتر، تعویز گنڈے اور دم شف بیچنے والے۔ جو اپنے خیال میں خدائی قوانین کو معطل کر کے اپنے قوانین نافذ کر دیتے ہیں۔ دراصل انسان بیچارا، حکومتوں کا مارا بلکہ دین و دنیا کے محتسب اور مندر کا مارا جب ان دونوں کیمار سے جاں بلب ہوجاتا ہے۔ تو ڈوبتے کو تنکے کا سہارا والی کیفیت ہوجاتی ہے۔ تو جھوٹی امید کو بھی دل وجان سے قبول کرتا ہے وہ کسی نے کہا بھی ہے کہ

پل بھر کے لیے کوئی ہمیں پیار کرلے
جھوٹا ہی سہی

کیونکہ ہر طرف سے مایوس ہوکر اسے کوئی تسلی کوئی امید چاہیے ہوتی ہے

منحصر مرنے پہ ہو جس کی امید
ناامیدی اس کی دیکھا چاہیے

یا، اس قدر تنگ ہوا دل کہ میں زندان سمجھا۔ شمع اور پروانے کا سلسلہ شاعری میں بہت کچھ ذکر ہوتا رہتا ہے، کوئی کہتا ہے کہ پروانہ شمع کا عاشق ہوتا ہے اس لیے اس پر جل مرتا ہے، کوئی کہتا ہے کہ پروانہ دراصل اندھیرے کا عاشق ہوتا ہے اور شمع اس کے محبوب اندھیرے کو ڈسٹرب کرتی ہے اسے بجھانے کی کوشش کرتا ہے، ایک اسطورہ (داستان) بھی ہے کہ پروانہ کنول کے پھول کی شہزادی کا عاشق ہوگیا تھا اس نے جب شہزادی کو پروپوز کیا تو کنول

تحریر: طالب چنگیزی

شہزادی نے شرط رکھی کہ میرے لیے روشنی لاؤ تو میں تمہارا رشتہ منظور کرلوں گی۔ پروانہ بیچارا اس وقت سے روشنی لے جانے کی کوشش میں مرتا رہتا ہے جب کہ کنول کی شہزادی جگنو سے شادی کرچکی ہے لیکن یہ سب مفروضے ہیں سائنسی حقیقت یہ ہے کہ یہ پروانے بلکہ کچھ اور قسم کے پروں والی حشرات جب زندگی کے سارے مراحل گزار کر مرنے کے مرحلے میں داخل ہوتی ہیں تو ان کی بینائی بہت کم ہوجاتی ہے یہ خود کو گھپ اندھیرے میں محسوس کرتے ہیں اور گھپ اندھیرے میں خود کو محبوس دیکھ کر نکلنے کی کوشش کرتے ہیں، روشنی کو دروازہ سمجھ کر جھپٹتے ہیں اور بھسم ہوجاتے ہیں

کتنے پروانے جلے رازیہ پانے کے لیے
شمع جلنے کے لیے ہے کہ جلانے کے لیے

یا بہت ہی ناہموار، حد درجہ بے انصاف اور انتہائی ظالمانہ استحصال پر مبنی معاشرے کی اتھا تاریکی میں زندہ رہنے والے سادہ لوح عوام بھی یہی کرتے ہیں جہاں کہیں بھی امید کی کرن دکھائی دیتی ہے جھپٹ پڑتے ہیں اور پھر یہ طرح طرح کے دکاندار ان کو امید اور کل بیچتے ہیں، شارٹ کٹ دکھاتے ہیں، کوئی نہیں کہتا کہ

مرے ہم نشین مرے ہم نفس مجھے دوست بن کر دغا نہ دے
میں زندگی سے جاں بلب مجھے زندگی کی دعا نہ دے
یا
جو زہر پی چکا ہوں تمہی نے مجھے دیا ہے
اب تم تو زندگی کی دعائیں مجھے نہ دے

لیکن یہ تو اس دکانداری کا پہلو ہے یوں کہیے کہ یہ اس تجارت کا پرچون پہلو ہے۔ صرف نام بدلے ہوئے ہیں کام دونوں کا ایک ہے بظاہر دونوں الگ الگ دکھائی دیتے ہیں لیکن ہیں ایک ہی چیز کے دکاندار۔ کل کے سوداگر امید کے دکاندار۔ یوں کہیے کہ طریقہ واردات مختلف ہے لیکن واردات ایک ہی ہے شکار بھی ایک ہے، نتائج و مقاصد بھی ایک ہیں۔ چلیے آپ کے صبر کا زیادہ امتحان نہ لیتے ہوئے بتائے دیتے ہیں کہ ماہرین جنات، جنتر منتر والوں تعویز گنڈے والوں اور دم چف کرنے والوں کے بڑے اور سینئر کون ہیں، عرف عام میں یہ عامل کامل، بابا ہندوستانی پرتگالی، لوگ، لیڈر، رہبر و رہنما کہلاتے ہیں، یہ تھوک امیدوں کے تاجر بڑے پیمانے پر دکانداری نہیں بلکہ تجارت کرتے ہیں۔

پرچون فروش بابے انفرادی اور اکا دکا شکار کرتے ہیں اور یہ بڑے شکاری باقاعدہ ہانکا کر کے ملکوں اور قوموں کو شکار بناتے ہیں، مال وہی ہے امید اور کل۔

عوام کی کیوں نہیں سنی جاتی

ایس ایس جی سی نے اوگرا سے پھر گیس کی قیمتوں میں اضافہ مانگ لیا اور لاہور میں منعقدہ اجلاس میں اوگرا نے کہا کہ گیس ٹیرف بڑھانا مجبوری ہے۔ فیصلہ کمپنیوں اور صارفین دونوں کے مفاد کو سامنے رکھ کر کیا جائے گا۔ کمپنیوں نے یہ اضافہ ٹرانسپورٹیشن کی مد میں مانگا ہے جو اوگرا سے 291 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو مانگا گیا ہے جب کہ سی این جی اور ٹیکسٹائل سمیت دیگر انڈسٹریل صارفین نے اس کی شدید مخالفت کی مگر اوگرا نے پہلے ہی واضح کر دیا کہ اضافہ مجبوری ہے۔

اوگرا نے ہمیشہ گیس کمپنیوں کے مطالبے ہی کی حمایت کی اور کمپنیوں سے نہیں کہا کہ وہ اپنے اخراجات میں کچھ کمی کرلیں اور پہلے سے ہی مہنگی گیس کے بوجھ تلے دبے ہوئے صارفین پر مزید بوجھ نہ ڈالیں۔

اوگرا ہو یا نیپرا ان اداروں نے بجلی وگیس کی قیمتوں میں آئے دن اضافہ مانگنے والے سرکاری اداروں ہی کی حمایت کی اور صارفین کے مفاد کو سامنے رکھنے کی، صرف بات کی، کبھی صارفین کے مفاد کو سامنے رکھا ہی نہیں جاتا، اگر کبھی صارفین کا مفاد ان کے مدنظر ہو تو وہ عوام کی مجبوری بھی سامنے رکھ کر اضافے پر اضافہ مانگنے پر انکار کر سکتے ہیں۔ سوئی گیس کی قیمت میں اضافہ ضرور ہوگا تو صارفین کا مفاد کہاں چلا جاتا ہے صرف عوام کو دلاسا دے کر اضافہ کمپنیوں کو ہی دیا جانا ہوتا ہے۔

تحریر: سعید آرائیں

دوران ساعت تمام صارفین گیس نے اضافے کی شدید مخالفت کی اور سی این جی ایسوسی ایشن کے صدر غیاث پراچہ کا کہنا تھا کہ گیس کمپنیاں اپنے اخراجات کم کریں مگر وہ ایسا کرنے کی بجائے ہمیشہ سارا بوجھ صارفین پر ڈالتی رہی ہیں۔

پہلے 271 روپے اضافہ مانگا تھا اور اب 20 روپے ٹرانسپورٹیشن چارجز شامل کر کے قیمت مزید بڑھائی جا رہی ہے جس سے گیس مزید مہنگی ہوگی، جس کا اثر برا پڑے گا جب کہ ملک میں گیس وافر مقدار میں موجود ہے مگر صارفین کو گیس نہیں مل رہی جس کی وجہ سے گھریلو، کمرشل اور انڈسٹریل صارفین کی لوڈ شیڈنگ کی جا رہی ہے اور لوگ ایل پی جی استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ ایل پی جی گیس مہنگی ہونے سے لوگوں کی مشکلات بڑھتی جا رہی ہیں۔ اب اگر سوئی گیس بھی مہنگی ہو جائے گی تو لوگوں کی مالی مشکلات میں مزید اضافہ ہو گا۔ اجلاس میں متاثر ہونے والے اداروں کی طرف سے مطالبہ کیا گیا کہ گیس کی قیمت بڑھانے کی بجائے کم کی جائے۔ اوگرا، نیپرا و دیگر آئے دن نرخ بڑھانے والے سرکاری اداروں کے یہ ڈرامے اور عوام دشمنی سالوں سے جاری ہے۔ یہ ادارے دکھاوے کی سماعتیں کرتے ہیں جہاں کبھی عوام کی نہیں سنی جاتی اور فیصلہ ہمیشہ صارفین کے خلاف ہی آتا ہے اور نیشنل ہائی ویز اتھارٹی جیسے سرکاری ادارے تو یہ تکلف بھی نہیں کرتے اور من مانے طور پر ٹول و ڈیلر گیس بڑھا دیتے ہیں۔ جس طرح وفاقی حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کو اپنی کمائی کا ذریعہ بنایا ہوا ہے۔

عالمی سطح پر نرخ کم ہونے پر عوام کو ریلیف دینے پر کوئی وزیر خزانہ یقین ہی نہیں رکھتا اور لیوی بڑھا کر حکومت کو فائدہ پہنچانا ان کا حکومتی فرض ہے، کسی وزیر خزانہ نے کبھی عوام کی نہیں سنی بلکہ عوام پر بوجھ وزرائے خزانہ ہی بڑھواتے آئے ہیں۔ جن میں اکثر غیر منتخب لوگ ہی رہے ہیں جنھیں عوام کا کبھی احساس نہیں رہا۔ انھیں عوام کی بجائے آئی ایم ایف اور حکمرانوں کا مفاد ہی عزیز رہا ہے یہ بھی کبھی عوام کی نہیں سنتے صرف اپنی من مانیوں کے عادی رہے ہیں۔

سیاسی حکومتیں کہنے کو عوام کی ہوتی ہیں جو عوام ہی کے ووٹوں سے منتخب ہوتی ہیں مگر بجٹ میں کبھی عوام کا خیال نہیں رکھا جاتا۔ موجودہ حکومت نے 3 سالوں میں عوام کو کوئی ریلیف نہیں دیا۔ بجلی، گیس کی قیمت بڑھانے میں دیر نہیں کی جاتی کمی کے وقت بھی کمی نہیں کی جاتی کہ آئی ایم ایف ناراض ہوجائے گا اور قرض نہیں ملے گا۔

کمشنر کوہاٹ کی انتظامیہ کو قبضہ مافیا کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت

سرکاری و عوامی زمینوں اور املاک پر کسی قسم کے غیر قانونی قبضے کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، معتصم باللہ شاہ

کوہاٹ (این این آئی) کمشنر کوہاٹ ڈویژن سید معتصم باللہ شاہ نے قبضہ مافیا کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت کرتے ہوئے واضح طور پر کہا ہے کہ سرکاری و عوامی زمینوں اور املاک پر کسی قسم کے غیر قانونی قبضے کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ جمعرات کے روز تحصیل لاچی میں کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کے زیر انتظام منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری محض نشست و برخاست نہیں ہوگی بلکہ اس کے عملی نتائج برآمد ہوں گے اور سائلین کو پیش رفت سے مسلسل آگاہ بھی رکھا جائے گا۔ کمشنر کوہاٹ نے کہا کہ صوبائی حکومت کا مقصد عوامی ایجنڈا کے تحت لوگوں کو براہ راست مسائل کے حل کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا انعقاد اسی پالیسی کا حصہ ہے جس کے ذریعے عوام کو ان کی دہلیز پر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اچھی حکمرانی، شفافیت، قانون کی بالادستی، اور عوامی مسائل کا بروقت حل حکومت کی اولین ترجیحات ہیں۔ کھلی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر لاچی اور لائن ڈیپارٹمنٹس کے حکام کے علاوہ عام لوگوں کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی جہاں عوام نے اپنے اجتماعی و انفرادی مسائل کھل کر پیش کیے۔ کھلی کچہری میں عام نوعیت کے مسائل موقع پر ہی حل کیے گئے جبکہ پینے کے صاف پانی کی فراہمی، بجلی اور گیس کی کمی اور صحت کی بنیادی سہولیات کے فقدان کے حل کیلئے متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کی گئیں

کراچی شہر میں سب سے بڑا مسئلہ زمینوں پر قبضوں کا ہے، ڈاکٹر فرخ علی

آباد کو چاہیے کہ سندھ حکومت کے ساتھ ملکر ایسی قانون سازی کی جائے جس سے زمینوں پر قبضوں سے متعلق فوری جانچ پڑتال کی جا سکے، ڈی آئی جی ایسٹ

کراچی (این این آئی) ڈی آئی جی پولیس ڈسٹرکٹ ایسٹ ڈاکٹر فرخ علی نے کہا ہے کہ کراچی شہر میں سب سے بڑا مسئلہ زمینوں پر قبضوں کا ہے، آباد کو چاہیے کہ سندھ حکومت کے ساتھ ملکر ایسی قانون سازی کی جائے جس سے زمینوں پر قبضوں سے متعلق فوری جانچ پڑتال کی جا سکے، ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کا تعمیراتی شعبے اور ملکی معیشت کی ترقی میں اہم کردار ہے، آباد کے مسائل ترجیحی بنیاد پر حل کیے جائیں گے، انہوں نے ڈسٹرکٹ ایسٹ میں آباد ممبران کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے فوکل پرسن مقرر کرنے کا اعلان کیا۔ آباد کے سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید نے کہا وزیر داخلہ و قانون ضیاالحسن لنجار کی سربراہی میں بننے والے اینٹی انکروچمنٹ اینڈ لینڈ گریبنگ کمیٹی کی سفارشات پر عمل درآمد کرایا جائے تو زمینوں پر قبضوں کے مسائل کافی حد حل کیے جا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے آباد ہاؤس میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آباد کے وائس چیئرمین طارق عزیز، چیئرمین سدرن ریجن احمد اویس تھانوی، ایس ایس پی ڈسٹرکٹ ایسٹ فرخ رضا، ایس ایس ایس پی ملیر ڈاکٹر عبدالخالق اور آباد ممبران اور پولیس افسران کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ ڈی آئی جی ڈاکٹر فرخ علی نے کہا کہ آباد ہمارے زون (ڈسٹرکٹ ایسٹ) کا اہم اسٹیک ہولڈر ہے۔

گورنر سلیم حیدر کیساتھ فیڈریشن آف آل پاکستان یونیورسٹیز اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن کے نمائندگان کا فوٹو

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر محکمہ صحت و آبادی میں کنٹرول روم قائم

صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف آپریشن کی خود نگرانی کر رہی ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب نے سیلاب متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کے لئے ٹیم تشکیل دے دی ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کے حکم پر متاثرہ علاقوں صحت و آبادی کی ٹیمیں امدادی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محکمہ صحت و آبادی میں کنٹرول روم بھی قائم کر دیا گیا ہے جو دیگر اداروں سے مربوط روابط میں رہے گا تا کہ تازہ ترین سیلابی صورتحال سے آپ ڈیٹ رہا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے یہاں محکمہ صحت و آبادی میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں پنجاب میں سیلاب کی صورتحال، محکمہ صحت و آبادی کے ہیلتھ ٹیموں کی متاثرہ علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی اور متاثرہ علاقوں میں ریلیف سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ محکمہ صحت و آبادی کے اعلیٰ افسران بھی موقع پر موجود تھے جبکہ اجلاس میں تمام اضلاع کے سی ای او ز ہیلتھ نے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس میں قصور، وزیر آباد، سیالکوٹ، گجرات، نارووال، اور مظفر گڑھ میں ریلیف کے کاموں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں افسران کو مختلف ذمہ داریاں تفویض کی گئیں۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں موبائل فیلڈ ہسپتال اور کلینک آن ویلز فراہم کر دیے گئے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت و آبادی نے خاص طور پر کرتار پور میں فیلڈ ہسپتال کی فراہمی بارے استفسار کیا۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ محکمہ صحت و آبادی کی طرف سے ریلیف کیمپس بھی قائم کر دیے گئے ہیں اور ریلیف کیمپس میں طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے پنجاب بھر سے فیلڈ ہسپتال سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پہنچانے کی ہدایت کی اور کہا کہ فلڈ وارننگ والے اضلاع پر خصوصی فوکس کیا جائے۔

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی بھارتی آبی جارحیت کی شدید مذمت

بھارت نے بروقت اطلاع فراہم کی ہوتی تو پاکستان حفاظتی اقدامات اٹھا کر بھارتی جانی و مالی نقصان سے بچ سکتا تھا، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی): سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی اور بغیر پیشگی اطلاع کے سپل ویز کھولنے اور پانی چھوڑنے کے عمل کو کھلی آبی جارحیت اور بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت نے بروقت اطلاع فراہم کی ہوتی تو پاکستان حفاظتی اقدامات اٹھا کر بھارتی جانی و مالی نقصان سے بچ سکتا تھا۔ جمعرات کو اپنے ایک بیان میں سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ بھارت نے سندھ طاس معاہدے کے تحت طے شدہ ضابطوں کو نظرانداز کرتے ہوئے پاکستان کو پیشگی اطلاع دیئے بغیر پانی چھوڑا، اس عمل سے پاکستان کے متعدد علاقوں میں شدید سیلاب آیا جس کے نتیجے میں کئی قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوئیں اور بنیادی ڈھانچے کو وسیع پیمانے پر نقصان پہنچا۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ بھارت نے بروقت اطلاع فراہم کی ہوتی تو پاکستان حفاظتی اقدامات اٹھا کر بھارتی جانی و مالی نقصان سے بچ سکتا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ بھارتی رویہ نہ صرف غیر ذمہ دارانہ ہے بلکہ خطے کے امن و استحکام کے لئے بھی خطرہ ہے، مودی حکومت داخلی ناکامیوں سے توجہ ہٹانے کے لئے پاکستان کے خلاف مسلسل سازشوں میں مصروف ہے تاہم دنیا اب بھارت کے اصل چہرے کو پہچان چکی ہے اور اس کی جارحانہ پالیسیوں سے آگاہ ہو چکی ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے 10 مئی 2025 کو بھارتی جارحیت کے خلاف پاکستانی قوم کے متحدہ ردعمل کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا

اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے پرعزم

ڈی آئی جی کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

اسلام آباد (این ان آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلہ میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے، انہوں نے افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہری اپنے مسائل کے حل کے لئے ''آئی جی پی شکایت سیل-1715'' پر بھی اپنی شکایات و مسائل درج کروا سکتے ہیں، اسلام آباد پولیس مختلف اقدامات کے ذریعے عام شہریوں تک پہنچ کر ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے پرعزم ہے، انہوں نے مزید کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تمام سینئر پولیس افسران کو ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے احکامات جاری کئے ہیں اور اس سلسلے میں تمام زونل ایس پیز اپنے زونز میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کر رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کا کوئی بھی شہری ان کھلی کچہریوں میں کھل کر اپنے مسائل بیان کر سکتا ہے، اسلام آباد پولیس کی اس عوامی رابطہ مہم کا مقصد شہریوں کے مسائل ان کے دہلیز پر حل کرنا ہے۔ تھانہ شمس کالونی پولیس نے شہریوں کو اسلحہ کی نوک پر لوٹنے کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینے گئے موبائل فون، نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس تھانہ شمس کالونی ٹیم نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب خطرناک گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی، موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، گرفتار ملزمان کی شناخت شفیع اللہ اور غلام رسول کے ناموں سے ہوئی ہے، ملزمان کے خلاف متعدد مقدمات درج ہیں ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں ڈکیتی، راہزنی اور دیگر سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کے انسداد کیلئے بڑے پیمانے پر کریک

لاہور، پولیس سے مقابلے میں شاہ گینگ کے 2 خطرناک کارندے ہلاک، 4 فرار

ہلاک ملزمان سوشل میڈیا پر سی سی ڈی افسران کو کھلے عام دھمکیاں دے رہے تھے، پولیس ذرائع

لاہور (این این آئی) سی سی ڈی چوہنگ پولیس اور شاہ گینگ کے کارندوں کے درمیان مانووال کے علاقے میں ہونے والے مبینہ مقابلے میں دو خطرناک ملزمان حسنین اور عمر ہلاک ہو گئے۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان سنگین جرائم میں ملوث اور سیکیورٹی اداروں کو مطلوب تھے۔ سی سی ڈی ذرائع کے مطابق شاہ گینگ کے یہ کارندے مانووال، چوہنگ میں روپوش تھے، ملزمان کی گرفتاری کے لیے سی سی ڈی چوہنگ نے خفیہ اطلاع پر چھاپہ مارا تو ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی، جوابی کارروائی میں دونوں ملزمان موقع پر ہی ہلاک ہو گئے۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ ہلاک ملزمان سوشل میڈیا پر سی سی ڈی افسران کو کھلے عام دھمکیاں دے رہے تھے اور اپنے فیصل آباد میں مارے گئے ساتھیوں کا بدلہ لینے کی پلاننگ کر رہے تھے۔ ہلاک ملزمان کے خلاف قتل، اقدام قتل، بھتہ خوری، اور دیگر سنگین وارداتوں کے مقدمات درج تھے،

اسلام آباد، وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی کا پی ای سی انجینئرز ایکسیلینس ایوارڈ حاصل کرنے والوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

تھانہ مٹہ پولیس کی کارروائی، 800 لیٹر دیسی شراب، رائفل اور پستول برآمد، ملزم گرفتار

سوات (این این آئی) سوات میں مٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں دیسی شراب اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ ڈی ایس پی سرکل مٹہ بخت زادہ خان کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ مٹہ حبیب سید خان نے پولیس ٹیم اور لیڈی کانسٹیبل کے ہمراہ کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران پولیس نے مطلوب ملزم انوار اللہ ولد اکرام ساکن شوخدرہ مٹہ کے گھر پر چھاپہ مارا۔

نوجوان کو پڑوسن کے ہمراہ اٹک سے لاکر نوشہرہ کلاں میں قتل کر دیا گیا، ملزمان فرار

نوشہرہ (این این آئی) اٹک کے رہائشی نوجوان کو اپنی پڑوسن کے ہمراہ اٹک سے لاکر نوشہرہ کلاں میں فائر کر کے قتل کر دیا گیا، ملزمان فرار جبکہ نوشہرہ کلاں پولیس نے مقتول نوجوان کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی دونوں مقتولین کی وجہ قتل تاحال معلوم نہ ہو سکی، اس سلسلے میں محمد سجاد ولد محمد اسحاق ساکن دھرنال آڈہ ضلع اٹک نے پولیس کو یوں رپورٹ درج کراتے ہوئے بتایا کہ مجھے اطلاع ملی کہ تمہارے بھائی فیصل شہزاد ولد محمد اسحاق اور پڑوسن مسما جنت الفردوس زوجہ مختیار احمد ساکنان دھرنال آڈہ ضلع اٹک کو کسی نے قتل کیا ہوا ہے اور ڈی ایچ کیو ہسپتال نوشہرہ میں دونوں مقتولین کی لاشیں پڑی ہوئیں ہیں جب میں ڈی ایچ کیو نوشہرہ آیا تو واقعی میرے بھائی فیصل شہزاد اور پڑوسن مسما جنت الفردوس قتل شدہ پڑے تھے معلوم ہوا کہ میرے بھائی فیصل شہزاد اور پڑوسن مسما جنت الفردوس کو مسمی وحدت ولد ہدایت اللہ ساکن چارسدہ حال دھرنال آڈہ ضلع اٹک، حماد ولد جواد، کاشف ولد احسان الدین اور عاصم ولد قاسم ساکن چارسدہ نے اپنے ساتھ لاکر سورے بابا خویشگی روڈ پر فائر کر کے قتل کر دیئے ہیں

ہیڈ قادر آباد پر سیلابی ریلے کا شدید دباؤ، بند ٹوٹنے کا خدشہ، متاثرہ علاقوں سے فوری انخلاء کی ہدایت

اگر بند ٹوٹا تو حافظ آباد اور چنیوٹ کے وسیع علاقے شدید متاثر ہوں گے، ڈی جی پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) دریائے چناب میں ہیڈ قادر آباد کے مقام پر پانی کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہو گئی ہے، جہاں پانی کا بہاؤ 9 لاکھ 96 ہزار کیوسک تک پہنچ چکا ہے، جو ہیڈ ورکس کی 8 لاکھ کیوسک کی گنجائش سے تقریباً 2 لاکھ کیوسک زائد ہے۔ یہ تفصیلات ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے پنجاب عرفان علی کاٹھیا نے جاری کیں۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے کے مطابق ہیڈ قادر آباد پر پانی کا دباؤ مسلسل بڑھ رہا ہے، اور خاص طور پر بائیں جانب بند کے ٹوٹنے کا خدشہ ہے، جس کے سنگین اثرات ہو سکتے ہیں۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے نے خبردار کیا کہ اگر بند ٹوٹا تو حافظ آباد اور چنیوٹ کے وسیع علاقے شدید متاثر ہوں گے۔ اس خطرے کے پیش نظر ڈپٹی کمشنرز کو شہریوں کے فوری انخلاء کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ، محکمہ آبپاشی اور ریسکیو ادارے موقع پر موجود ہیں

صوبے کے مخصوص اضلاع میں دو مرحلوں پر مشتمل انسداد پولیو مہم کا افتتاح

صوبے سے اس موذی مرض کے مکمل خاتمے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے صحت احتشام علی اور چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ نے مشترکہ طور پر صوبے کے مخصوص اضلاع میں انسداد پولیو مہم کا افتتاح کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ صوبے سے اس موذی مرض کے مکمل خاتمے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، تا کہ آنے والی نسلوں کو اس وائرس کی وجہ سے زندگی بھر کی معذوری سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے جمعرات کو پولیس سروسز ہسپتال پشاور میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر دو مرحلوں پر مشتمل انسداد پولیو کے مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ یکم ستمبر سے شروع ہونے والے انسداد پولیو کی اس مہم کے دوران صوبے کے 27 اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر کے تقریباً 57 لاکھ 50 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ افتتاحی تقریب میں سیکرٹری صحت شاہد اللہ، ایڈیشنل سیکرٹری ہیلتھ/ ای او سی کوآرڈینیٹر شفیع اللہ خان، ڈپٹی کوآرڈینیٹر ای او سی لطیف الرحمان، ڈائریکٹر ای پی آئی، یونیسیف، این سٹاپ اور ڈبلیو ایچ او کے صوبائی سربراہان، ٹیکنیکل فوکل پی ای آئی ڈاکٹر علی اور دیگر متعلقہ حکام نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مشیر صحت احتشام علی نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سمیت تمام حکومتی مشینری اس موذی مرض کے مکمل خاتمے کو یقینی بنانے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ تب ہی ممکن ہے جب پانچ سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو پولیو کے قطرے باقاعدگی سے بار بار پلائے جائیں۔ انہوں نے معاشرے کے تمام طبقات بالخصوص مذہبی اسکالرز، طبی ماہرین، سول سوسائٹی اور میڈیا پر زور دیا کہ وہ پولیو کے خاتمے کے اس قومی مقصد میں حکومت سے مکمل حمایت اور تعاون کریں۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری شہاب علی شاہ نے کہا کہ صوبائی حکومت پولیو کے خاتمے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، انہوں نے کہا کہ ضلعی سطح پر خصوصی ایکشن پلان ترتیب دیئے گئے

سوات، سیلاب متاثرین کے لیے امدادی چیکس کی تقسیم شروع

سوات (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کو معاوضے کی ادائیگی کا عمل شروع کر دیا گیا ہے اور اس سلسلے میں متاثرین کو امدادی چیکس تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ ان کے مطابق پہلے مرحلے میں متاثرہ خاندانوں کو صاف پانی، خوراک اور دیگر ضروری اشیائے خورد و نوش فراہم کی گئیں

صوابی، مولانا محمد طیب طاہری کا سیلاب متاثرہ گاؤں دالوڑی کا دورہ، متاثرین سے ملاقات

صوابی (این این آئی) امیر جماعت اشاعت التوحید والسنہ و صدر وحدت المدارس الاسلامیہ پاکستان شیخ القرآن مولانا محمد طیب طاہری نے سیلاب سے متاثرہ گاؤں دالوڑی ضلع صوابی کا دورہ کیا۔ انہوں نے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ وحدت فاؤنڈیشن پاکستان کی طرف سے فرداً فرداً ملاقات اور تعاون کیا۔ مولانا محمد طیب طاہری نے کہا کہ اس مشکل گھڑی میں وحدت المدارس الاسلامیہ اور جماعت اشاعت التوحید والسنہ کے تمام اراکین نے وحدت فاؤنڈیشن پاکستان کی جانب سے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ بھرپور تعاون کیا تھا اور ان کے مسمار گھروں وحدت المدارس الاسلامیہ پاکستان کے طلبا کو خدمت کا موقع بھی ملا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسی دوران ایک طالب العلم جو ہمارے شاگرد، جامعہ دارالعلوم تعلیم القرآن گندف کے درجہ رابعہ کے طالب علم رفیق آف چانگ بونیر کو کئی لاکھ روپے اور سونا ملا، تو انہوں نے دیانتداری سے امانت کو مالک کے حوالہ کیا۔ اس عظیم سعادت پر ان کی حوصلہ افزائی کے لیے مولانا محمد طیب طاہری کی طرف سے جامعہ کے مہتمم مولانا مفتی شریف حسین شریف صاحب اور مذکورہ طالب علم کو نقد انعام اور قیمتی کتاب پیش کی

کمشنر ملاکنڈ کی زیر صدارت انسداد پولیو کا اجلاس

مہم کی تیاریوں کا جائزہ لیا، حتمی شکل دے دی گئی

ملاکنڈ (این این آئی) کمشنر ملاکنڈ ڈویژن عابد وزیر کی زیر صدارت ڈویژنل ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو کا اجلاس منعقد ہوا جس میں قومی انسداد پولیو مہم کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پولیو کے خاتمے کے لئے جاری اقدامات اور انسداد پولیو مہم کی تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی۔ اجلاس میں ضلع سوات، دیر اپر اور دیر لوئر کے ڈپٹی کمشنرز، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرز اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی

نارووال، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کرتار پور میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا؛ مقدمات جلد نمٹانے کیلئے جوڈیشل افسران کو ٹائم لائنز جاری

نیشنل جوڈیشل پالیسی کمیٹی نے مقدمات کو بروقت نمٹانے کے لیے ٹائم لائنز مرتب کر دی ہیں

پشاور (این این آئی) ہائیکورٹ نے مختلف نوعیت کے مقدمات جلد نمٹانے کے حوالے سے صوبے کے تمام جوڈیشل افسران کو مراسلہ جاری کر دیا۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ نیشنل جوڈیشل پالیسی کمیٹی نے مقدمات کو بروقت نمٹانے کے لیے ٹائم لائنز مرتب کر دی ہیں، جس کے مطابق مختلف فوجداری مقدمات نمٹانے کے لیے 12، 18 اور 24 ماہ کی مدت مقرر کی گئی ہے جب کہ کم عمر ملزمان (جوینائل کیسز) اور لیبر مقدمات کو 6 ماہ کے اندر نمٹانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ اسی طرح زمین سے متعلق تنازعات کے مقدمات کے لیے 6 سے 24 ماہ کی ٹائم لائن مقرر کی گئی ہے۔ وراثتی اور پبلک ریونیو کیسز کو ایک سال میں مکمل کرنے کا کہا گیا ہے جب کہ فیملی اور رینٹ مقدمات کو 6 ماہ کے اندر نمٹانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ مزید یہ کہ سکسیشن سرٹیفکیٹ صرف 2 ماہ میں جب کہ کنٹریکٹ انفورسمنٹ کیسز 18 ماہ میں مکمل کرنے کا ٹائم لائن دیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق سول کورٹ ڈگری اور بینکنگ ڈگری مقدمات کے لیے ایک سال جب کہ رینٹ ڈگری کے مقدمات صرف 3 ماہ میں نمٹانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ پشاور ہائیکورٹ کے اس اقدام کا مقصد صوبے میں انصاف کی فراہمی کے عمل کو تیز اور موثر بنانا ہے تا کہ عوام کو اپنے مقدمات کے فیصلوں کے لیے برسوں انتظار نہ کرنا پڑے۔

جنوبی کوریا، اسکولوں میں موبائل فونز کے استعمال پر پابندی عائد

موبائل فون اور دیگر ڈیجیٹل آلات کے استعمال پر پابندی لگانے کا بل منظور

سیول (این این آئی) جنوبی کوریا نے طلبہ کے موبائل فونز کے استعمال پر پابندی عائد کر دی، جو آئندہ سال مارچ سے نافذ العمل ہوگی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق جنوبی کوریا نے اسکول کے کلاس رومز میں موبائل فون لے جانے پر پابندی عائد کر دی۔ نوجوانوں میں سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے استعمال اور اس کے اثرات کے سبب جنوبی کوریا نے ملک بھر میں اسکول کے کلاس رومز میں موبائل فون اور دیگر ڈیجیٹل آلات کے استعمال پر پابندی لگانے کے لیے بل منظور کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق طلبہ پر عائد پابندی پر اگلے سال مارچ سے عمل درآمد کیا جائے گا۔ جنوبی کوریا کی 163 اراکین پر مشتمل پارلیمان میں اس قانون کے حق میں 115 ووٹ ڈالے گئے۔ جنوبی کوریا کے بیشتر اسکولوں نے اپنی جانب سے اسمارٹ فونز کے استعمال پر مختلف پابندیاں عائد کی ہوئی ہیں، مگر اس قانون کے تحت اس پابندی کا اطلاق ملک گیر سطح پر ہوگا۔ اراکین پارلیمان، والدین اور اساتذہ کے مطابق اسمارٹ فون کے استعمال سے طالبعلموں کی تدریسی کارکردگی متاثر ہوتی ہے اور وہ پڑھائی پر توجہ مرکوز نہیں کر پاتے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکہ میں قائم پیو ریسرچ سینٹر کے مطابق ایک سروے میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ جنوبی کوریا کا شمار دنیا کے ان ممالک میں ہوتا ہے

گوجرانوالہ، ضلعی انتظامیہ اور ممبران صوبائی اسمبلی سیلاب متاثرہ علاقوں میں مویشیوں کیلئے چارہ تقسیم کر رہے ہیں

گوجرانوالہ، ڈپٹی کمشنر نوید احمد فلڈ ریلیف کیمپ وزیر آباد دورہ کے موقع پر انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

سکھ برادری نے کرتار پور پر پانی چھوڑنے کو بھارتی آبی جارحیت قرار دیدیا

بھارت کو معلوم تھا کہ اس طرف سکھوں کا گردوارہ ہے جہاں جان بوجھ کر پانی چھوڑا گیا، ہم بھارتی نہیں ہیں، نہ ہی یہ ہمارا دیس ہے

دہلی (اے ایف پی) سکھ برادری نے کرتار پور پر پانی چھوڑنے کو بھارتی آبی جارحیت قرار دیدیا۔ سکھوں کی تنظیم شرومنی اکالی دل امرتسر کے رہنما کلوبندر سنگھ چیمہ نے بھارت کی آبی جارحیت پر کڑی تنقید کی ہے۔ اپنے ویڈیو پیغام میں کلوبندر سنگھ چیمہ نے سندور آپریشن کو مکمل ناکام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن سندور میں بھارت نے ثابت کیا کہ وہ سکھوں کا دشمن ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بھارتی فوج نے لاہور میں سکھوں کے مقدس مقام پر حملہ کیا، پاکستان آرمی کا شکریہ جس نے اس حملے کو مکمل ناکام بنایا، اس کے بعد بھارتی پنجاب میں سکھوں کے گردواروں پر حملے کیے اور الزام پاکستان پر لگایا، ضروری نہیں حملے بموں اور گولیوں سے ہی کیے جائیں، اب بھارت آبی جارحیت کر رہا ہے۔ کلوبندر سنگھ چیمہ کے مطابق آج گرونانک کرتار پور میں بھارت نے آبی جارحیت کر کے بے حرمتی کی ہے، بھارتی آبی جارحیت کے باعث گردوارے کے کمرے میں 5، 5 فٹ پانی جمع ہو گیا، 1984 میں بھارتی آرمی نے دربار صاحب میں ٹینکوں اور توپوں سے حملہ کیا تھا، 1971 میں بھی کرتار پور میں ہی بھارتی فوج نے بم گرائے، ننکانہ صاحب پر بھی ڈرون سے بھارت نے حملہ کیا۔

گوردوارہ کرتار پور صاحب سے یاتریوں اور مقامی افراد کا کامیاب انخلاء

پاک فوج اور ریسکیو اداروں کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور/ پردھان پاکستان سکھ گوردوارہ پربندھک کمیٹی سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے فیلڈ مارشل عاصم منیر اور پاک فوج کے بہادر جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ مشکل وقت میں سکھ برادری کے جان و مال کی حفاظت یقینی بنائی۔ گوردوارہ کرتار پور صاحب میں سیلابی صورتحال کے دوران پاک فوج، ریسکیو اداروں اور ضلعی انتظامیہ نے مل کر دن رات کی انتھک محنت سے ایک کامیاب ریسکیو آپریشن مکمل کیا، جس کے نتیجے میں سو (100) سے زائد یاتریوں اور مقامی افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ سیلابی پانی کے باوجود گوردوارہ کرتار پور صاحب میں تاریخی گرنتھ اور دیگر قیمتی اشیا مکمل طور پر محفوظ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات کے تحت پیشگی حفاظتی اقدامات کیے گئے، جس کے باعث بڑے نقصان سے بچا ممکن ہوا۔ انہوں نے بھارت کی جانب سے دریاں میں پانی چھوڑنے کے اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مودی سرکار نے جان بوجھ کر اڑھائی لاکھ کیوسک کا ریلا چھوڑا، جو کھلی آبی دہشتگردی اور پنجاب کو نقصان پہنچانے کی سازش ہے

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایات پر چنیوٹ میں دریائے چناب کے کنارے حفاظتی اقدامات مزید سخت

صوبائی وزراء خواجہ عمران نذیر، سلمان رفیق نے چنیوٹ کا دورہ کر کے دریائی پٹی اور حفاظتی بندوں کا معائنہ کیا

لاہور (این این ائی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر چنیوٹ میں دریائے چناب کے کنارے حفاظتی اقدامات مزید سخت کر دیئے گئے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت و پاپولیشن و انچارج فلڈ کنٹرول فیصل آباد ڈویژن خواجہ عمران نذیر اور صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے چنیوٹ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کمشنر مریم خان، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد بھی ہمراہ تھے۔ وفد نے ٹی ڈی سی پی، قاضیاں، چنیوٹ بند اور دیگر مقامات پر دریائی پٹی اور حفاظتی بندوں کا معائنہ کیا۔ صوبائی وزراء نے دریائی علاقوں سے شہریوں کے تیز رفتار انخلاء پر ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہا اور موقع پر موجود افراد سے ملاقات کرتے ہوئے انہیں سیلابی خطرات سے آگاہ کیا۔

ڈی پی او ضیاالدین احمد کا سرکل رزڑ کا دورہ، عوامی مسائل و شکایات سنے، موقع پر ازالے کا حکم دیا

صوابی (این این آئی) ڈی پی او ضیا الدین احمد نے سرکل رزڑ کا دورہ کیا جہاں عوامی مسائل و شکایات سننے اور ازالہ کیلئے ڈی ایس پی دفتر میں موجود رہے، اس دوران مختلف عوامی شکایات و مسائل کو غور سے سن کر ایس ڈی پی او سرکل رزڑ شکیل خان اور متعلقہ ایس ایچ او و تفتیشی افسران کو ٹاسک دیا۔ دوران میٹنگ میں تفتیشی نظام کو مزید مؤثر بنانے، زیر تفتیش مقدمات کی بروقت تکمیل اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کارروائی پر زور دیا گیا

صوابی، ڈی سی آفس میں مختلف پوسٹوں پر تعینات اہلکاروں کو ترقی دیدی گئی

صوابی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر صوابی نصر اللہ خان نے ڈی سی آفس میں مختلف پوسٹوں پر تعینات اہلکاروں کو سینیارٹی اور اہلیت کی بنیاد پر ترقی دیدی۔ ڈی سی آفس سے جاری اعلامئے کے مطابق تین سینئر کلرکس کو اسسٹنٹ 16 بیسک پے سکیل، تین جونیئر کلرک کو سینئر کلرک 14 بی پی ایس جبکہ 4 نائب قاصد کو جونیئر کلرک 11 بی پی ایس میں ترقی دے دی گئی ہے۔

محمد علی شہزادہ نے چیف کمشنر رائٹ ٹو پبلک سروس کمیشن کا چارج سنبھال لیا

ہر شہری کو بروقت، مؤثر اور شفاف عوامی خدمات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، چیف کمشنر محمد علی

پشاور (این این آئی) گریڈ 22 کے ریٹائرڈ آفیسر محمد علی شہزادہ نے باضابطہ طور پر رائٹ ٹو پبلک سروسز کمیشن خیبر پختونخوا کے چیف کمشنر کا عہدہ سنبھال لیا۔ اس موقع پر منعقدہ ایک تقریب میں کمیشن کے افسران نے شرکت کی، جہاں محمد علی شہزادہ نے عوامی خدمات کی فراہمی کو مضبوط بنانے اور خیبر پختونخوا کے شہریوں کو بنیادی سہولیات تک بروقت رسائی یقینی بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد علی شہزادہ نے گورننس میں شفافیت، جوابدہی اور مؤثریت کو فروغ دینے میں کمیشن کے کلیدی کردار پر زور دیا۔ انہوں نے کمیشن کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے ڈیجیٹل جدت، صلاحیت سازی اور خدمت فراہم کرنے والے محکموں کے ساتھ مضبوط روابط کے قیام کا وژن پیش کیا اور کہا، ''ہماری اولین ترجیح یہ ہے کہ خیبر پختونخوا کا ہر شہری بروقت، مؤثر اور شفاف عوامی خدمات کو بطور حق حاصل کرے۔ ہم رکاوٹوں کے خاتمے، شکایات کے فوری ازالے، اور عوام کو ان کے حقوق کے لیے آواز اٹھانے کے قابل بنانے کے لیے پُرعزم ہیں''

سی سی ڈی کے ساتھ مبینہ مقابلے میں شاہ گینگ کے 2 خطرناک کارندے ہلاک، 4 فرار

لاہور (این این آئی) سی سی ڈی چوہنگ پولیس اور شاہ گینگ کے کارندوں کے درمیان مانووال کے علاقے میں ہونے والے مبینہ مقابلے میں دو خطرناک ملزمان حسنین اور عمر ہلاک ہو گئے۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان سنگین جرائم میں ملوث اور سیکیورٹی اداروں کو مطلوب تھے۔ سی سی ڈی ذرائع کے مطابق شاہ گینگ کے یہ کارندے مانووال، چوہنگ میں روپوش تھے، ملزمان کی گرفتاری کے لیے سی سی ڈی چوہنگ نے خفیہ اطلاع پر چھاپہ مارا تو ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی،

سرگودھا، صوبائی وزیر ملک صہیب احمد مختلف نشیبی دیہات میں ریسکیو کی نگرانی کر رہے ہیں

امریکی ٹیرف سے فائدہ اٹھانے کیلئے اصلاحات ضروری ہیں، میاں زاہد حسین

19 فیصد ٹیرف سے پاکستانی برآمدات میں دو سے تین ارب ڈالر کا فوری اضافہ ممکن ہے، صدر کراچی انڈسٹریل الائنس

کراچی (این این آئی) نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم و آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے ''امریکا فرسٹ'' ٹریڈ پالیسی کے تحت متعارف کرائے گئے نئے باہمی ٹیرف فریم ورک کا خیر مقدم کیا ہے۔ امریکہ کی جانب سیاس نئے نظام میں یکساں تجارتی قوانین کے بجائے ہر ملک کے لیے مخصوص ٹیرف مقرر کیا گیا ہے۔ پاکستان نے امریکہ کو اپنی برآمدات کے لیے 19 فیصد ٹیرف حاصل کیا ہے جو پاکستان کی ایک بڑی سفارتی کامیابی ہے، بھارت کے لیے یہ شرح 25 فیصد رکھی گئی ہے اور روسی تیل کی خریداری پر بھارت پر مزید 25 فیصد ٹیرف جرمانہ عائد کیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں امریکہ کو بھارتی برآمدات پر 50 فیصد ٹیرف عائد کیا جائے گا جس سے بھارت کی امریکہ کو برآمدات تقریباً ناممکن ہو جائیں گی جس کا پاکستان کو بے انتہا فائدہ ہو سکتا ہے اور امریکہ کو پاکستانی برآمدات میں تقریبا دو سے تین ارب ڈالر کا فوری اضافہ ممکن ہے۔ پاکستان کے امریکہ کے ساتھ معاہدے کے مطابق پاکستان ڈیجیٹل سروسز پر پانچ فیصد ٹیکس واپس لے گا

جماعت اسلامی ملک کے بنیادی مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہیں، عبدالمتین اخوندزادہ

کوئٹہ (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان عبدالمتین اخوندزادہ نے کہا کہ جماعت اسلامی ملک کے بنیادی مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہیں ہم نے جمہوری مزاحمت کا راستہ اختیار کیا ہے عوامی طاقت سے عام آدمی کے مفادات و حقوق کا تحفظ کیا جائے گا بانی جماعت اسلامی مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمتہ اللہ علیہ کا فلسفہ و فکر شورائیت و توانا جمہوریت کا عکاسی کرتا ہے

لاہور' اپنی والدہ کے ساتھ مل کر نومولود کی لاش کوڑے میں پھینکنے والا ملزم گرفتار

سی سی ٹی وی فوٹیجز کی مدد سے ملزم کی شناخت اور گرفتاری ممکن ہوئی، پولیس

لاہور (این این آئی) گلشن راوی میں کوڑے کے ڈرم سے ملنے والی نومولود کی لاش کا معمہ پولیس نے حل کر لیا ہے۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے افسوسناک واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے فوری کارروائی کی ہدایت کی، جس کے بعد ایس پی انویسٹی گیشن اقبال ٹاؤن سدرہ خان کی سربراہی میں ایک خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی۔ انچارج انویسٹی گیشن تھانہ گلشن راوی ملک شہزاد نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق مرکزی ملزم اپنی والدہ کے ہمراہ موٹر سائیکل پر نومولود کی لاش کو کوڑے دان میں پھینک کر فرار ہو گیا تھا۔ ایس پی سدرہ خان کے مطابق جدید ٹیکنالوجی اور سی سی ٹی وی فوٹیجز کی مدد سے ملزم کی شناخت اور گرفتاری ممکن ہوئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزم سے مختلف پہلوؤں پر تفتیش کی جا رہی ہے جبکہ اس کی ساتھی ملزمہ کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں اور امید ہے کہ وہ بھی جلد پولیس کی تحویل میں ہوگی۔ ایس پی سدرہ خان نے کہا کہ شواہد کی بنیاد پر مضبوط چالان مرتب کیا جائے گا تا کہ ملزمان کو قرار واقعی سزا دلائی جا سکے۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے اس موقع پر کہا کہ جرائم پیشہ عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

خضدار میں برن سینٹر کے قیام کا نایاب فارمولا، جلد حقیقت کا روپ دھارنے کو تیار

خضدار (این این آئی) ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کی غیر معمولی سوچ اور عوام دوست وژن سے خضدار میں جدید برن سینٹر کا خواب حقیقت کا روپ دھار رہا ہے۔ یہ منصوبہ شہر کی صحت کی سہولیات میں ایک عظیم الشان اضافہ ثابت ہوگا۔ ماضی میں جلنے کے سنگین زخموں کے شکار مریضوں کو فوری علاج کے لیئے کراچی منتقل کرنا پڑتا تھا، جو طویل فاصلے، محدود وسائل اور وقت کی کمی کی وجہ سے زندگیوں کے لیئے خطرناک ثابت ہوتا تھا۔ ڈی سی یاسر اقبال دشتی کے اس اقدام سے مقامی سطح پر جدید طبی سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی،

فیصل آباد، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کا تیسرے روز بھی تاندلیانوالہ، ماڑی پتن میں سیلاب متاثرہ علاقے کا دورہ کر رہے ہیں

گرلز کیڈٹ کالج کیساتھ گرلز مینجمنٹ سائنس کالج کی کلاسز امسال شروع کر دی جائینگی، کمشنر ڈیرہ

ڈویژنل انتظامیہ نے مون سون اور سیلابوں کے حوالے سے تمام تر انتظامات مکمل کر رکھے ہیں

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) کمشنر ڈیرہ ظفر الاسلام خٹک نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ کی ہدایت پر گرلز کیڈٹ کالج کے ساتھ ساتھ گرلز مینجمنٹ سائنس کالج کی کلاسز امسال شروع کر دی جائینگی، گرلز مینجمنٹ سائنس کالج کے پرنسپل کی تعیناتی جلد ہو رہی ہے، ڈویژنل انتظامیہ نے مون سون اور سیلابوں کے حوالے سے تمام تر انتظامات مکمل کر رکھے ہیں، ریسکیو 1122 کو الرٹ رکھا گیا ہے، ڈیرہ اسماعیل خان اور ٹانک میں بالخصوص واٹرنگ پمپ پہنچائے گئے ہیں جبکہ دریاؤں اور نہروں میں نہانے پر دفعہ 144 لگا دیا گیا ہے، فی الحال دریائے سندھ میں سیلاب کا کوئی خطرہ نہیں ہے، امن و امان کے قیام کیلئے قانون نافذ کرنے والے ادارے دن رات کام کر رہے ہیں، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن ہو رہے ہیں، ڈیرہ ٹانک وغیرہ میں حالات بہتری کی طرف جا رہے ہیں، محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے بعد ربیع الاول کے بابرکت مہینے میں بھی ڈویژنل انتظامیہ نے صوبائی حکومت کی ہدایت پر تمام انتظامات مکمل کر لئے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں میڈیا سے گفتگو کے دوران کیا، کمشنر ظفر الاسلام کا کہنا تھا کہ ریجارج پاکستان (ڈبلیو ڈبلیو ایف) پاکستان کے چھ اضلاع میں کام کر رہا ہے،

سیلاب متاثرین کے لیے الخدمت کی خیمہ بستی میں امدادی سرگرمیاں جاری ہیں' ضیاء الدین انصاری

خیمہ بستی میں روزانہ 700 سے 800 خاندانوں کو تازہ، صاف اور معیاری کھانا فراہم کیا جا رہا ہے' سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن

لاہور (این این آئی) سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن و امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے دربار عدالت شاہ روڈ، چوہنگ'' کے مقام پر دریائے راوی کے سیلاب متاثرین کے لیے قائم الخدمت کی خیمہ بستی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے متاثرہ خاندانوں کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا اور الخدمت رضا کاروں کی امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کی۔ دورے کے دوران ضیاء الدین انصاری کو ایگزیکٹو ڈائریکٹر الخدمت مغیث شاہد قریشی نے خیمہ بستی کے اقدامات پر بریفنگ دی۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ خیمہ بستی میں روزانہ 700 سے 800 خاندانوں کو تازہ، صاف اور معیاری کھانا فراہم کیا جا رہا ہے، جبکہ طبی امداد، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی گئی ہے۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی غربی لاہور علی ارتضیٰ حسینی، صدر الخدمت فاؤنڈیشن ضلع لاہور غربی طارق علی چٹھہ، صدر جے آئی یوتھ فرحان اسلم سلیمی، سیکرٹری اطلاعات جماعت اسلامی لاہور عبدالعزیز عابد، انچارج خیمہ بستی غلام حسین بلوچ اور دیگر قائدین بھی موجود تھے۔

بھارت کا مردانہ وار اور جرات کے ساتھ مقابلہ کرینگے، سردار یعقوب ناصر

بھارت کے پراکسی وار کے سامنے کبھی نہیں جھکیں گے

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی نائب صدر رکن قومی اسمبلی سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ ملک و صوبے میں ملک دشمن عناصر پر زمین تنگ کر دینگے بھارت کے اشارے پر بے گناہ پاکستانیوں کے قتل کا لائسنس کسی صورت کسی کو نہیں دے سکتے نجی فورس اور ملیشیاء رکھنے کی کسی سیاسی جماعت اور گروہ کو اجازت نہیں ہے یہ حق صرف ریاست کو حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حقوق کی بات ٹھیک اور آئینی و قانونی حق ہے لیکن تشدد کا حق کسی صورت ریاست کسی کو نہیں دے سکتی بلوچستان اور کے پی کے میں حالات کو جان بوجھ کر خراب کرنے والے عناصر سے افواج پاکستان آہنی ہاتھوں سے نمٹ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ

سرگودھا، کمشنر ڈویژن جہانزیب اعوان آر پی سرگودھا ڈاکٹر شہزاد آصف کے ہمراہ سیلاب متاثرہ کا دورہ کر رہے ہیں

مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری کا میر خان محمد زہری کی والدہ کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے جمعرات کے روز کوئٹہ میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری کے پرنسپل سیکرٹری میر خان محمد زہری کی والدہ محترمہ اور سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے رہنماء سنگت رفیق زہری کے ہمشیرہ کی انتقال پر ان کے رہائش گاہ جا کر مرحومہ کی ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے

بھارتی فوجیوں نے دو کشمیری نوجوان شہید کر دیئے

بھارت مقبوضہ کشمیر پر اپنی گرفت کو مضبوط کرنے کیلئے ڈرونز تعینات کر رہا ہے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائی میں ضلع بانڈی پورہ میں 2 اور کشمیری نوجوانوں کو شہید کر دیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق فوجیوں نے نوجوانوں کو ضلع کے علاقے گریز میں نوشہرہ ناڈ کے قریب محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کے دوران ایک جعلی مقابلے میں شہید کیا۔ آخری اطلاعات ملنے تک علاقے میں بھارتی فوج کا آپریشن جاری تھا۔ بھارتی فورسز نے ضلع پلوامہ کے علاقے ہری پریگام میں ثاقب ریاض نامی ایک کشمیری نوجوان کو گرفتار کر لیا۔ بارہمولہ اور کپواڑہ اضلاع میں بھی بڑے پیمانے پر محاصرے اور تلاشی کی کارروائیاں جاری ہیں۔ بھارتی فورسز نے اہم سڑکوں پر اضافی چوکیاں قائم کر دی ہیں جہاں گاڑیوں اور مسافروں کی سخت تلاشی لی جا رہی ہے۔ مقبوضہ جموں وکشمیر میں موسلادھار بارشوں کے باعث بڑے پیمانے پر تباہی کے دوران کشمیری نوجوانوں کو شہید اور گرفتار کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ شدید بارشوں اور سیلاب سے اب تک مقبوضہ علاقے میں 40 سے زائد افراد جاں بحق جبکہ بڑی تعداد میں مکانات تباہ ہونے سے سینکڑوں خاندان بے گھر ہو گئے ہیں۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے

سپورٹس SPORTS

FIFA ورلڈ کپ: 48 ممالک کے سربراہان کی آمد متوقع

ورلڈ کپ کے شروع ہونے تک جیو پولیٹیکل حالات کی کچھ تبدیلیاں ہوسکتی ہیں جو مہمانوں کی تعداد پر اثر انداز ہوسکتی ہیں، ورکنگ گروپ کے سربراہ اینڈریو جولیانی

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) امریکا میں 2028 کے فیفا ورلڈ کپ کی تیاریاں عروج پر ہیں۔ شنہوا کے مطابق امریکی حکومت کو توقع ہے کہ اس عالمی فٹبال مقابلے میں حصہ لینے والے 48 ممالک کے سربراہان مملکت اپنے اپنے ملک کے افتتاحی میچز میں شرکت کے لیے امریکا کا دورہ کریں گے۔ یہ بات امریکی انتظامیہ کے ورلڈ کپ تیاریوں سے متعلق ورکنگ گروپ کے سربراہ اینڈریو جولیانی نے ٹی اے ایس ایس سے بات کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے بتایا کہ ورلڈ کپ کے شروع ہونے تک جیو پولیٹیکل حالات کی کچھ تبدیلیاں ہوسکتی ہیں جو مہمانوں کی تعداد پر اثر انداز ہوسکتی ہیں۔ اینڈریو جولیانی نے کہا کہ ہمیں توقع ہے کہ 48 ٹیموں کے سربراہان افتتاحی میچز میں شریک ہوں گے، تاہم آنے والے 189 دنوں میں سیاسی صورت حال پر کچھ اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ امریکی حکام 2028 کے فیفا ورلڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں اس موقع پر وسیع سکیورٹی اور انتظامی انتظامات کر رہے ہیں تاکہ عالمی رہنماں کی حفاظت اور سہولت کو یقینی بنایا جاسکے۔

آئی سی سی کی ون ڈے رینکنگ جاری، محمد رضوان کی بہتری

محمد رضوان 592 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ 27 ویں سے 25 ویں نمبر پر آگئے

دبئی (این این آئی) پاکستان کے ون ڈے کپتان محمد رضوان اور فاسٹ بولر شاہین آفریدی کی ون ڈے رینکنگ میں بہتری ہوئی ہے۔ آئی سی سی کی جانب سے جاری کردہ ون ڈے رینکنگ کے مطابق محمد رضوان 592 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ 27 ویں سے 25 ویں نمبر پر آگئے ہیں جبکہ فخر زمان 584 پوائنٹس کے ساتھ 28 ویں نمبر پر برقرار ہیں۔ آل راؤنڈر سلمان آغا اور امام الحق بھی بالترتیب 38 ویں اور 40 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ صائم ایوب 503 پوائنٹس کے ساتھ 55 ویں نمبر پر براجمان ہیں، عبداللہ شفیق 419 پوائنٹس کے ساتھ ایک درجے تنزلی کے بعد 99 ویں نمبر پر چلے گئے ہیں۔ بھارت کے شبمن گل (784 پوائنٹس) اور روہت شرما (756) ون ڈے بیٹنگ رینکنگ میں سرفہرست ہیں، پاکستان کے بابر اعظم 739 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہیں۔ بولنگ رینکنگ میں شاہین آفریدی 593 پوائنٹس کے ساتھ بھارت کے محمد سراج کے ساتھ ایک درجہ ترقی کر کے مشترکہ 13 ویں نمبر پر آگئے ہیں۔ حارث رؤف 29 ویں، ابرار احمد 39 ویں اور نسیم شاہ 491 پوائنٹس کے ساتھ ایک درجہ بہتری کے ساتھ 45 ویں نمبر پر ہیں۔ اسپنر محمد نواز تنزلی کے ساتھ 67 ویں جبکہ فاسٹ بولر محمد وسیم جونیئر 410 پوائنٹس کے ساتھ 75 ویں نمبر پر آگئے۔

کاؤنٹی چیمپئن شپ کیلئے 2 ٹیموں کی پیشکش، بابر نے انکار کردیا

بابر اعظم بگ بیش کے ساتھ کسی اور لیگ کے مکمل میچز کھیلنے کے خواہشمند ہیں، ذرائع

لاہور (این این آئی) کاؤنٹی چیمپئن شپ کے لیے 2 کاؤنٹیز نے پاکستانی کرکٹر بابر اعظم سے رابطہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق بابر اعظم کو کاؤنٹی چیمپئن شپ کے بقیہ میچز کھیلنے کی پیشکش کی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کرکٹر بابر اعظم نے چند وجوہات کے باعث پیشکش قبول نہیں کی۔ چند میچز کے عوض بابر اعظم کا سالانہ 2 لیگز کے لیے این او سی کوٹہ مکمل ہوجائے گا، اس لیے بابر نے پیشکش قبول نہیں۔ بابر اعظم بگ بیش کے ساتھ کسی اور لیگ کے مکمل میچز کھیلنے کے خواہشمند ہیں، بابر اعظم کا دیگر لیگز سے بھی رابطہ ہو رہا ہے۔ تین ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز اور ایشیا کپ کیلئے پاکستانی اسکواڈ میں بابر اعظم، محمد رضوان اور نسیم شاہ شامل نہیں ہیں۔

سپین، لاوولٹا سائیکل ریس کے سوار منزل کی جانب بڑھ رہے ہیں

آئی ایل ٹی 20 نے یو اے ای کرکٹ کو بین الاقوامی سطح پر پہچان دلائی، احمد رضا

دبئی (این این آئی) دبئی کیپیٹلز کے کوچ احمد رضا نے ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 ڈویلپمنٹ ٹورنامنٹ کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ٹورنامنٹ نوجوان کھلاڑیوں کے لیے اپنی صلاحیتیں دکھانے اور بین الاقوامی سطح پر نام بنانے کا سنہری موقع فراہم کرتا ہے۔ یہ ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جہاں عام کھلاڑی غیر معمولی کارکردگی دکھا کر سپر اسٹار بنتے ہیں۔ یہ ٹورنامنٹ ہمارے کیلنڈر کا سب سے زیادہ انتظار کیا جانیوالا ایونٹ ہے، اور اس بار پہلی مرتبہ آئی ایل ٹی 20 میں نیلامی کا نیا فارمیٹ بھی شامل کیا جارہا ہے جس سے کھلاڑیوں کو مزید مواقع میسر آئیں گے۔ ماضی میں بھی کئی کھلاڑیوں نے اس ٹورنامنٹ سے ابھر کر یو اے ای کی قومی ٹیم کو کامیابیاں دلائیں، مثال کے طور پر حیدر علی اور جواد اللہ کی کارکردگی نے نہ صرف دبئی کیپیٹلز کو مضبوط کیا بلکہ حالیہ دنوں میں یو اے ای کو بنگلہ دیش اور نیوزی لینڈ جیسی بڑی ٹیموں کے خلاف کامیابیاں بھی دلوائیں۔

پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے 65 ویمن کرکٹرز کو ڈومیسٹک کنٹریکٹ دے دیے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے 65 ویمن کرکٹرز کو ڈومیسٹک کنٹریکٹ دے دیے۔ پی سی بی کی جانب سے 20 کھلاڑیوں کو گولڈ اور 45 کو سلور کیٹگری میں شامل کیا گیا ہے۔ کنٹریکٹس کی مدت جولائی 2025ء تا جون 2026ء مقرر کی گئی ہے۔ 65 کھلاڑیوں میں 6 انٹرنیشنل، 23 انڈر اور 19 ایمرجنگ کھلاڑی شامل ہیں۔ ان کرکٹرز کا انتخاب نیشنل وویمنز سلیکشن کمیٹی کے ممبران اسد شفیق اور بتول فاطمہ نے کیا۔ جس میں کارکردگی، ٹیلنٹ اور پوٹینشل کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ اس حوالے سے پی سی بی کی جانب سے کہا گیا ہے کہ مزید کھلاڑی اچھی پرفارمنس سے کنٹریکٹ حاصل کرسکیں گی۔

پی سی بی کا کرکٹ کیساتھ تعلیمی اخراجات بھی اٹھانے کا فیصلہ

انڈر 15 سے لے کر انڈر 19 تک کے بچوں کو کرکٹ کے ساتھ تعلیم بھی دے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے کرکٹ کے ساتھ تعلیمی اخراجات بھی اٹھانے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی انڈر 15 سے لے کر انڈر 19 تک کے بچوں کو کرکٹ کے ساتھ تعلیم بھی دے گا، بچوں کو سال بھر کے لیے اکیڈمیز میں رکھا جائے گا، تعلیمی اخراجات بھی کرکٹ بورڈ اٹھائے گا۔ سیالکوٹ، فیصل آباد، ملتان اور کراچی کی اکیڈمیز میں بچے تعلیم اور کرکٹ سیکھیں گے، سیالکوٹ اکیڈمی سارا سال انڈر 15 بچوں کے لیے مختص ہوگی۔ ذرائع نے کہا کہ فیصل آباد انڈر 17 اور ملتان اکیڈمی انڈر 19 کے بچوں کے لیے ہوگی، تینوں اکیڈمیز کے لیے بچوں کا انتخاب ریجنل کرکٹ کی پرفارمنس پر کیا جائے گا۔ تینوں اکیڈمیز میں کرکٹ ٹریننگ کے ساتھ بچوں کو تعلیم کے اخراجات بھی بورڈ اٹھائے گا، تمام بچوں کے اسکول کالجز میں داخلے سمیت تمام اخراجات پی سی بی اٹھائے گا۔

آسٹریلیا، باسکٹ بال میچ میں ایڈیلیڈ تھرٹی سکسرز اور الوار راباکس کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

معاونت کے باوجود پاکستان ہاکی فیڈریشن مالی مشکلات سے دوچار

ڈیلی الاؤنس ادا نہ کرنے والی فیڈریشن کے لیے فنڈز اکٹھا کرنا دشوار ہے، ذرائع

لاہور (این این آئی) پرو ہاکی لیگ کیلئے 25 کروڑ روپے کی حکومتی معاونت کے باوجود پاکستان ہاکی فیڈریشن مالی مشکلات سے دوچار ہے۔ ذرائع کے مطابق کھلاڑیوں کے ڈیلی الاؤنس ادا نہ کرنے والی فیڈریشن کے لیے فنڈز اکٹھا کرنا دشوار ہے، پرو لیگ کے صرف ایک ایڈیشن کے لیے فیڈریشن کو مزید 10 کروڑ درکار ہیں۔ پاکستان ہاکی ٹیم نے آئندہ برس ورلڈ کپ کوالیفائر اور ایشین چیمپئنز ٹرافی میں شرکت کرنا ہے، ایشین گیمز کے علاوہ کوالیفائی کرنے کی صورت میں ورلڈ کپ میں بھی ٹیم نے شرکت کرنا ہے۔ ذرائع کے مطابق اولمپک کوالیفائرز میں شرکت بھی شیڈول میں شامل ہے، قومی ٹیم کے انوی ٹیشنل، جونیئر اور ایج گروپ ٹیموں کے ایونٹس اس کے علاوہ ہیں۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کو ان ایونٹس کے لیے 30 سے 35 کروڑ روپے ایک سال میں درکار ہیں، پی ایچ ایف کو ایک سال کے لیے مجموعی طور پر کم از کم 45 کروڑ روپے اکٹھے کرنا ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان ہاکی فیڈریشن اپنی اہلیت ثابت نہ کرسکی تو اسے پھر حکومت کی جانب دیکھنا ہوگا، کثیر رقم درکار ہونے کی وجہ سے پاکستان ہاکی فیڈریشن مشکلات میں پھنس گئی ہے۔

نیویارک، یو ایس اوپن کے مینز سنگل میچ کے دوران سربیا کے نوواک جوکووچ امریکہ کے زچری سواجڈا کے خلاف بیک ہینڈ شاٹ کھیل رہے ہیں

پاک بھارت ایشیا کپ میچ، متحدہ عرب امارات بورڈ نے بائیکاٹ کے خدشات رد کردیے

دبئی (این این آئی) امارات کرکٹ بورڈ نے بھارت کی جانب سے پاکستان سے میچ کے بائیکاٹ کے خدشات رد کردیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق بھارت کی میزبانی میں ایشیا کپ نو سے 28 ستمبر تک متحدہ عرب امارات میں کھیلا جائے گا۔ اس سے قبل پاکستانی ٹیم افغانستان اور یو اے ای کے ساتھ ٹرائنگولر سیریز میں حصہ لے گی۔ ایشیا کپ کے لیے امارات کرکٹ بورڈ نے بھرپور تیاریاں جاری رکھی ہوئی ہیں۔ پاکستان اور بھارت کا پہلا مقابلہ 14 ستمبر اور ممکنہ طور پر دوسرا 21 ستمبر کو ہوگا۔ فائنل میں رسائی کی صورت میں روایتی حریفوں کا تیسرا معرکہ بھی ہوسکتا ہے۔ ایشیا کپ کے حوالے سے امارات کرکٹ بورڈ کے چیف آپریٹنگ آفیسر سبحان احمد نے کہا کہ ہماری تیاریاں مکمل ہیں اور ہم شائقین کو بہترین کرکٹ سے لطف اندوز ہونے کا موقع فراہم کریں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ایونٹ میں شریک تمام ٹیموں کے کرکٹ بورڈز نے اپنی حکومتوں سے اجازت لے کر ہی ایشیا کپ میں شرکت کی تصدیق کی تھی۔ سبحان احمد نے کہا کہ 100 فیصد گارنٹی تو نہیں دی جاسکتی البتہ ہمیں پوری امید ہے کہ بھارتی ٹیم پاکستان کیخلاف میچ میں بھی حصہ لے گی۔ انہوں نے کہا کہ شائقین کی جانب سے بھی بائیکاٹ کا کوئی خدشہ نہیں ہے اور ہاؤس فل کی امید ہے۔ ماضی میں بھی شائقین نے ہمیشہ کرکٹ اور سیاست کو الگ رکھا اور اب بھی ایسا ہی ہوگا۔ سی او امارات کرکٹ بورڈ کا کہنا تھا کہ ہم جانتے ہیں مداح بے چینی سے میچ ٹکٹس کے منتظر ہیں، جس کا منفی عناصر نے بھی فائدہ اٹھایا اور جعلی ٹکٹس آن لائن فروخت کرنے لگے۔ اارات کرکٹ بورڈ کے چیف آپریٹنگ آفیسر نے کہا یہی وجہ ہے کہ ایشین کرکٹ کونسل اور ای سی بی کو سوشل میڈیا الرٹ جاری کرنا پڑا، اس میں ہم نے آگاہ کیا کہ ابھی ٹکٹس نہیں بک رہے لہذا جعل سازوں کے چنگل میں پھنس کر اپنی رقم ضائع نہ کریں، تھوڑا انتظار کریں اور باضابطہ اعلان کے بعد آفیشل ویب سائٹ سے ہی ٹکٹ خریدیں۔

سیریز میں بہترین نتائج کے لیے پُر امید ہیں، سلمان علی آغا

مستقبل میں پاکستان کی بہترین ٹیم کھیلتی ہوئی نظر آئے گی، کپتان قومی کرکٹ ٹیم

شارجہ (این این آئی) قومی ٹی 20 ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ پاکستان ٹیم ماضی میں بھی شارجہ میں کھیلتی رہی ہے، ہم نے بھی یہاں آکر بھرپور تیاری کی ہے، سیریز میں بہترین نتائج کے لیے پُر امید ہیں۔ پاکستان، افغانستان اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے درمیان ٹرائی نیشن سیریز ٹرافی کی شارجہ اسٹیڈیم میں رونمائی کے بعد مشترکہ پری سیریز پریس کانفرنس کرتے ہوئے قومی ٹی 20 ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا کہ ہماری ٹیم نے گزشتہ 3 سیریز میں بہترین کھیل پیش کیا ہے۔ سابق کرکٹرز اور فینز کی ہمارے بارے میں اپنی ایک رائے ہے، پاکستان کی نئی ٹیم بن رہی ہے، اس ایونٹ میں شائقین کو اچھی ٹیم کھیلتی ہوئی نظر آئے گی۔ قومی ٹی 20 ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا کہ ایشیا کپ 2025 سے قبل ٹرائی نیشن سیریز کھیلنا میگا ایونٹ کے لیے تیاری کے لیے موزوں ہے، ہماری تیاری مکمل، نتائج بھی اچھے آئیں گے۔ سلمان علی آغا نے قیادت کو اپنے لیے اعزاز اور زمہ داری قرار دیتے ہوئے کہا کہ شارجہ کے گرم موسم سے کوئی مسئلہ نہیں، بطور کھلاڑی یہ کوئی بہانہ نہیں ہو سکتا، ہر گزرتے دن کے ساتھ ہماری کارکردگی بہتر ہو رہی ہے، قومی ٹیم اس وقت درست سمت پر گامزن ہے۔ پری سیریز پریس کانفرنس سے بات کرتے ہوئے افغانستان کرکٹ ٹیم کے کپتان راشد خان نے کہا کہ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ٹورنامنٹس میں ہماری شاندار پرفارمنس رہی ہے، حالیہ چند ماہ کے دوران ہمارے کھلاڑی دنیا بھر میں ہونے والی ٹی 20 لیگز کھیلتے رہے، فرنچائز کرکٹ کے تجربے کا فائدہ ٹرائی نیشن سیریز میں ہوگا۔ انہوں نے کرکٹ فینز کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جتنے بھی فینز میدان میں آکر میچ دیکھنا چاہتے ہیں، میرا ان کے لیے پیغام ہے کہ یہ کھیل اتحاد پیدا کرتا ہے، لوگوں کو آپس میں جوڑتا اور امن کا درس دیتا ہے، جو لوگ میچز دیکھنے کے لیے شارجہ اسٹیڈیم آرہے ہیں، افغانستان کرکٹ ٹیم کے کپتان راشد خان نے کہا کہ یہاں آکر صرف میچ کو انجوائے کریں اور کھلاڑیوں کو سپورٹ کریں۔ واضح رہے کہ ٹرائی نیشن سیریز کا پہلا میچ (آج) 29 اگست جمعہ کو پاکستان اور افغانستان کے درمیان شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ قومی ٹیم سیریز کا اپنا دوسرا میچ 30 اگست کو میزبان یو اے ای کیخلاف کھیلے گی، تیسرے میچ میں پاکستان ٹیم 2 ستمبر کو ایک بار پھر افغانستان ٹیم کا سامنا کرے گی جبکہ 4 ستمبر کو پاکستان اور یو اے ای کی ٹیمیں دوبارہ مدِ مقابل آئیں گی۔ ٹرائی نیشن سیریز کا فائنل مقابلہ 7 ستمبر کو شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔



آکلینڈ، نیوزی لینڈ واریئرز رگبی ٹیم کے کھلاڑی پریکٹس سیشن کیلئے گراؤنڈ میں آرہے ہیں

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے

شوبز SHOWBIZ

میری بیٹی کبھی بالی ووڈ کو جوائن نہیں کرے گی، کاجول

نسا 22 سال کی ہے اور وہ کسی حد تک خود ہی اپنا ذہن بنا چکی ہے، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اسٹار کاجول نے بیٹی نسا دیوگن کے بالی ووڈ جوائن کرنے سے متعلق سوالات پر خاموشی توڑ دی۔ ساتھی اداکاروں کے بچوں کے بالی ووڈ میں کام کرنے کے بعد سے اداکارہ کاجول سے بھی کئی مرتبہ یہ سوال کیا جاچکا ہے کہ ان کی بیٹی نسا بالی ووڈ میں کب قدم رکھے گی جس پر اب کاجول نے پہلی مرتبہ جواب دے دیا ہے۔ ایک حالیہ گفتگو میں کاجول نے کہا کہ جن اسٹارز کے بچے بالی ووڈ میں کام کرتے ہیں انہیں لوگوں کی جانب سے شدید تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے جبکہ ان کے ٹیلنٹ کو چھوڑ کر صرف نام کی وجہ سے انڈسٹری میں جگہ بنانے کا دباؤ ڈالا جاتا ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ ان کی بیٹی کبھی بالی ووڈ کو جوائن نہیں کرے گی۔ کاجول نے مزید کہا کہ نسا 22 سال کی ہے اور وہ کسی حد تک خود ہی اپنا ذہن بنا چکی ہے کہ وہ اس انڈسٹری میں شامل نہیں ہوگی۔ یاد رہے کہ کاجول اور اجے دیوگن کے کئی ساتھی فنکاروں جیسے شاہ رخ، چنکی پانڈے اور دیگر اداکاروں کے بچے بالی ووڈ میں قدم رکھ چکے ہیں جن کو نیپو کڈز کا ٹیگ بھی لگ چکا ہے۔

فرح اقرار کی بچوں کی خواہش سے متعلق پہلی بار لب کشائی

زندگی کا مقصد صرف بچے نہیں ہوتے، زندگی کے اور بھی بہت سارے مقاصد ہوسکتے ہیں

لاہور (این این آئی) سابق نیوز کاسٹر اور سوشل میڈیا انفلوئنسر فرح اقرار نے بچے نہ ہونے اور بچوں کو گود لینے سے متعلق پہلی بار لب کشائی کردی۔ فرح اقرار معروف ٹی وی میزبان اقرار الحسن کی اہلیہ ہیں، ان کی شادی کی تقریباً ڈیڑھ دہائی ہونے والی ہے، تاہم انہیں کوئی اولاد نہیں۔ فرح اقرار کے شوہر اقرار الحسن کو پہلی اہلیہ قرت العین سے ایک بیٹا پہلاج ہے جب کہ انہیں تیسری بیوی عروسہ خان سے بھی تاحال کوئی اولاد نہیں۔ شادی کو کافی عرصہ گزر جانے کے بعد بھی بچے نہ ہونے پر مداح فرح اقرار سے سوالات کرتے دکھائی دیتے ہیں اور حال ہی میں بھی ایک خاتون مداح نے ان سے بچوں سے متعلق سوال کیا۔ فرح اقرار نے مداحوں کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے جوابات دینے کی ویڈیو یوٹیوب پر شیئر کی، جہاں انہوں نے مختلف جوابات دیے۔ ایک خاتون مداح نے انہیں مشورہ دیا کہ وہ کسی بچے کو گود لے لیں، ان کی زندگی کا مقصد پورا ہوجائے گا۔ خاتون مداح کے سوال پر فرح اقرار نے محبت بھرا جواب دیا اور کہا کہ زندگی کا مقصد صرف بچے نہیں ہوتے، زندگی کے اور بھی بہت سارے مقاصد ہوسکتے ہیں۔

کوہلی کی جانب سے انسٹا پر بولڈ تصاویر لائیک کرنے پر بھارتی اداکارہ بلآخر بول پڑیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ اونیت کور نے اسٹار کرکٹر ویرات کوہلی کی جانب سے انسٹاگرام پر بولڈ تصاویر لائیک کرنے پر ردعمل دے دیا۔ رواں برس مئی میں ویرات کوہلی اس وقت سوشل میڈیا پر موضوع بحث بنے جب ان کے تصدیق شدہ انسٹاگرام اکاؤنٹ سے ایک فین پیج پر اداکارہ اونیت کور کی بولڈ تصاویر کو لائیک کیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اونیت کی تصاویر 30 اپریل کو ایک فین پیج پر پوسٹ کی گئی تھیں جس میں اداکارہ کو ایک سبز رنگ کے ٹاپ اور منی اسکرٹ میں دیکھا گیا۔ اونیت کی تصاویر پر کوہلی کے لائیک کو جب صارفین نے دیکھا تو یہ معاملہ سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہوگیا۔ صارفین نے مختلف قیاس آرائیاں شروع کردیں، یہاں تک کہ کچھ صارفین نے ان کی اہلیہ، اداکارہ انوشکا شرما کو بھی پوسٹ میں ٹیگ کیا جب کہ میمز بھی بنائی گئیں۔ معاملے کی شدت کو دیکھتے ہوئے ویرات کوہلی نے انسٹاگرام اسٹوری پر وضاحتی پیغام جاری کیا۔ کوہلی نے کہا میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ جب میں اپنی انسٹاگرام فیڈ کلیئر کر رہا تھا تو ممکن ہے کہ الگورتھم کی وجہ سے غلطی سے لائیک ہوگیا ہو، ایسا کوئی ارادہ نہیں تھا، میں گزارش کرتا ہوں کہ بلاوجہ قیاس آرائیوں سے گریز کیا جائے۔ جالندھر سے تعلق رکھنے والی اور ممبئی میں رہائش پذیر 23 سالہ اونیت کور ان دنوں اپنی بین الاقوامی فلم لوان ویتنام کی پروموشن کر رہی ہیں۔ انہوں نے اس حوالے سے ہونے والی سرگوشیوں پر مسکراتے ہوئے مختصراً کہا ملتا رہے پیار اور کیا کہہ سکتی ہوں۔

رنبیر کپور اور عالیہ بھٹ کی ممبئی میں 250 کروڑ روپے کی عالیشان کوٹھی تیار ہوگئی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار رنبیر کپور اور عالیہ بھٹ کی ممبئی میں عالیشان کوٹھی تیار ہوگئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق رنبیر کپور کی جانب سے ممبئی کے پوش علاقے میں عالیشان گھر بنایا گیا جس کی تعمیر مکمل ہونے میں 5 سال لگے۔ رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ کرشنا راج بنگلو 6 منزلوں پر مشتمل ہے اور اس کی تعمیر کے دوران رنبیر اور عالیہ کام کی نگرانی خود کرتے رہے۔ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ رنبیر اور عالیہ جلد ہی نئے گھر میں منتقل ہوجائیں گے اور اداکار کی والدہ نیتو کپور بھی کرائے کا گھر چھوڑ کر بیٹے اور بہو کے ساتھ اسی گھر میں رہیں گی۔ رپورٹس کے مطابق رنبیر اور عالیہ بھٹ کے نئے گھر کی مالیت 250 کروڑ بھارتی روپے ہے اور یہ کسی بھی بالی ووڈ شخصیت کا سب سے مہنگا گھر ہے۔ خیال رہے کہ شاہ رخ خان کے 6 منزلہ عالیشان گھر منت کی مالیت بھی 200 کروڑ بھارتی روپے ہے۔ رنبیر کا عالیشان گھر ساحل سمندر پر واقع ہے جس میں شیشے کے دروازے لگائے گئے ہیں جبکہ بالکونیوں میں پودے بھی لگائے گئے ہیں۔

پوجا بھٹ کی ممبئی کی گڑھوں سے بھری سڑکوں پر شدید تنقید

سوشل میڈیا صارفین نے مقامی انتظامیہ کی غلط ترجیحات پر بھی تنقید کی ہے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ پوجا بھٹ نے ممبئی کی سڑکوں کی خراب حالت پر تنقید کی ہے اور گڑھوں سے پیدا ہونے والے خطرات کو اجاگر کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ اور فلم ساز پوجا بھٹ نے ممبئی کی سڑکوں خاص طور پر باندرہ کے علاقے کی بگڑتی ہوئی حالت کے خلاف آواز اٹھائی ہے اور شہر میں گڑھوں کے مسئلے کے پیچھے شہری انتظامیہ کی بے حسی کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پوجا بھٹ نے مرمت کے نام پر مہینوں تک بڑی سڑکوں کو بند رکھنے اور پھر انہیں گڑھوں سے بھرا چھوڑ دینے پر سوال اٹھایا ہے۔ پوجا بھٹ نے پوچھا ہے کہ ممبئی شہر خاص طور پر اس کا علاقہ باندرہ بہت بری حالت میں ہے، ہر طرف گڑھے ہیں، کیا اسی لیے مرمت کے کام کی آڑ میں زیادہ تر سڑکیں مہینوں تک بند یا بلاک کی گئی تھیں؟ یہ بے حسی کب ختم ہوگی؟ اداکارہ نے ان تبصروں میں مایوس ممبئی والوں کے دل کی بات کہہ دی ہے جس پر بہت سے لوگوں نے ان کے خدشات کی تائید کی ہے اور خاص طور پر جاری مون سون کے موسم کے دوران سڑکوں کی حالت مزید بگڑنے اور موٹر سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والوں دونوں کے لیے پڑنے والے گڑھوں سے پیدا ہونے والے خطرات کی نشاندہی کی ہے۔ سوشل میڈیا صارفین نے مقامی انتظامیہ کی غلط ترجیحات پر بھی تنقید کی ہے اور فضول خوبصورتی کے منصوبوں کی طرف اشارہ کیا ہے جبکہ سڑکوں اور نکاسی آب جیسی بنیادی سہولتیں نظر انداز ہیں۔ اداکارہ پوجا بھٹ آخری بار بگ باس او ٹی ٹی میں نظر آئی تھیں، وہ ایمزون منی ٹی وی کی ویب سیریز بگ گرلز ڈونٹ کرائے کا بھی حصہ رہی ہیں۔

مشہور بھارتی فلم ”کے جی ایف“ کے اداکار چل بسے

قبل اس فلم کے ایک جونیئر آرٹسٹ کی دریا میں ڈوبنے کی وجہ سے موت ہوگئی تھی

ممبئی (این این آئی) جنوبی بھارتی فلم انڈسٹری کے سینئر اداکار اور آرٹ ڈائریکٹر دنیش منگلورو انتقال کر گئے۔ 55 سالہ اداکار اور آرٹ ڈائریکٹر دنیش منگلورو فلم کی شوٹنگ کے دوران اسٹروک کے باعث فالج میں مبتلا ہوگئے تھے جس کے بعد وہ کئی دن بستر پر رہے تاہم گزشتہ روز وہ برین ہیمرج سے چل بسے۔ فلم انڈسٹری کے ساتھی فنکاروں کی جانب سے ان کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا جارہا ہے۔ دنیش نے مشہور فلم کے جی ایف سمیت کئی فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے تھے جبکہ وہ شانتی نواسا جیسی بڑی فلموں کے آرٹ ڈائریکٹر بھی تھے۔ سوشل میڈیا پر مداحوں کا کہنا ہے کہ جب سے فلم کنترا کی شوٹنگ شروع ہوئی ہے ایک کے بعد اس فلم سے جڑے 4 لوگوں کی مختلف وجوہات کے باعث موت ہوچکی ہے جو تشویشناک بات ہے۔ اس سے قبل اس فلم کے ایک جونیئر آرٹسٹ کی دریا میں ڈوبنے کی وجہ سے موت ہوگئی تھی جبکہ دیگر 2 لوگوں کو فلم سیٹ پر ہی ہارٹ اٹیک ہوا تھا۔

ریتک روشن نے پرتعیش اپارٹمنٹ گرل فرینڈ کو صرف 75 ہزار ماہانہ کرائے پر دیدیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر اداکار ریتک روشن نے ممبئی میں سی ویو جوہو پر واقع اپنا پرتعیش گھر گرل فرینڈ صبا آزاد کو 75 ہزار روپے ماہانہ کرائے پر دیدیا۔ ویسے تو ریتک روشن اکثر اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کی وجہ سے خبروں میں رہتے ہیں، لیکن اس بار وہ اپنی جائیداد کے حوالے سے توجہ کا مرکز بنے ہیں۔ جائیداد کی دستاویزات تک حالیہ رسائی کے مطابق ریتک روشن نے ممبئی کے جوہو میں واقع اپنا ایک لگژری فلیٹ اپنی گرل فرینڈ صبا آزاد کو 75,000 روپے ماہانہ کرائے پر دیا ہے۔ یہ اپارٹمنٹ منت اپارٹمنٹس میں واقع ہے، جو جوہو ورسوا لنک روڈ پر ہے، جو شہر کے مہنگے ترین علاقوں میں سے ایک ہے۔ مقامی بروکرز نے میڈیا کو بتایا کہ اس علاقے میں تین بیڈ اپارٹمنٹ جو کہ ایک ہزار سے 1300 اسکوائر فٹ رقبے کا ہو اس کا عمومی کرایہ ایک سے دو لاکھ ماہانہ ہے۔ اس حوالے سے جب ریتک روشن سے میڈیا نے متعدد بار رابطہ کرنے کی کوشش کی لیکن بات نہ ہوسکی۔

منگیتر نے مجھے ڈبلیو ڈبلیو ایف ریسلر کی طرح مارا بھارتی گلوکارہ کا الزام

ممبئی (این این آئی) جنوبی بھارت سے تعلق رکھنے والی ریڈیو میزبان، گلوکارہ، گیت نگار و کمپوزر اور اداکارہ سوچترا راما دورائی المعروف سوچترا نے اپنے منگیتر اور چنئی ہائیکورٹ کے وکیل شمگراج پر گھریلو تشدد اور مالی فراڈ کے الزامات عائد کیے ہیں۔ چنئی سے تعلق رکھنے والی 43 سالہ گلوکارہ تامل ملیالم، تیلگو اور دیگر زبانوں میں گاتی ہیں، ان کا کہنا ہے کہ شمگراج نے انھیں ڈبلیو ڈبلیو ایف ریسلر کی طرح تشدد کا نشانہ بنایا ہے۔ سوچترا نے دعویٰ کیا کہ انکے منگیتر نے ان کا چنئی میں موجود گھر ہتھیا لیا اور مالی طور پر انہیں کنگال کردیا۔ انھوں نے کہا کہ وہ برسوں سے اس کے مظالم اور فراڈ پر اس کے خلاف قانونی کارروائی کا منصوبہ بنا رہی ہیں۔ انسٹاگرام پر اپنی ایک حالیہ ویڈیو میں سوچترا نے کہا انہیں اپنے تعلق کے دوران جذباتی اور جسمانی طور پر تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ تاہم اب انہوں نے اس کے خلاف قانونی کارروائی کے عزم کا اظہار کیا۔

ریکا خان یوٹیوب کے انسٹاگرام پر چھاگئیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی ٹک ٹاکر ریکا خان ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم یوٹیوب کے انسٹاگرام اکائونٹ پر چھاگئیں۔ فوٹو اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر یوٹیوب کے اکاؤنٹ سے پاکستانی ٹک ٹاکر کی تصویر شیئر کی گئی ہے۔ انسٹاگرام پر یوٹیوب کے پیج کی جانب سے ایک پوسٹ شیئر کی گئی ہے، جس کے بعد ریکا خان کو عالمی سطح پر پذیرائی مل رہی ہے۔ یوٹیوب کے انسٹا پیج کی جانب سے ریکا خان کے ملبوسات کی تعریف کی گئی ہے۔

کینسر سے جنگ جیتنے میں جرمن ڈونر نے زندگی بچائی، لیلیٰ واسطی

جرمن شخص کا عطیہ کیا گیا بون میرو میری زندگی کا سب سے بڑا تحفہ ثابت ہوا، اداکارہ

لاہور (این این آئی) اداکارہ لیلیٰ واسطی کا کہنا ہے کہ کینسر سے جنگ جیتنے میں ایک جرمن ڈونر نے ان کی زندگی بچائی۔ خوبصورت اور باوقار اداکارہ لیلیٰ واسطی نے اپنی زندگی کے سب سے کڑے امتحان اور حیران کن موڑ سے مداحوں کو آگاہ کردیا۔ نجی ٹی وی کے ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے لیلیٰ واسطی نے اپنی کینسر سے جنگ کی نہایت تکلیف دہ کہانی بتائی جس میں انھیں اللہ نے سرخرو کیا۔ لیلیٰ واسطی نے بتایا کہ جب میں کینسر جیسے جان لیوا مرض سے لڑ رہی تھیں تو اللہ کے بعد جس نے میری زندگی بچائی وہ جرمنی کا ایک ڈونر تھا۔ اداکارہ نے بتایا کہ بون میرو ٹرانسپلانٹ کے لیے ڈونر کا بلڈ سیمپل بالکل ڈی این اے کی طرح میچ ہونا لازمی ہے۔ میرے اہل خانہ اور دوستوں میں سے کسی کا میچ نہیں ہو رہا تھا۔ لیلیٰ واسطی نے مزید بتایا کہ ایسی صورت حال میں کسی ڈونر کی تلاش میں مریض کے برسوں بیت جاتے ہیں اور ڈونر ملنے تک بار بار کیموتھراپی سے گزرنا پڑتا ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ میری زندگی میں یہ ناقابل یقین واقعہ رونما ہوا کہ بہن بھائیوں یا دوستوں میں سے تو نہیں لیکن غیر واقف کاروں میں 19 میچنگ ڈونرز سامنے آگئے۔ لیلیٰ واسطی نے کہا کہ انھی ڈونرز میں سے ایک جرمن شہری نے ان کی زندگی بچانے کے لیے اپنا بون میرو ڈونیٹ کیا تھا۔

میری علی ظفر سے ہر ہفتے بات ہوتی ہے، سونو نگم

ان لوگوں سے زیادہ لگاؤ محسوس کرتا ہوں جس کی سوچ اور اقدار مجھ سے ملتی ہوں

ممبئی (این این آئی) بھارتی موسیقی کے لیجنڈری گلوکار سونو نگم نے پاکستانی پاپ اسٹار علی ظفر کے ساتھ اپنے تعلقات اور محبت کا اظہار کیا ہے۔ ایک حالیہ انٹرویو میں سونو نگم نے انکشاف کیا کہ وہ علی ظفر کے ساتھ مستقل رابطے میں رہتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میں ہر ہفتے یا دو ہفتے بعد علی ظفر سے بات کرتا ہوں، وہ نہایت اچھے اور عظیم انسان ہیں۔ سونو نگم نے کہا کہ میں ان لوگوں سے زیادہ لگاؤ محسوس کرتا ہوں جس کی سوچ اور اقدار مجھ سے ملتی ہوں۔ اس سے قبل اسی انٹرویو میں انہوں نے پاکستانی لوک گلوکار عطااللہ عیسیٰ خیلوی کو اپنی زندگی میں اہم مقام دینے کا اعتراف کیا اور ان کے ساتھ جڑی یادوں کو بھی تازہ کیا۔ سونو نگم نے بتایا کہ اپنے کیریئر کے آغاز میں وہ عطااللہ کے مشہور گانے اچھا صلہ دیا تو نے میرے پیار کا گایا کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ عطااللہ عیسیٰ خیلوی کے گانوں نے میرے کیریئر کو ایک نیا رخ دیا اور میں ہمیشہ ان کا شکر گزار رہوں گا۔

بقیہ نمبر 1

ں کو استعمال کیا جارہا ہے۔صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردی کا کوئی ایک واقعہ رونما ہونے پر سیکیورٹی اداروں کی کارکردگی پر سوالات اٹھائے جاتے ہیں، تاہم سیکیورٹی فورسز بروقت کارروائیوں کے ذریعے ایسے متعدد ممکنہ واقعات کو بھی ناکام بنارہی ہوتی ہیں جن کی معلومات عام نہیں ہوتیں۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ جنوبی بلوچستان میں فتنہ الہندستان سے وابستہ عناصر نے دونوں کم عمر بچیوں کو ورغلا کر خودکش حملوں کے لیے تیار کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ زینب کے شوہر سیف سمیت خاندان کے دیگر افراد کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا، جبکہ بعد ازاں ایک مقامی کمانڈر نے زینب اور اس کے اہل خانہ سے رابطے کرکے انہیں اداروں کے خلاف جذباتی طور پر بھڑکانے کی کوشش کی۔ پریس کانفرنس میں موجود 16 سالہ زینب نے بتایا کہ اسے اس کے شوہر کے قتل کا الزام اداروں پر عائد کرتے ہوئے بدلہ لینے پر آمادہ کیا گیا۔اس نے بتایا کہ اس کی 12 سالہ کزن فاطمہ بھی رابطے میں آئی، جس کے والد کو بھی دہشت گردی میں قتل کیے جانے کے بعد مبینہ طور پر جذباتی طور پر متاثر کر کے تنظیم کے لیے کام کرنے پر آمادہ کیا گیا۔زینب اور فاطمہ کے مطابق وہ دونوں مبینہ طور پر تنظیم کے افراد کے ساتھ ایک نامعلوم مقام پر پہنچیں جہاں انہیں تقریباً 40 روز تک رکھا گیا۔دونوں بچیوں نے دعویٰ کیا کہ جب انہوں نے خودکش حملے سے انکار کیا اور گھر واپس جانے کی خواہش ظاہر کی تو انہیں تشدد اور ہراساں کرنے کا نشانہ بنایا گیا۔12 سالہ فاطمہ نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ اس کے والد کے قتل کے بعد اسے مبینہ طور پر بتایا گیا کہ اس کے والد کو سرکار نے قتل کیا ہے اور اسے حکومت کے خلاف خودکش حملہ کرنا چاہیے۔اس نے کہا کہ وہ اور زینب ایک نامعلوم مقام پر تقریباً چالیس روز تک رہیں، تاہم بعد میں دونوں کو احساس ہوا کہ وہ یہ کام نہیں کرسکتیں اور انہوں نے گھر واپس جانے کا مطالبہ کیا۔میر ضیاء لانگو کے مطابق نامعلوم مقام سے دونوں بچیوں کو دوسری جگہ منتقل کیے جانے کے دوران سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کی اور انہیں حراست میں لے لیا، جس سے ان کی جان بچ گئی۔دونوں بچیوں نے پریس کانفرنس کے دوران سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہیں نئی زندگی ملی ہے۔ ان کی جانب سے حکومت اور قوم سے عام معافی کی استدعا بھی کی گئی۔

بقیہ نمبر 2

لیٹری اتھارٹی کے چیئرمین بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ پاکستان مستقبل کی ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل معیشت کے لیے تیار ہے۔بٹ کوائن ایشیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بلال بن ثاقب نے کہا کہ پاکستان نئی مالیاتی وتکنیکی تبدیلیوں کو سمجھنے اور اپنی صلاحیت بڑھانے کے لیے آگے بڑھ رہاہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے 6ماہ سے کم عرصے میں ورچوئل اثاثہ جات کا ریگولیٹری نظام قائم کیا جس کے لیے مختص بجٹ کا صرف 8 فیصد استعمال ہوا۔بلال بن ثاقب کے مطابق نئے ریگولیٹری نظام کی تشکیل اور اسے فعال بنانے پر تقریباً 2 لاکھ ڈالرز خرچ ہوئے جبکہ منظور شدہ بجٹ کا تقریباً 92 فیصد استعمال نہیں کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کوشش بٹ کوائن اسٹریٹجک ریزرو بڑی مقدار میں بٹ کوائن خریدنے کے بجائے ملک کو مستقبل کے مالیاتی نظام کے لیے تیار کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 3

فوجی امداد ختم کرنیکا منصوبہ بنالیا۔برطانوی میڈیا کے مطابق امریکا اور کردستان کے درمیان سکیورٹی معاہدہ ستمبر میں ختم ہورہا ہے۔میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ معاہدہ ختم ہونے سے متعلق امریکی محکمہ دفاع نے کرد حکام کو آگاہ کردیا کہ سکیورٹی معاہدے کی تجدید کا امکان نہیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق کرد فورسز کو رواں سال 6 کروڑ 10 لاکھ ڈالر امریکی امداد ملی تھی۔اس حوالے سے کرد رہنما کا کہنا تھا کہ امداد بند ہونے سے خطے میں طاقت کا خلا پیدا اور ایران کے اثرورسوخ میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 4

وکشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ مہاجرین جموں کشمیر کا استحصال کرنے والوں کا محاسبہ ہوگا،مہاجرین جموں کشمیر نے اپنی جائیدادیں، گھر اور وطن چھوڑ کر تحریک آزادی کشمیر کے لیے تاریخی قربانیاں دی ہیں، اس لیے ان کے حقوق اور نمائندگی کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے۔مہاجرین کے مسائل کا جائزہ لینے کے لیے ممبران اسمبلی اور مہاجرین پر مشتمل کمیٹی قائم کی جائے گی، جبکہ ملازمت، تعلیم اور صحت کے مختص کوٹے پر میرٹ کے مطابق عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ان الفاظ کا اعادہ انہوں نے سندھ کے معروف کشمیری و مسلم لیگی رہنما، کارکن تحریک پاکستان، پیر جٹا پنجم محمد اسحاق شاہین گورایا نقشبندیؒ کے فرزند، مہاجرین جموں کشمیر رابطہ کونسل پاکستان کے کنوینئر اور ملک بھر کے علماء ومشائخ کی نمائندہ تنظیم علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کے سربراہ وسجادہ نشین آستانہ عالیہ بھیج پیر جٹا پیر صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی نے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا،اس موقع پر مہاجرین جموں کشمیر رابطہ کونسل پاکستان کے کنوینئر، علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کے سربراہ اور سجادہ نشین آستانہ عالیہ بھیج پیر جٹا پیر صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی نے نومنتخب وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی سے ملاقات کی اور انہیں وزیراعظم منتخب ہونے پر اپنی، مہاجرین جموں کشمیر اور ملک بھر کے علماء ومشائخ کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔ملاقات میں سندھ سمیت ملک بھر میں آباد مہاجرین جموں کشمیر کے مسائل، ان کے حقوق، مہاجرین کی اسمبلی نشستوں، مسئلہ کشمیر اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پیر صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی نے کہا کہ مہاجرین جموں کشمیر نے تحریک آزادی کشمیر کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں، ان کی قربانیوں، جدوجہد اور خدمات کا اعتراف اور ان کے حقوق کا تحفظ قومی وملی ذمہ داری ہے۔انہوں نے وزیراعظم آزاد کشمیر کو سندھ میں آباد مہاجرین کو درپیش مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔اس موقع پر مہاجرین جموں کشمیر کی اسمبلی نشستیں ختم کرنے کے بعض عناصر کی جانب سے سامنے آنے والے مطالبے کے حوالے سے وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی نے واضح کیا کہ مہاجرین جموں کشمیر کی نشستیں ان کا حق ہیں، کسی فرد یا گروہ کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ یکطرفہ طور پر ان نشستوں کے خاتمے کا فیصلہ کرے۔اس معاملے کا فیصلہ نومنتخب قانون ساز اسمبلی ہی آئینی اور جمہوری طریقہ کار کے مطابق کرے گی۔وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ **مسئلہ کشمیر محض زمین کے ایک ٹکڑے کا مسئلہ نہیں بلکہ کشمیری عوام کے بنیادی حق خودارادیت کا مسئلہ ہے۔ پاکستان کا مؤقف واضح اور دوٹوک ہے کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور پاکستان وکشمیر ایک دوسرے کے بغیر ادھورے ہیں، پاکستان کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور آزاد کشمیر کی قیادت کا بنیادی مقصد کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے حصول کے لیے پرامن سیاسی وسفارتی جدوجہد کو آگے بڑھانا اور عالمی برادری کو مقبوضہ کشمیر کی صورتحال اور کشمیری عوام کی خواہشات سے مسلسل آگاہ رکھنا ہے۔وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کے پائیدار حل کے لیے عالمی برادری، بالخصوص اقوام متحدہ کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنی چاہئیں اور کشمیری عوام سے کیے گئے وعدوں کو عملی شکل دینے کے لیے مؤثر کردار ادا کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیر کے بغیر اور کشمیر پاکستان کے بغیر ادھورا ہے، دونوں کے درمیان رشتہ اٹوٹ ہے اور کشمیری عوام کی امنگوں، حقوق اور حق خودارادیت کے لیے پاکستان کی سیاسی وسفارتی حمایت جاری رہے گی۔ بیرسٹر افتخار گیلانی نے افواج پاکستان اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ آزاد کشمیر کی تعمیر وترقی، استحکام اور عوام کی فلاح وبہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام کی خوشحالی، ریاست کی تعمیر وترقی، مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنا اور مہاجرین جموں کشمیر کے حقوق کا تحفظ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ پیر صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی نے وزیراعظم آزاد کشمیر کو سندھ کے دورے کی دعوت بھی دی، جسے بیرسٹر افتخار گیلانی نے قبول کرتے ہوئے مہاجرین جموں کشمیر سے ملاقات اور ان کے مسائل کے جائزے کے عزم کا اظہار کیا۔ پیر صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی نے نومنتخب وزیراعظم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ آزاد کشمیر کی نئی حکومت مہاجرین جموں کشمیر کے حقوق کے تحفظ، ان کے مسائل کے حل، آزاد کشمیر کی تعمیر وترقی اور مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر 5

رپورٹ پیش کی گئی۔اجلاس میں وفاقی وزراء احد خان چیمہ، عطا اللہ تارڑ، سید مصطفیٰ کمال، کمیٹی کے سربراہ شاہد خان، ارکان بیرسٹر نبیل اعوان، میجر جنرل (ر) خورشید اترا اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ کمیٹی کی جانب سے جن آٹھ افسران کی نشاندہی کی گئی ان میں پمز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر عمران سکندر، جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹرز ڈاکٹر مطاہر شاہ اور چوہدری ڈاکٹر اویس علی شاہ، نیونیٹل ڈیپارٹمنٹ کی سربراہ پروفیسر ڈاکٹر سعدیہ ریاض، سینئر رجسٹرار ڈاکٹر نغم، ڈاکٹر نوشیلہ امجد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سکیورٹی پمز محمد عثمان، سی ڈی اے کے ایمرجنسی سروس کے ڈی جی ڈاکٹر عبدالرحمن شامل ہیں۔ وزیر اعظم نے مذکورہ افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی کے علاوہ بلا امتیاز فوجداری کارروائی کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سکیورٹی پر مامور کمپنی اور اس کے عہدیداران کے خلاف بھی کارروائی کی منظوری دی۔وزیراعظم نے اپنی جان کی پراہ کیے بغیر بچے کو بچانے والی نرس کیلئے ستارہ خدمت دینے کی منظوری دیتے ہوئے وارڈ میں موجود ایک نرس اور خاتون گارڈ کو اوایس ڈی بنا کر مزید تحقیقات کی ہدایت کی۔وزیراعظم شہباز شریف نے سی ای او این آئی ایچ ڈاکٹر محمد سلمان کو پمز کا قائمقام ایگزیکٹیو ڈائریکٹر تعینات کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جن لوگوں کو عہدوں سے ہٹایا گیا ہے ان کی جگہ نئے لوگوں کی فوری اور یکمشت تعیناتی کی جائے۔وزیراعظم شہباز شریف نے تحقیقاتی کمیٹی کی عبوری رپورٹ کو فوری طور پر پبلک کرنے کی ہدایت کی جس کے بعد رپورٹ کو وزارت قومی صحت کی ویب سائٹ پر آویزاں کردیا گیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مجرمانہ غفلت کے مرتکب لوگ کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں،اس واقعے کے ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا،معصوم بچوں کی موت ایک ایسا اندوہناک واقعہ ہے، جس پر پوری قوم غمگین ہے، بچوں کے والدین کے ساتھ مجھ سمیت پوری قوم کی ہمدردیاں ہیں، واقعے کے ذمہ داران کو مثالی سزا دلوائی جائے گی تاکہ دوبارہ کسی کی مجرمانہ غفلت سے کسی ماں سے اس کا لخت جگر جدا نہ ہو۔قبل ازیں اجلاس میں تحقیقاتی کمیٹی کی عبوری رپورٹ پیش کی گئی، تقریباً دو منٹ پر محیط واقعے کی سی سی ٹی وی ویڈیو بھی اجلاس میں چلائی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ابتدائی تحقیقات میں معلوم ہوا کہ پمز میں آتشزدگی یا ہنگامی صورتحال کے حوالے سے کوئی تفصیلی ایس او پیز یا ٹریننگ موجود نہیں، پمز کے 13 ایس او پیز میں صرف دو ذیلی سیکشنز میں آگ یا ہنگامی صورتحال کا تذکرہ پایا گیا، واقعے کے وقت سپر وائزری اسٹاف ڈیوٹی پر موجود نہ تھا، واقعے کے وقت دو نرسیں، ایک خاتون گارڈ اور ہاؤس آفیسر وارڈ میں موجود تھے، آگ لگنے اور پورا وارڈ جلنے میں صرف دو منٹ کا مختصر وقت لگا، ایک نرس نے وارڈ میں آگ پھیلنے سے پہلے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر ایک بچے کی جان بچائی، آگ لگنے کے 6 منٹ بعد ایمرجنسی سروسز کو کال کی گئی جبکہ پہلا ایمرجنسی ریسپانس اس کے 15 منٹ بعد پہنچا، صرف ایک ماہ پہلے جولائی میں پمز کے نرسنگ ہاسٹل میں آتشزدگی کا واقعہ ہوا جس کے بعد بھی ہسپتال میں حفاظتی اقدامات پر سنجیدہ اقدامات نہیں لئے گئے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ وارڈ میں کوئی فائر الارم، سپر نکلر سسٹم موجود نہ تھا، نیونیٹل وارڈ میں ڈبلیو ایچ او کے اس حوالے سے تمام تر قوائد کی خلاف ورزی پائی گئی، ہسپتال میں آگ جیسی ہنگامی صورتحال کے حوالے سے کوئی افسر موجود نہیں تھا، اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو اضافی ذمہ داری سونپی گئی تھی، اجلاس کو ہسپتال کی خستہ حالت اور بد انتظامی پر بھی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے تحقیقاتی کمیٹی کے سربراہ شاہد خان اور تمام ارکان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے تحقیقات کو مکمل کرکے مزید تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ نمبر 6

کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی سطح پر اہم مقام حاصل کرچکا ہے، پاکستان کی مسلح افواج نے گزشتہ سال شاندار بہادری کا مظاہرہ کیا۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات کوئی بلندیوں پر لے جانا چاہتے ہیں، برطانوی حکام سے پاکستان کے تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق ہوا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی معیشت میں اب استحکام آچکا ہے، پالیسی ریٹ 22 فیصد سے کم ہوکر 11 فیصد پر آ گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کے بعد اب حکومت کی توجہ ترقی اور شرح نمو پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی ترقی سے فی کس آمدنی اور معیار زندگی بہتر ہوگا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے دولت مشترکہ میں اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا ہے جبکہ اس کے ساتھ ساتھ پاکستان نے دولت مشترکہ ممالک کو موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے میں تعاون کی پیشکش کی ہے۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان کو 2017 کے معاشی اشاریوں تک لے جانا ہے، پاکستان کو دنیا کی 24ویں بڑی معیشت بنانا اور جی 20 میں شامل کرنا ہدف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ڈیفالٹ کے خطرے سے نکل چکا ہے جبکہ ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں نمایاں بہتری آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ مہنگائی 30 فیصد سے کم ہوکر سنگل ڈیجیٹل میں آچکی ہے

بقیہ نمبر 7

پنگا سیئس اور دیگر اقسام کی مچھلیوں جدید طرز پر افزائش کی جارہی ہے۔ فارمز میں پانی کے معیار، آکسیجن، خوراک اور بائیو سیکیورٹی کی مسلسل نگرانی سے مچھلیوں کی بہتر افزائش یقینی بنائی جارہی ہے۔ اسی طرح پولی کلچر فارمنگ کے ذریعے ایک ہی فارم میں مختلف اقسام کی مچھلیوں کی افزائش سے پیداوار بڑھائی جارہی ہے۔ گھارو میں پہلی بار ایکویریم میں پالی جانے والی مچھلیوں کی فارمنگ بھی متعارف کرائی گئی ہے۔ پاک گھارو اور ملائیشیا کی کمپنی جی کے ایکوا ایس ڈی این بی ایچ ڈی کے اشتراک سے پاکستان کی پہلی آل میل فریش واٹر جائنٹ پراون ہیچری قائم کی گئی ہے۔ منصوبے میں جدید مونوسیکس بریڈنگ ٹیکنالوجی کے ذریعے بڑے سائز، یکساں افزائش اور بہتر تجارتی پیداوار حاصل کی جارہی ہے۔ یہ جھینگا تلاپیا اور پنگاسیئس کے ساتھ بھی کامیابی سے پالا جاسکتا ہے، جس سے فارمز کی مجموعی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ منصوبے سے برآمدات کے نئے مواقع پیدا ہوں گے جبکہ کسانوں کی آمدن، جدید آبی زراعت اور قومی معیشت کو فروغ ملے گا۔

بقیہ نمبر 8

کاری کے نتائج کے جائزے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے بتایا کہ بی ایف سی اسلام آباد میں ایک سال کے دوران کاروباری وسرمایہ کاری سے متعلق 7,709 درخواستیں موصول ہوئیں، مرکز کے ذریعے 6,896 رجسٹریشنز، لائسنسز، سرٹیفکیٹس اور دیگر اجازت نامے جاری کیے گئے۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ بی ایف سی نے 4,920 درخواستوں کو مقررہ مدت کے اندر نمٹایا جبکہ ایک سال کے دوران 4,100 سے زائد نئے کاروباروں کو سہولت فراہم کی گئی۔انہوں نے کہا کہ بی ایف سی کی سہولت کاری کے نتیجے میں 6.6 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری ممکن ہوئی اور 20 ہزار سے زائد روزگار کے مواقع کی سہولت کاری کی گئی۔وفاقی وزیر کے مطابق ایک سال کے دوران بی ایف سی اسلام آباد میں 8,554 افراد کی آمدورفت ریکارڈ کی گئی جبکہ 845 کیسز میں ماہرین کی خصوصی رہنمائی فراہم کی گئی۔انہوں نے کہا کہ دسمبر 2025 میں سب سے زیادہ 1,288 درخواستیں موصول ہوئیں۔ان کا کہنا تھا کہ کاروباری سہولت کاری مرکز سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو مختلف سرکاری محکموں سے متعلق خدمات ایک ہی جگہ فراہم کر رہا ہے، جس سے انہیں دفاتر کے چکر لگانے اور پیچیدہ طریقہ کار سے نجات مل رہی ہے۔قیصر احمد شیخ نے کہا کہ حکومت کاروبار اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے طریقہ کار کو آسان اور سہولت کاری کے نظام کو مزید مؤثر بنا رہی ہے، بی ایف سی کا ایک سالہ کامیاب آپریشن سرمایہ کاردوست ماحول کے قیام کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت سرمایہ کاری اور کاروبار کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور ون ونڈو سہولت کے ذریعے کاروباری افراد کو زیادہ سے زیادہ آسانیاں فراہم کی جارہی ہیں

بقیہ نمبر 9

دیا جارہا ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ڈی آئی پی آر اے آرڈیننس کے نفاذ کے بعد پی او ایف کی کارپوریٹائزیشن کے عمل پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا، پی او ایف میں انڈیجنائزیشن اور اپ گریڈیشن کے لیے دو نئے صنعتی پلانٹس کی تنصیب جاری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پی او ایف کے دو نئے صنعتی پلانٹس رواں سال کے اختتام تک پیداوار شروع کرنے کا امکان ہے، دورے کے دوران دفاعی پیداوار میں خود انحصاری، مقامی تیاری اور تکنیکی جدت کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 10

ہے، پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان اختلافات کم کرنے کے لیے مخلصانہ اور تعمیری کردار ادا کرتا رہا ہے اور تنازع کے پرامن حل اور خطے میں پائیدار امن کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھے گا، وزیراعظم آئندہ بشکیک میں ہونے والی ایس سی او کانفرنس میں شرکت کریں گے، پاکستان کی چیئرمین شپ کا اہم سنگ میل 2027 میں اسلام آباد میں ایس سی او سربراہ اجلاس کا انعقاد ہوگا، مکہ دفاعی معاہدہ خطے میں امن کے تحفظ اور علاقائی استحکام کے فروغ کا دفاعی فریم ورک ہے، پاکستان افغانستان کے ساتھ ریاستی سطح پر مذاکرات کیلئے تیار ہے، افغانستان کو یقینی بنانا ہوگا کہ اس کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہو۔ ہفتہ وار بریفنگ میں انہوں نے کہا کہ پاکستان 2027 میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) سربراہی اجلاس کی میزبانی کریگا جبکہ پاکستان نے ایک سال کے لیے ایس سی او کی چیئرمین شپ بھی سنبھال لی ہے۔ ترجمان کے مطابق وزیراعظم آئندہ بشکیک میں ہونے والی ایس سی او کانفرنس میں شرکت کریں گے اور کانفرنس کے موقع پر مختلف ممالک کے رہنماؤں سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے، وزیراعظم کے دورہ بشکیک کی حتمی تاریخوں اور پروگرام سے آئندہ دنوں میں آگاہ کیا جائے گا۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان ایس سی او سربراہی اجلاس کی صدارت سنبھالنے کیلئے تیار ہے جبکہ پاکستان کی چیئرمین شپ کا اہم سنگ میل 2027 میں اسلام آباد میں ایس سی او سربراہ اجلاس کا انعقاد ہوگا۔ طاہر حسین اندرابی نے بتایا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے 24 اگست کو ایران کا دورہ کیا جس کے دوران ایرانی حکام سے خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور مذاکرات کے ذریعے حل تلاش کرنے پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ترجمان نے واضح کیا کہ آرمی چیف کا دورہ ایران صدر ڈونلڈ ٹرمپ یا امریکا کے نمائندے کی حیثیت سے نہیں تھا۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ایران پاکستان کی جاری سفارتی کوششوں کے تناظر میں تھا جبکہ پاکستان خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور مشرق وسطیٰ کے بحران کے حل کے لیے برادر ممالک کے ساتھ مسلسل رابطوں میں ہے۔ طاہر حسین اندرابی کے مطابق پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان اختلافات کم کرنے کے لیے مخلصانہ اور تعمیری کردار ادا کرتا رہا ہے اور تنازع کے پرامن حل اور خطے میں پائیدار امن کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کوششیں خطے میں امن واستحکام اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کی راہ ہموار کرنے کے لیے ہیں، ایرانی قیادت نے پاکستان کے کردار کو سراہا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا ہے کہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے علاقائی صورتحال پر اپنے ہم منصبوں سے رابطے جاری رکھے۔ طاہر حسین اندرابی کے مطابق اسحاق ڈار نے 14 اگست کو مصری وزیر خارجہ، 19 اگست کو اردن کے وزیر خارجہ، 20 اگست کو برازیل کے وزیر خارجہ اور 23 اگست کو ازبک وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطے کیے۔انہوں نے کہا کہ اسحاق ڈار نے ترک وزیر خارجہ سے بھی 17، 19 اور 25 اگست کو متعدد مرتبہ رابطہ کیا، جبکہ کویتی وزیر خارجہ سے بھی ٹیلیفونک گفتگو ہوئی، اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس سے بھی ٹیلیفونک رابطہ کیا، پاکستان کثیرالجہتی نظام اور اقوام متحدہ کے مؤثر کردار کی حمایت جاری رکھے گا۔ طاہر حسین اندرابی کے مطابق اسحاق ڈار اور ازبک وزیر خارجہ نے آئندہ ایس سی او سربراہ اجلاس کے موقع پر ملاقات پر اتفاق کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ شام کے وزیر خارجہ اسعد حسن نے 19 سے 20 اگست تک پاکستان کا دورہ کیا، جونئی شامی حکومت کے قیام کے بعد کسی شامی وزیر خارجہ کا پہلا دورہ پاکستان تھا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے شام کی خودمختاری، اتحاد اور علاقائی سالمیت کیلئے اپنی حمایت کا اعادہ کیا۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان نیپال میں حالیہ سیلاب کے باعث ہونے والے جانی نقصان اور انفرا اسٹرکچر کی تباہی پر افسوس کا اظہار کرتا ہے، صدر مملکت، وزیراعظم اور نائب وزیراعظم نے نیپال میں سیلاب سے ہونے والے جانی نقصان پر تعزیت کا اظہار کیا ہے، پاکستانی قوم نیپال کے متاثرہ عوام کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ طاہر حسین اندرابی نے بریفنگ میں بتایا کہ مکہ دفاعی معاہدہ خطے میں امن کے تحفظ اور علاقائی استحکام کے فروغ کا دفاعی فریم ورک ہے، مکہ دفاعی معاہدہ اس ممالک کے لیے کھلا ہے جو اجتماعی ذمہ داریوں اور مشترکہ سلامتی کے مفادات کے عزم کا اظہار کریں، معاہدے میں شمولیت کی باضابطہ درخواست پر ریاض اور انقرہ میں شراکت داروں سے مشاورت کے بعد غور ہوگا، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر عملدرآمد کا عمل ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے، ایران، شام اور دیگر ممالک کی جانب سے مکہ معاہدے میں دلچسپی کی باضابطہ درخواست موصول ہونے پر غور ہوگا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان افغانستان کے ساتھ ریاستی سطح پر مذاکرات کیلئے تیار ہے، افغانستان کو یقینی بنانا ہوگا کہ اس کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہو، افغان عبوری حکومت دوحہ فریم ورک سمیت اپنی بین الاقوامی ذمہ داریاں پوری کرے، افغان سرزمین کو ٹی ٹی پی اور بی ایل اے سمیت پاکستان مخالف عناصر کے استعمال سے روکا جائے، افغانستان کے ساتھ ادارہ جاتی رابطے کے لیے تیار ہیں، بشرطیکہ اس کے نتیجے میں قابل تصدیق انسداد دہشت گردی اقدامات ہوں، پاکستان موثر سرحدی انتظام اور قابل تصدیق انسداد دہشت گردی اقدامات چاہتا ہے، پاکستان افغانستان کے ساتھ کسی بھی مذاکراتی عمل میں عملی اور قابل تصدیق پیش رفت کو اہمیت دیتا ہے

بقیہ نمبر 11

ہو چکی ہے۔ایک اور شہری ایلار کے مطابق جنگ کا نوجوانوں پر خاص طور پر گہرا اثر پڑ رہا ہے، نوجوانوں میں امید ختم ہوتی جارہی ہے، چاہے وہ کتنی ہی محنت کریں، انہیں آگے بڑھنے کا راستہ نظر نہیں آ رہا۔تہران میں کھانے کا کاروبار کرنے والے امید نامی شہری نے عرب میڈیا کے رپورٹر کو بتایا کہ کاروبار تقریباً ختم ہو چکا ہے جبکہ کرایوں میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ کارکنوں کی اجرت ادا کرنا بھی مشکل ہوگیا ہے اور جنگ کے باعث کاروباری حالات انتہائی دشوار ہیں۔اسی طرح ایران کے دارالحکومت تہران کے رہائشی محمد نے بتایا کہ ایران عراق جنگ کے بھی گزر چکے ہیں جب لوگوں کے پاس تقریباً کچھ نہیں تھا۔محمد کا کہنا تھا کہ ایرانی عوام ایک بار پھر ثابت قدم رہیں گے اوران آزمائشوں سے سرخرو ہوں گے۔

بقیہ نمبر 12

شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مالیاتی نظام کو مزید مضبوط بنایا جارہا ہے، حکومت ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کررہی ہے۔وفاقی وزیر شزا فاطمہ نے اپنے بیان میں کہا کہ عوام کو جدید ڈیجیٹل مالیاتی نظام سے منسلک کرنا حکومت کی ترجیح ہے جبکہ ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے مختلف شعبوں میں شفافیت اور عوامی اعتماد کو فروغ دیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل والٹس کے فروغ اور مالیاتی نظام کی ڈیجیٹل منتقلی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔وزیر مملکت نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کو قومی ترقی کے لیے ایک اہم اور مؤثر پروگرام قرار دیتے ہوئے کہا کہ کونسل کے پلیٹ فارم سے قومی ترقی اور سرمایہ کاری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متعلقہ ادارے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے ذریعے قومی ترقی کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 13

کب تک پیش کی جائے گی؟ مصطفیٰ کمال نے جواب دیا رپورٹ آجائے گی تو سب کو پتا چل جائے گا۔صحافی نے سوال کیا آپ کے استعفے کا کیا بنا؟ جس پر مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وزیراعظم سے پوچھیں کہ ان کے استعفے کا کیا ہوا؟ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ رپورٹ کا انتظار کرنا چاہیے، ذمہ داری فکس کی جائے گی، جن لوگوں نے مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کیا ان کا علاج بھی ہوگا۔یاد رہے کہ 26 اگست کو پمز ہسپتال کے گائنی وارڈ میں جھلس کر 14 نومولود جاں بحق ہوگئے تھے، جن کے والدین غم سے نڈھال ہیں، والدین نے بچوں کی شناخت کے لیے ڈی این اے ٹیسٹ کرنے اور ہسپتال انتظامیہ کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا

بقیہ نمبر 14

ڈائریکٹر اور متعلقہ عملے سمیت 10 افسران کو عہدوں سے ہٹانے کی سفارش کی ہے۔کمیٹی رپورٹ میں 5 اہم ترین اعلیٰ افسران کو بھی عہدوں سے فارغ کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔انکوائری کمیٹی کی رپورٹ میں ای ڈی پمز رانا عمران سکندر، ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر عنیزہ جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر اقبال درانی، ڈپٹی ڈائریکٹر حسن نواز، جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹر چلڈرن ڈاکٹر مطاہر شاہ کو برطرف کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ذرائع کے مطابق رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سینئر افسران نے سنگین غفلت اور لاپرواہی کا مظاہرہ کیا، پمز اسپتال غیر پیشہ ورانہ انداز میں اور مناسب انتظامی ڈھانچے کے بغیر چلایا جا رہا تھا۔رپورٹ میں ہٹائے جانے والے افسران کی جگہ نئے، اہل افراد کی تعیناتی اور اسپتال کے لیے مستقل گورننگ بورڈ قائم کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔انکوائری رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ہسپتال کی باقاعدہ نگرانی اور مؤثر انتظام کے لیے گورننگ بورڈ ناگزیر ہے۔ 26 اگست کو پمز ہسپتال کے گائنی وارڈ میں جھلس کر 14 نومولود جاں بحق ہوگئے تھے، جن کے والدین غم سے نڈھال ہیں، والدین نے بچوں کی شناخت کے لیے ڈی این اے ٹیسٹ کرنے اور ہسپتال انتظامیہ کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔

بقیہ نمبر 15

نے کے لیے بڑی تعداد میں فائر فائٹرز نے حصہ لیا۔

بقیہ نمبر 16

سے غداری کے مترادف ہیں۔انہوں نے جوہری ہتھیار رکھنے والے ممالک پر زور دیا کہ وہ جوہری تجربات پر پابندی کے معاہدے پر عمل درآمد کریں۔اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نے یہ بھی کہا کہ آئیے جوہری تجربات کے خاتمے کے اپنے عزم کا اعادہ کریں

بقیہ نمبر 17

پاسپورٹ آفس کا اچانک دورہ کیا جبکہ مبینہ طور پر پاسپورٹ آفس مقررہ وقت سے قبل بند، عملہ غائب، شہریوں کا داخلہ بھی بند اور دفتر کے باہر بے یارومددگار چھوڑ دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر داخلہ محسن نقوی کی گوجرانوالہ ریجنل پاسپورٹ آفس میں سہ پہر کو 4 بجے ہی پورے دفتر کی صفائیاں اور دفتر میں چھٹی کا سماں تھا، وزیرداخلہ محسن نقوی نے ریجنل پاسپورٹ آفس گوجرانوالہ کی حالت پر شدید برہم کا اظہار کیا اور تمام عملے کو فوری طور پر عہدوں سے ہٹانے کا حکم دے دیا۔محسن نقوی نے استفسار کیا کہ دفتر کا وقت ساڑھے چار بجے ہے تو 4 بجے دفتر کو کیوں تالے لگے، وزیر داخلہ کے ایک بھی سوال کا دفتر میں موجود واحد اسٹاف کوئی جواب نہ دے سکا۔وزیرداخلہ نے کہا کہ دفتر بند کر کے صفائیاں کی جارہی ہیں اور کوئی عملہ موجود نہیں ہے، یہ سب کیا ہو رہا ہے، کیا عوام کی سہولت کے لیے دفاتر ایسے چلتے ہیں، شہری باہر آرہے ہیں اور انہیں وہیں سے واپس بھیجا جارہا ہے۔محسن نقوی نے کہا کہ شہری خدمات کی فراہمی پر کوتاہی برداشت نہیں ہوگی، عوام کی خدمات پر مامور اسٹاف کے خلاف سرکاری فرائض میں غفلت پر تادیبی کارروائی کی جائے گی۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے گوجرانوالہ میں 24/7 میگا نادرا سینٹر کا بھی دورہ کیا اور نادرا میگا سینٹر میں پاسپورٹ آفس کی سہولت بھی مہیا کرنے کا اعلان کیا۔رپورٹ کے مطابق شہریوں نے نادرا میگا سینٹر میں فراہم کردہ سہولتوں پر اطمینان کا اظہار کیا، وزیرداخلہ نے شہریوں کی ہر طرح سے رہنمائی کرنے اور تمام معلومات فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے شہریوں کی شکایات کا موقع پر ہی نوٹس لے کر فوری ازالے کے لیے احکامات دیے۔قبل ازیں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) زونل آفس لاہور میں خصوصی اجلاس کی صدارت کی اور اپ گریڈیشن پراجیکٹ کا جائزہ لیا اور پراجیکٹ جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔وزیرداخلہ نے ایف آئی اے افسران کو انسانی اسمگلنگ اور حوالہ ہنڈی میں ملوث مافیا پر کڑا ہاتھ ڈالنے کے احکامات دیے اور ہدایت کی کہ انسانی اسمگلنگ اور حوالہ ہنڈی مافیا کی پوری چین کو قانون کی گرفت میں لایا جائے۔اجلاس میں اصولی فیصلہ کیا گیا کہ ملک بھر کے ائیرپورٹس پر امیگریشن کاؤنٹرز پر پرانے کیمروں کو تبدیل کیا جائے گا اور شکایات کے اندراج کے لیے پاک آئی ڈی ایپ کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 18

دفاع دونوں محاذوں پر بیک وقت کام جاری رکھیں گے۔ بیان کے مطابق حکومت کی ترجیحات میں مہنگائی پر قابو پانا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا، مقامی پیداوار کو فروغ دینا اور بتدریج امریکی ڈالر پر انحصار کم کرنا شامل ہے۔ایرانی حکومت نے واضح کیا کہ ایران ملکی معیشت کے استحکام کے ساتھ ساتھ قومی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے بھی اپنی پالیسی جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 19

زیر انتظام تمام سرکاری ہسپتالوں میں فوری طور پر فائر سیفٹی آڈٹ شروع کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ترجمان وزارت صحت کے مطابق اس حوالے سے باقاعدہ مراسلہ بھی جاری کردیا گیا ہے، فائر سیفٹی آڈٹ مجاز اور ماہر فائر سیفٹی کمپنی کے ذریعے جامع طور پر کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، آڈٹ کے دوران فائر الارم، فائر فائٹنگ آلات، ایمرجنسی ایگزٹ اور ہنگامی صورتحال میں انخلا کے راستوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ مزید یہ کہ ہسپتالوں میں بجلی اور دیگر ممکنہ فائر ہیزرڈز کی بھی جانچ کی جائے گی۔ ایمرجنسی ریسپانس کے انتظامات اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہسپتال کے عملے کی تیاری کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ وزارت صحت نے ہدایت کی کہ فائر سیفٹی آڈٹ کے دوران سامنے آنے والی ایسی خامیاں، جو جان ومال کو فوری خطرے میں ڈال سکتی ہیں، ترجیحی بنیادوں پر دور کی جائیں۔ تمام ہسپتالوں کو آڈٹ کے آغاز، متعلقہ فائر سیفٹی کمپنی کے نام اور آڈٹ مکمل ہونے کی متوقع تاریخ سے وزارت صحت کو فوری آگاہ کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کو سرکاری اور نجی صحت اداروں میں فائر سیفٹی آڈٹ شروع اور اس کی تصدیق کرانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ آڈٹ کی تکمیل کے بعد متعلق جامع رپورٹ وزارت صحت کو پیش کی جائے گی۔ترجمان وزارت صحت کے مطابق رپورٹ میں ان تمام صحت اداروں کی نشاندہی کی جائے گی جہاں فائر سیفٹی آڈٹ شروع کردیا گیا ہے۔اس کے ساتھ ان اداروں کی تفصیلات بھی شامل ہوں گی جہاں آڈٹ کا عمل ابھی زیرالتوا ہوگا۔

بقیہ نمبر 20

انحصار کم ہوا ہے، جولائی 2026 میں مقامی سطح پر موبائل فون اسمبلنگ میں گزشتہ ماہ کے مقابلے میں 102 فیصد اضافہ ہو، جس کے بعد ملک کی موبائل فون طلب کا 97 فیصد حصہ مقامی پیداوار سے پورا کیا گیا۔اعدادوشمار کے مطابق جولائی میں پاکستان میں مقامی طور پر اسمبل کیے گئے موبائل فونز کی تعداد بڑھ کر 3.90 ملین یونٹس تک پہنچ گئی جبکہ جون میں یہ تعداد 1.93 ملین یونٹس تھی۔ یوں ایک ماہ کے دوران مقامی اسمبلنگ میں قریباً دگنا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دوسری جانب موبائل فون درآمدات میں نمایاں کمی دیکھی گئی۔ جولائی میں درآمد کیے گئے موبائل فونز کی تعداد کم ہو کر تقریباً 1.1 لاکھ یونٹس رہ گئی، جو جون کے مقابلے میں 83 فیصد کمی ظاہر کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 21

پولیس قانون) کی منظوری دی ہے، جس کے تحت افغانستان بھر میں ہر قسم کے مظاہروں پر پابندی ہوگی۔افغان وزارت انصاف کی جانب سے آج با قاعدہ قانون شرطہ جاری کیا گیا ہے، جس میں پولیس کے مختلف شعبوں میں فرائض اور ذمہ داریوں کا تعین کیا گیا ہے۔افغان میڈیا کے مطابق قانون شرطہ کی شق نمبر 50 میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ افغانستان کی سرزمین پر کسی بھی قسم کا مظاہرہ ممنوع ہے۔خیال رہے کہ افغان طالبان نے حال ہی میں اپنی پولیس فورس کا نام تبدیل کرکے شرطہ رکھا ہے۔ پولیس قانون میں کہا گیا کہ پولیس اہلکار گرفتاری کے دوران ایسے اقدامات سے گریز کریں گے جن سے زیر حراست افراد یا ملزمان کی جسمانی صحت یا عزت نفس کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہو۔ قانون کے تحت کسی بھی قیدی یا ملزم کو عدالتی حکم کے بغیر لاٹھی، کوڑے یا کیبل سے مارنے یا کسی بھی دوسرے طریقے سے تشدد کا نشانہ بنانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

بقیہ نمبر 22

جانے والے مسافروں سے ملے اور امیگریشن پراسیس بارے پوچھا۔وزیرداخلہ کے دورے کے دوران امیگریشن سسٹم ڈاؤن ہوا، وزیر داخلہ نے موقع پر ہی متعلقہ حکام سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور امیگریشن سسٹم کی خرابی فوری دور کرنے کی ہدایت کی وزیرداخلہ نے کہا کہ سسٹم ڈاؤن ہونے کی صورت میں متبادل انتظام کا بندوبست رکھا جائے۔ محسن نقوی نے کہا کہ امیگریشن پراسیس کسی صورت رکنا نہیں چاہیے۔ وزیرداخلہ نے جعلی دستاویزات پر سفر کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن کا حکم دیا اور کہا کہ نامکمل اور بغیر تصدیق شدہ دستاویزات کے حامل مسافر کو کسی صورت سفر کی اجازت نہیں۔

بقیہ نمبر 23

مقصد معاشی حالات سے قطع نظر میرٹ کی بنیاد پر پاکستانی طلبہ کو امریکا کی ممتاز اور اعلیٰ عالمی درجہ بندی کی جامعات میں اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ وفد نے جارج ٹاؤن یونیورسٹی کی تاریخی رگس لائبریری کا بھی دورہ کیا۔اس موقع پر دونوں جانب سے خیرسگالی اور ادارہ جاتی تعاون کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے ملاقات کے دوران پاکستان کی نوجوان آبادی کو ملک کا اہم انسانی سرمایہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی تقریباً 65 فیصد آبادی 30 سال سے کم عمر افراد پر مشتمل ہے جسے مصنوعی ذہانت، سائبر سیکیورٹی، ڈیٹا سائنس، حیاتیاتی ٹیکنالوجی، ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی، زراعت اور عوامی پالیسی جیسے اہم شعبوں میں اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے۔انہوں نے جارج ٹاؤن یونیورسٹی کے سامنے باہمی سرمایہ کاری پر مبنی شراکت داری کا ایک جامع خاکہ بھی پیش کیا۔ تجویز کے مطابق پاک ایچ ای سی فی طالب علم کو سالانہ 29 ہزار امریکی ڈالر تک وظائف فراہم کرے گا جبکہ عالمی درجہ بندی کی ممتاز جامعات پاکستانی طلبہ کے لیے مکمل یا جزوی ٹیوشن فیس معافی کی صورت میں معاونت کریں گی۔اس کے علاوہ پاکستانی طلبہ کو عالمی معیار کے تعلیمی پروگراموں سے منسلک کرنے کے لیے مشترکہ رابطہ پلیٹ فارم کے قیام کی تجویز بھی پیش کی گئی۔وفاقی حکومت نے اعلیٰ تعلیم کے لیے 1.5 ارب روپے مختص کیے ہیں جنہیں قومی اہمیت کے حامل شعبوں میں پوسٹ گریجویٹ اور ڈاکٹریٹ تعلیم کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ پاکستانی وفد نے امریکا کے دورے کے دوران کولمبیا یونیورسٹی، کارنیل یونیورسٹی، پرنسٹن یونیورسٹی، ییل یونیورسٹی، براؤن یونیورسٹی، میساچوسٹس انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، ہارورڈ یونیورسٹی اور جانز ہاپکنز یونیورسٹی سمیت متعدد ممتاز تعلیمی اداروں کی اعلیٰ سطحی قیادت سے روابط قائم کیے۔امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے اس اقدام کے لیے سفارتخانے کی مکمل سفارتی معاونت کا یقین دلایا۔انہوں نے امریکا میں مقیم پاکستانی برادری اور تارکین وطن کے نیٹ ورک کو متحرک کرکے پاک ایچ ای سی وظائف حاصل کرنے والے طلبہ کے لیے اضافی معاون فنڈ قائم کرنے میں تعاون کی پیشکش بھی کی۔ جارج ٹاؤن یونیورسٹی کے نائب صدر تھامس بینیکوف نے پاکستانی وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے پاکستان کی جانب سے پیش کردہ اقدام کی اہمیت کو سراہا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان دنیا سے ہمدردی نہیں بلکہ شراکت داری کا خواہاں ہے، ایسی شراکت داری جو صلاحیت، عزم اور اس یقین پر مبنی ہو کہ نوجوانوں میں سرمایہ کاری سے سب کو فائدہ ہوتا ہے۔

بقیہ نمبر 24

یومیہ ساڑھے 9 لاکھ اسٹینڈرڈ کیوبک فٹ گیس حاصل ہورہی ہے، کھدائی 17 اپریل کو شروع ہوئی، 3 ہزار 850 میٹر گہرائی تک کھودا گیا، سیرائی بلاک میں پی پی ایل 75 فیصد کے ساتھ آپریٹر، جی ایچ پی ایل 25 فیصد کا پارٹنر ہے۔ پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو خط لکھ کر اہم پیشرفت سے آگاہ کردیا، اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ڈولفن ایکس ون منصوبے کیلئے پاکستان نیوی کے گراں قدر تعاون پر شکر گزار ہیں۔ماہرین کے مطابق سمندر کی دلدلی زمین اور ممکنہ کم گہرائی والے علاقے میں نئی دریافت اہم سنگ میل ہے، پاکستان کے شیلو آف شور علاقوں کی دریافتی صلاحیت میں مزید اضافے کے امکانات روشن ہیں

بقیہ نمبر 25

کے تمام شہروں میں انسانی حقوق کی تنظیموں اور شرح خواندگی میں اضافے کے حوالے سے کام کرنے والے اداروں اور سماجی تنظیموں کے زیراہتمام مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی خواندگی کا عالمی دن ہر برس 8 ستمبر کو منایا جاتا ہے تاکہ دنیا بھر کے کروڑوں مرد وخواتین اور بچوں کو امید دلائی جاسکے کہ وہ اپنا نام نہیں لکھ سکتے۔ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں اس وقت پانچ کروڑ سے زائد افراد ناخواندہ ہیں

بقیہ نمبر 26

اے چیف جان رینٹکلف نے دورہ روس میں ماسکو کو یوکرین کے خلاف جنگ میں شدت لانے سے گریز کرنے سے خبردار کیا اور واضح کیا کہ کسی بھی اقدام کے نتائج خود روس کے لیے نقصان دہ ثابت ہوں گے۔

بقیہ نمبر 27

استعفیٰ دینے یا اسے ایک فیصد کرنے کا بھی مطالبہ کیا اور کہا کہ تفریحی اور تعلیمی پلیٹ فارمز کو ایک ہی کیٹیگری میں رکھنا درست نہیں۔ابراہیم امین نے کہا کہ پاکستان کی فری لانسرز کی تعداد 30 لاکھ سے زائد ہے اور حکومت کی معاون پالیسیوں کے نتیجے میں اس تعداد میں مزید اضافہ ممکن ہے جو پاکستانی آئی ٹی خدمات کی آمدن میں بھی مزید اضافے کا باعث بنے گی

بقیہ نمبر 28

لیے جامع اقدامات کررہی ہے،2047ء میں پاکستان کے قیام کو 100 سال مکمل ہوں گے اس لیے مستقبل کی تیاری اور طویل المدتی منصوبہ بندی ابھی سے کرنا ہوگی۔ایچ ایس ایس پی 2026ء کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ پاکستان کے قیام کے وقت وسائل کی شدید کمی تھی، ہمارے بزرگوں نے انتہائی مشکل حالات میں ملک کو سنبھالا اور دشمنوں کے عزائم ناکام بنائے۔پاکستان مسلسل جدوجہد کے ذریعے آگے بڑھتا رہا اور آج جدید ٹیکنالوجی، ایٹمی صلاحیت اور دیگر شعبوں میں اہم مقام رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خلاف پانچویں نسل کی جنگ مسلط کی گئی جس کے ذریعے نوجوانوں میں مایوسی پیدا کرنے کی کوشش کی گئی، ہمیں پاکستان کی کامیابیوں اور مثبت پہلوؤں کو بھی اجاگر کرنا ہوگا۔ پاکستانی ڈاکٹرز اور نرسز کی قابلیت کو دنیا بھر میں تسلیم کیا جاتا ہے جبکہ پاکستانی نرسز کی عالمی سطح پر بہت زیادہ مانگ ہے۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ نرسز کی سالانہ پیداوار چند ہزار سے بڑھا کر 38 ہزار تک پہنچادی گئی ہے جبکہ وزیراعظم نے نرسز کی تعداد اگلے سال تک 60 ہزار سے ایک لاکھ تک لے جانے کا ہدف دیا ہے۔ نرسنگ کے شعبے میں معیار برقرار رکھتے ہوئے افرادی قوت بڑھانے پر کام جاری ہے اور پاکستان میں ہیلتھ ٹورزم کے فروغ کے لیے بھی عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ چین کی 50 یونیورسٹیز، 70 سے زائد تکنیکی تعلیم کے اداروں، امریکہ کی 25 یونیورسٹیز اور ہیلتھ وتکنیکی تعلیم کے 17 اداروں کے ساتھ تعاون کے معاہدے کیے گئے ہیں۔ بین الاقوامی جامعات کے تعاون سے پاکستان میں ریسرچ سینٹرز قائم کیے جائیں گے جبکہ آئندہ دو ماہ میں بین الاقوامی جامعات کے نمائندگان پاکستان آئیں گے۔ چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ پاکستان کی پہلی نیشنل یوتھ پالیسی کابینہ سے منظوری ہو چکی ہے جبکہ پہلی نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی بھی لانچ کی جاچکی ہے۔ نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے، خواتین کی ملازمت میں شمولیت بڑھانے اور نئی کمپنیوں میں نوجوانوں کی رجسٹریشن یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پہلی ای اسپورٹس پالیسی بھی متعارف کرائی جارہی ہے جس میں گیم ڈویلپمنٹ، آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت کے شعبے شامل ہیں۔ وزیراعظم وژن 2047ء کے تحت نوجوانوں کو قومی ترقی کے مرکز میں لانا چاہتے ہیں اور پالیسی سازی میں پہلی مرتبہ نوجوانوں سے براہ راست تجاویز اور آئیڈیاز لیے جائیں گے۔ حکومت کا مقصد صرف پالیسیاں بنانا نہیں بلکہ ان پر عملی طور پر عملدرآمد یقینی بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 29

مقدمات کی تعداد میں اضافے کے باعث لاہور میں نئی انسداد دہشتگردی عدالت قائم کی گئی ہے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد اکرام کو انسداد دہشتگردی عدالت نمبر 4 کا جج تعینات کردیا گیا ہے۔ فاضل جج کیم ستمبر کو اپنے عہدے کا چارج سنبھالیں گے۔

بقیہ نمبر 30

و مالیاتی خطرات میں کمی کو قرار دیا ہے۔ موڈیز کے مطابق آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری اصلاحات کے پروگرام پر مسلسل عمل درآمد سے پالیسیوں کی ساکھ مضبوط ہوئی ہے، معاشی استحکام برقرار رہا ہے اور سرکاری وبین الاقوامی مالیاتی اداروں سے فنڈنگ کی راہ ہموار ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 31

پسماندہ اور کم رسائی والے علاقوں میں بھی ویکسینیشن کی سہولیات پہنچائی جارہی ہیں ان کا کہنا تھا کہ حکومت بلوچستان کی صحت عامہ کی ترجیحات کے مطابق کوئی بھی بچہ حفاظتی ٹیکوں سے محروم نہ رہے، اس مقصد کے لیے معمول کی ویکسینیشن کے ساتھ ساتھ آؤٹ ریچ سرگرمیوں کو بھی مؤثر اور منظم انداز میں جاری رکھا جارہا ہے اوٹ ریچ سرگرمی کے دوران گوادر شہر، نیو آباد، پشکان، شبے اسماعیل، پسنی سمیت ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں خصوصی ویکسینیشن سیشنز کا انعقاد کیا گیا، جہاں بچوں کو مقررہ ویکسینیشن شیڈول کے مطابق حفاظتی ٹیکے فراہم کیے گئے۔اس موقع پر والدین اور مقامی کمیونٹی کو بچوں کی بروقت ویکسینیشن کی اہمیت، حفاظتی ٹیکوں کے فوائد اور قابل انسداد بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے بھی آگاہی فراہم کی گئی

بقیہ نمبر 32

نت پر رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ دوران سماعت پراسیکیوٹر کسٹمز نے عدالت کو بتایا کہ ملزم کو جولائی میں کسٹم کورٹ نے اسمگلنگ کا جرم ثابت ہونے پر 6 سال قید اور جرمانے کی سزا سنائی تھی۔ جس پر عدالت نے کہا ہے کہ مقدمے میں صرف ٹینکر ڈرائیور کو ملزم بنانا حیران کن ہے، اسمگل شدہ ڈیزل کسی سرحدی علاقے سے برآمد نہیں کیا گیا۔ سندھ ہائی کورٹ نے کہا کہ استغاثہ وضاحت کرنے میں ناکام رہا کہ ڈیزل کو اسمگل شدہ قرار دینے کا نتیجہ کس بنیاد پر اخذ کیا گیا

بقیہ نمبر 33

کے تشدد کے بعد حاصل کیے گئے اعترافی بیانات قابل قبول نہیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق اعترافی بیانات مسترد ہونے سے 11 ستمبر حملوں کے مقدمے میں مزید تاخیر کا خدشہ ہے۔ نائن الیون حملوں کے مقدمے کی سماعت 5 جون 2028 کو شروع کرنے کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ نائن الیون کے متاثرہ خاندانوں نے تمام صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ واضح رہے کہ خالد شیخ محمد پر 11 ستمبر 2001 کے دہشت گرد حملوں کی منصوبہ بندی کا الزام ہے

بقیہ نمبر 34

کام کے دوران چھت سے گر کر جاں بحق ہوگیا، شیرا کوٹ کے علاقے بس اسٹینڈ کے قریب 70 سالہ شخص محمود اختر حرکت قلب بند ہونے کے باعث جاں بحق ہوگیا، چونگ کوٹ محمد حسین شاہ پور میں 40 سالہ شخص منیر کی لاش برآمد ہوئی جو بظاہر نشے کا عادی معلوم ہوتا ہے، شادمان کے علاقے شادمان انڈر پاس کے قریب 25 سالہ نامعلوم شخص مبینہ طور پر نشے کی زیادتی کے باعث جاں بحق ہوا، گلشن اقبال ملتان روڈ کے قریب سے 45 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے، بظاہر نشے کی زیادتی کے باعث موت واقع ہونے کا شبہ ظاہر کیا جارہا ہے۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں نے تمام واقعات کے شواہد اکٹھے کرکے مختلف پہلوؤں پر تحقیقات کا آغاز کردیا۔ تمام لاشیں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کردی گئیں۔

بقیہ نمبر 35

تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں دونوں زرعی معیشت رکھنے والے ممالک کے درمیان زرعی تعاون کے وسیع امکانات کا جائزہ لیا گیا اور اس امر پر زور دیا گیا کہ دوطرفہ خیرسگالی کو عملی منصوبوں، تجارتی مواقع اور ادارہ جاتی شراکت داری میں تبدیل کیا جائے۔ رانا تنویر حسین نے زرعی تحقیق، جدید زرعی ٹیکنالوجی، زرعی مشینری، آبپاشی، لائیو اسٹاک کی ترقی اور زرعی پیداوار کی ویلیو ایڈیشن کے شعبوں میں پاکستان کی مہارت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایتھوپیا کے ساتھ اپنا تجربہ اور تکنیکی مہارت شیئر کرنے کے لیے تیار ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور ایتھوپیا کے درمیان زرعی تحقیق، فصلوں کی پیداوار میں اضافہ، بیجوں کی ترقی، موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ زراعت، آبپاشی، زرعی میکانائزیشن اور لائیو اسٹاک کی ترقی کے شعبوں میں تعاون کو نمایاں طور پر وسعت دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے بالخصوص ایتھوپیا میں پاکستانی زرعی مشینری، ٹریکٹرز، آبپاشی کے جدید حل اور زرعی پیداوار کی ویلیو ایڈیشن سے متعلق مہارت کو فروغ دینے کے مواقع پر زور دیا۔ دونوں جانب سے لائیو اسٹاک کے شعبے میں جانوروں کی افزائش نسل، ویٹرنری خدمات، بیماریوں کی روک تھام وکنٹرول، ڈیری اور گوشت کی پیداوار، چارہ اور خوراک کی ترقی اور جدید لائیو اسٹاک ویلیو چینز میں تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ رانا تنویر حسین نے دوطرفہ زرعی تجارت کے فروغ اور مارکیٹ تک بہتر رسائی کے لیے سینیٹری اینڈ فائٹوسینیٹری (SPS) معیارات کے حوالے سے مؤثر رابطہ کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری شعبے کے درمیان براہ راست روابط اور مشترکہ منصوبے دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے نئے راستے فراہم کرسکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے زراعت ولائیو اسٹاک کے شعبے میں مشترکہ ورکنگ گروپ (JWG) کے قیام کی پاکستان کی تجویز کا بھی ذکر کیا، جو باقاعدہ رابطے، تکنیکی تبادلوں اور مشترکہ تعاون کے مخصوص پروگراموں کی تشکیل کے لیے ایک مؤثر ادارہ جاتی پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر امرحسین اوبانے زرعی تعاون کو مضبوط بنانے میں پاکستان کی دلچسپی کو سراہا اور ایتھوپیا میں زرعی اجناس اور سرمایہ کاری کے وسیع امکانات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے زراعت، لائیو اسٹاک، تجارت، ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں پاکستان کے ساتھ تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے اپنے ملک کی آمادگی کا اظہار کیا۔ اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ محض عمومی دلچسپی کے اظہار کے بجائے نتائج پر مبنی تعاون کی جانب پیش رفت کی جائے، جس میں مخصوص منصوبوں، تکنیکی تعاون، نجی شعبے کی شراکت داری اور زرعی تجارت کے فروغ پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ دونوں جانب سے پاکستان اور ایتھوپیا کے درمیان زرعی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور زراعت، لائیو اسٹاک، غذائی تحفظ اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں باہمی مفاد کے نئے مواقع تلاش کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 36

کے آگ کے شعلے قریب کھڑے دوسرے آئل ٹینکر کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا واقع کی اطلاع ملتے ہی بیروٹ پولیس کی نفری پہنچ گئی جبکہ حب، لیڈا، گڈانی سمیت ڈی جی خان سیمنٹ کمپنی کی فائر بریگیڈ کی گاڑیاں اور ریسکیو 1122 جائے وقوعہ پر بھی پہنچ گئیں جہاں فائر فائٹرز نے گاڑیوں میں لگی آگ بجھانے کے کام میں حصہ لیا تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی

بقیہ نمبر 37

نقدان اور کاروباری جمود کے باعث بے روزگاری میں تشویشناک حد تک اضافہ ہوچکا ہے حکومتی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے بجائے میرٹ اور شفافیت کو نظرانداز کرنا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ اور مستقبل کی حقیقی قوت ہوتے ہیں انہیں نظرانداز کرکے صوبے کی ترقی اور خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ حکومت نوجوانوں کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے کے لیے میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر روزگار کے مواقع فراہم کرے صنعتی وکاروباری سرگرمیوں کو فروغ دے جس سے بے روزگاری میں کمی اور نوجوانوں میں بڑھتی ہوئی مایوسی کا خاتمہ ممکن ہو

بقیہ نمبر 38

کر 45 سالہ حیات ولد عبدالکریم موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق لاش کو ضروری کارروائی کے لیے سول اسپتال منتقل کردیا گیا ہے، جبکہ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 39

سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تین عادی وسابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان کو گرفتار کرلیا، جو باہم مل کر موٹر سائیکل چوری کے گینگ کی صورت میں سرگرم تھے اور موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث رہے ہیں۔ کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے 02 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کرلی گئیں۔ ملزمان کے خلاف مقدمات نمبر 463/2026 اور 464/2026 بجرم دفعہ 381-A ت پ درج کیے گئے، جبکہ گرفتار ملزمان مقدمہ نمبر 380/2026 بجرم دفعہ 381-A ت پ میں بھی ملوث پائے گئے۔ پولیس نے ملزم شوکت ولد نیاز، قوم بھٹی، سکنہ اتحاد ٹاؤن کراچی کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے تھانہ اتحاد ٹاؤن کراچی کی حدود سے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کرلی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 465/2026 بجرم دفعہ 411 ت پ درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی گئی پولیس کے مطابق مقدمہ نمبر 453/2026 میں ملزمہ عائشہ زوجہ عبدالغفور کو گرفتار کرلیا گیا ملزمہ سے مغویہ کی بازیابی کے لیے مزید تفتیش اور اہم معلومات حاصل کی جارہی ہیں۔ ایس پی حب مرزا بلال حسن نے پولیس کی ان کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ضلع حب میں جرائم پیشہ عناصر، موٹر سائیکل چوروں اور دیگر جرائم کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز اور تسلسل کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 40

میں 3 نئے کمروں کی تعمیر، 35 کمروں کی مرمت، ٹف ٹائلز کی تنصیب، اسمبلی ایریا میں ماربل، گرانڈ میں گراسی، شمسی نظام اور بورنگ کی تنصیب جبکہ اسکول کی چھتوں کی مرمت سمیت دیگر کام شامل تھے، مگر کروڑوں روپے کی لاگت کے باوجود منصوبہ مکمل نہ ہوسکا۔ اتنی بڑی رقم مختص ہونے کے باوجود اسکول کی زبوں حالی اور ترقیاتی کاموں کی یہ صورتحال محکمہ تعلیم، پی ایم یو ایجوکیشن بلوچستان اور محکمہ پی اینڈ ڈی سے منظور شدہ منصوبے کی نگرانی کرنے والے متعلقہ افسران کی کارکردگی پر بھی سوالات اٹھارہی ہے۔ عوامی حلقوں نے سوال کیا ہے کہ کروڑوں روپے کے منصوبے کی نگرانی کے لیے ذمہ دار حکام نے تعمیراتی کام کی بروقت تکمیل اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے کیا اقدامات کیے؟ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر منصوبے کی مدت جون 2026 میں ختم ہوچکی ہے تو پھر نامکمل کام کا ذمہ دار کون ہے؟ کیا ٹھیکیدار کو منصوبے کی مکمل یا جزوی رقم ادا کردی گئی ہے؟ اگر ادائیگیاں ہوچکی ہیں تو نامکمل کام کے باوجود ادائیگی کس بنیاد پر کی گئی؟ اور اگر ادائیگی نہیں ہوئی تو ٹھیکیدار کے خلاف اب تک کیا کارروائی عمل میں لائی گئی؟ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی محض محکمانہ سطح پر خانہ پری کے بجائے غیر جانب دار اور اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں۔ منصوبے کے ٹینڈر، ورک آرڈر، منظور شدہ تخمینے، فنڈز کے اجرا، ٹھیکیدار کو کی جانے والی ادائیگیوں اور تعمیراتی کام کے معیار کا مکمل آڈٹ کیا جائے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ ماہرین پر مشتمل ٹیم اسکول کا موقع پر تکنیکی معائنہ کرکے رپورٹ مرتب کرے اور یہ واضح کیا جائے کہ منصوبے کے تخمینے میں شامل کتنے کام مکمل، کتنے نامکمل اور کتنے کام ناقص معیار کے ہیں۔ عوامی حلقوں نے چیف سیکریٹری بلوچستان، سیکریٹری تعلیم بلوچستان، پی ایم یو ایجوکیشن بلوچستان اور متعلقہ ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری خزانے سے خرچ ہونے والی کروڑوں روپے کی رقم کا مکمل حساب عوام کے سامنے لایا جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر تحقیقات میں کسی ٹھیکیدار، افسر یا اہلکار کی غفلت، ناقص نگرانی یا مالی بے ضابطگی ثابت ہوتی ہے تو ذمہ دار عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے اور سرکاری خزانے کو ہونے والے ممکنہ نقصان کی وصولی یقینی بنائی جائے۔ عوامی حلقوں نے واضح کیا ہے کہ معاملے کی شفاف تحقیقات اور منصوبے کی تکمیل تک وہ خاموش نہیں بیٹھیں گے۔

بقیہ نمبر 41

حادثے میں جاں بحق ہونیوالے نوجوان کی لاش کو ایدھی ایمبولنس کے ذریعے سول ہسپتال حب پہنچائی گئی، جہاں پر حادثہ میں جاں بحق نوجوان کی شناخت عبدالمالک ولد محمد اشرف کے نام سے ہوئی، حب پولیس کے مطابق ڈرائیور کو گرفتار کرکے ٹریلر کو تحویل میں لے لیا

16 روزہ توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات آؤٹ ریچ سرگرمی کا انعقاد

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر فاروق کے مطابق ضلع بھر میں بچوں کو حفاظتی ویکسین فراہم کرنے کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری ہے

حکومت بلوچستان کی صحت عامہ کی ترجیحات کے مطابق کوئی بھی بچہ حفاظتی ٹیکوں سے محروم نہ رہے، ڈاکٹر فاروق

گوادر (بولان بیورو) حکومت بلوچستان کی صحت عامہ اور حفاظتی ٹیکہ جات کی پالیسی کے تحت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے عوام دوست اور صحت دوست وژن کی روشنی میں ضلع گوادر میں اگست 2026 کے دوران 16 روزہ توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات (EPI) آٹ ریچ سرگرمی کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد حفاظتی ٹیکوں سے محروم اور کم ویکسین شدہ بچوں تک رسائی یقینی بنانا اور معمول کی ویکسینیشن کوریج کو مزید مؤثر بنانا ہے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر فاروق کے مطابق ضلع بھر میں بچوں کو حفاظتی ویکسین فراہم کرنے کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری ہے، جبکہ آٹ ریچ سرگرمیوں کے ذریعے دور دراز، (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7پر)

گوادر میں حکومت پاکستان کی صحت عامہ پالیسی کے تحت بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے جا رہے ہیں

اوتھل، 4 کروڑ 64 لاکھ کا ترقیاتی منصوبہ ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت کی نذر

پی ایم یو ایجوکیشن بلوچستان کے منصوبے کی مقررہ مدت جون 2026 میں ختم

3 کمرے، 35 کمروں کی مرمت سمیت متعدد کام نامکمل، عوامی حلقوں کا اعلیٰ سطحی تحقیقات کا مطالبہ

اوتھل (رپورٹ، محمد عمر لاسی) گورنمنٹ ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں پی ایم یو ایجوکیشن بلوچستان کی جانب سے 4 کروڑ 64 لاکھ 38 ہزار روپے کی خطیر لاگت سے شروع کیا جانے والا ترقیاتی و مرمتی منصوبہ مبینہ غفلت اور ناقص نگرانی کے باعث سوالیہ نشان بن گیا۔ تقریباً دو سال قبل ٹینڈر ہونے والے منصوبے کو جون 2026 تک مکمل ہونا تھا، تاہم مقررہ مدت گزرنے کے باوجود منصوبے کے متعدد اہم کام نامکمل پڑے ہیں اور ٹھیکیدار مبینہ طور پر کام ادھورا چھوڑ کر غائب ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق منصوبے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7پر)

چکوال، تھانہ سٹی تلہ گنگ پولیس کا جوئے کے اڈے پر چھاپہ، 5 قمار باز گرفتار

چکوال (این این آئی) تھانہ سٹی تلہ گنگ پولیس نے جوئے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 قمار بازوں کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم، ایک رکشہ، ایک موبائل فون اور جوئے میں استعمال ہونے والا سامان برآمد کر لیا، برآمد شدہ مال کی مجموعی مالیت 4 لاکھ 89 ہزار 760 روپے بتائی گئی ہے

سیالکوٹ میں بینک میں نقب زنی کی کوشش ناکام، میاں بیوی گرفتار

سیالکوٹ (این این آئی) تھانہ سبز پیر کے علاقے کنگرہ میں بینک میں نقب زنی کی کوشش ناکام ہونے پر پولیس نے میاں بیوی کو گرفتار کر لیا۔ بتایا گیا ہے کہ میاں بیوی عثمان (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7پر)

مین آرسی ڈی روڈ موندرہ چوک کے قریب ٹریلر کی زد میں آکر نوجوان جاں بحق

حادثہ میں جاں بحق نوجوان کی شناخت عبدالمالک ولد محمد اشرف کے نام سے ہوئی

حب (نمائندہ بولان) مین آرسی ڈی روڈ موندرہ چوک کے قریب ٹریلر کی زد میں آکر نوجوان جاں بحق، اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ ہفتہ کی صبح کو مین آرسی روڈ پر موندرہ چوک کے قریب ٹریلر کی زد میں آکر نوجوان جاں بحق ہو گیا واقع کی اطلاع ملتے ہی ایدھی کے رضاکار موقع پر پہنچ گئے اور (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

ستھرا پنجاب پروگرام دنیا بھر میں منفرد پہچان حاصل کر چکا ہے، عظمیٰ بخاری

پنجاب بڑا بھائی ہونے کے ناطے باقی صوبوں کی عوامی فلاح کے منصوبوں پر ہر طرح کی مدد کے لیے تیار ہے

سیاسی تلخیاں، الزام برائے الزام اور گالی گلوچ کی سیاست کی بجائے ہمیں ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھنا چاہیے

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کا ستھرا پنجاب پروگرام نہ صرف مقامی سطح پر کامیابی حاصل کر چکا ہے بلکہ دیگر صوبے اور حتیٰ کہ بین الاقوامی شہر بھی اس سے مستفید ہونا چاہتے ہیں، سندھ حکومت نے ستھرا پنجاب پروگرام کے ماڈل کو (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7پر)

سکینڈلز سندھ میں ہوتے ہیں، پنجاب میں نہیں، عظمیٰ بخاری

پنجاب میں کوئی بے ضابطگی ہو تو وزیر اعلیٰ خود سامنے لاتی ہیں، مریم نواز نے پنجاب کو ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا

جن کے صوبے میں ایک سڑک پر 8 ارب کی کرپشن ہو، وہ پنجاب سے سوال نہ کریں' وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ کسی کو سندھ سے کوئی مخالفت نہیں ہے، اگر کسی کو کارکردگی طعنے کی طرح لگتی ہے تو کارکردگی پر بات تو ہو گی، بغیر کسی ثبوت کے کرپشن کے الزامات لگانے والے کو عدالتوں میں بھی لے جایا جا سکتا ہے، بغیر ثبوتوں کے پریس کانفرنس کرنے پر سوال پوچھا گیا تو وہ سیاسی انتقام بن جائے گا۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ جن (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

سوات، سخرہ میں وقتی تکرار پر 22 سالہ نوجوان چاقو کے وار سے قتل

سوات (این این آئی) تحصیل مٹہ کے علاقے چپڑئی سخرہ میں 22 سالہ ثنا اللہ ولد اعتبار خان ساکن چپڑئی سخرہ کو چاقو کے وار کر کے قتل کر دیا گیا

محکمہ اطلاعات و ثقافت پنجاب نے 8 اسٹیج اداکاراؤں پر ایک ماہ کی پابندی لگا دی

لاہور (این این آئی) محکمہ اطلاعات و ثقافت پنجاب کی جانب سے آٹھ اسٹیج اداکاراؤں پر ایک ماہ کی پابندی عائد کر دی گئی۔ پنجاب حکومت کے محکمہ اطلاعات و ثقافت نے پابندی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، پنجاب کونسل آف دی آرٹس (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7پر)

سوراب میں ڈائیلسس سینٹر کا فقدان، 30 سے زائد مریض کوئٹہ و کراچی جانے پر مجبور

سوراب کے ضلعی ہیڈکوارٹر میں فوری طور پر جدید سہولیات سے آراستہ ڈائیلسس سینٹر قائم کیا جائے

سوراب (نامہ نگار) ضلع سوراب میں ڈائیلسس کے مریضوں کی تعداد 30 سے تجاوز کر گئی، تاہم ڈائیلسس سینٹر نہ ہونے کے باعث مریضوں کو علاج کے لیے کوئٹہ اور کراچی کا طویل سفر کرنا پڑ رہا ہے۔ آمدورفت کے اخراجات اور بروقت علاج میں مشکلات کے باعث مریضوں اور ان (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

جماعت اسلامی کے کارکن وزیر اعلیٰ ہاؤس کی جانب مارچ کر رہے ہیں

سینیٹر حسنہ بانو زہری ایک باوقار عوامی نمائندہ ہیں، گل حسن محمد حسنی

الزامات ہمیشہ حقائق، ثبوت اور ذمہ داری کے ساتھ لگائے جانے چاہئیں



حب (نمائندہ بولان) چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی نے کہا کہ سینیٹر حسنہ بانو زہری صاحبہ کے خلاف 19 کروڑ روپے کی مبینہ کرپشن کے حوالے سے لگائے جانے والے الزامات کو ہم سختی سے مسترد کرتے ہیں ایسے بے بنیاد اور غیر مصدقہ الزامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ہم سمجھتے ہیں کہ بغیر کسی ٹھوس ثبوت کے کسی معزز عوامی نمائندے کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش انتہائی افسوسناک عمل ہے۔ اختلافِ رائے ہر کسی (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول دراڑ گوٹھ کی حالت زار تشویشناک ہے، قاسم چنا

خستہ حال عمارت پینے کے پانی و دیگر سہولتوں کا فقدان اساتذہ اور طلبا کے لیے دشواریوں کا سبب ہے

بیلا (نمائندہ بولان) گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول دراڑ گوٹھ کی حالت زار تشویشناک ہے خستہ حال عمارت پینے کے پانی و دیگر سہولتوں کا فقدان اساتذہ اور طلبا کے لیے دشواریوں کا سبب ہے متعلقہ ذمہ داران کی عدم توجہی باعث حیرت ہے ان خیالات کا اظہار حلقہ میراں پیر وانگ (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7پر)

دکی کوئلہ کان واقعہ ذمہ داروں کا تعین اور لواحقین کی مالی معاونت کی جائے، پی سی مائنز لیبر فیڈریشن

بلوچستان میں واقع کان کنی کے علاقوں میں کوئلے کی تمام کانوں کا معائنہ کرایا جائے

غیر محفوظ کانوں کو فوری طور پر بند کیا جائے جب تک وہاں حفاظت کے مطلوبہ معیارات کو مکمل طور پر پورا نہ کر لیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن نے بلوچستان کے ضلع دکی کے علاقے تھنڈک میں واقع کوئلہ کان کے اندر زہریلی گیس جمع ہونے سے رومی محمد اور محبت اللہ نامی کان کنوں کی ہلاکت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت کی۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی چیئرمین عبدالستار، مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان، خزانچی عبدالستار جونیئر، ایجوکیشن سیکرٹری عبدالحلیم خان، آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صوبائی چیئرمین شاہ علی بگٹی سمیت دیگر ٹریڈ یونین نمائندوں آصف شاہ، شاہنواز زہری، حاجی سیف اللہ خان، شاہ وزیر، ولید نے بلوچستان حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ دکی کوئلہ کان میں زہریلی گیس کے باعث دو مائنز ورکرز کی ہلاکت کے واقع کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کریں اور کا (بقیہ 59 صفحہ 7پر)

بزنس مین پینل کے صدر میاں ناصر حیات پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سندھ ہائیکورٹ، اسمگلنگ کے مقدمے میں سزا یافتہ ملزم کی سزا معطل

عدالت نے ملزم کو 5 لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیدیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے اسمگلنگ کے مقدمے میں سزا یافتہ ملزم گل زمان کی سزا معطل کر دی۔ عدالت نے ملزم کو 5 لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض ضما (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

نائن الیون حملوں کے مبینہ ماسٹر مائنڈ خالد شیخ کے اعترافی بیانات مسترد

اعترافی بیانات مسترد ہونے سے 11 ستمبر حملوں کے مقدمے میں مزید تاخیر کا خدشہ ہے، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ملٹری جج نے نائن الیون حملوں کے مبینہ ماسٹر مائنڈ خالد شیخ کے اعترافی بیانات مسترد کر دیے۔ خالد شیخ محمد کیا اعترافی بیانات کو امریکی ملٹری جج نے ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایف بی آئی اہلکاروں کے سامنے اعترافات رضا کارانہ نہیں، سی آئی اے (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

لاہور میں خودکشی سمیت مختلف واقعات میں 8 افراد جاں بحق

بادامی باغ میں 18 سالہ روزی، واپڈا ٹاؤن میں 35 سالہ خاتون نے زندگی کا خاتمہ کر لیا

40 سالہ مزدور چھت سے گر کر، 70 سالہ شخص حرکت قلب بند ہونے کے باعث جاں بحق

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں خودکشی سمیت مختلف واقعات میں 8 افراد جاں بحق ہو گئے۔ بادامی باغ، کھوکھر روڈ میں 18 سالہ لڑکی روزی نے مبینہ طور پر نامعلوم وجوہات کی بناء پر پنکھے سے جھول کر خودکشی کر لی، ستوکتلہ واپڈا ٹاؤن میں 35 سالہ خاتون جویریہ نے مبینہ طور پر زہریلی گولیاں کھا کر زندگی کا خاتمہ کر لیا، بادامی باغ کے علاقے میں 40 سالہ مزدور حسن کارخانے میں (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

بے روزگاری میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے، مولانا عبدالرحمن

صوبے میں صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کے فقدان اور کاروباری جمود کے باعث بے روزگاری میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے

حکومتی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے بجائے میرٹ اور شفافیت کو نظرانداز کرنا انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ ملاخیل نے کہا ہے کہ حکومت نوجوانوں کے لیے روزگار کے باعزت مواقع پیدا کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوان ڈگریاں ہاتھ میں لیے روزگار کے حصول کے لیے در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کے (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، ملزمان گرفتار

کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے 02 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کر لی گئیں

حب (نمائندہ بولان) ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، ملزمان گرفتار، مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد، ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات اور ایس ڈی پی او سرکل حب امام یعقوب بلوچ کی نگرانی میں ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے اہم کامیابیاں حاصل کیں، پولیس کے مطابق تھانہ حب (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

سوات، بحرین کے کھیتوں کو پانی دیتے پہاڑی سے گر کر 45 سالہ شخص جاں بحق

سوات (این این آئی) سوات کی تحصیل بحرین کے علاقے بالاکوٹ کے مقام پر کھیتوں کو پانی لانے کے دوران پہاڑی سے گر (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سینیٹر حسنہ بانو زہری ایک مخلص، متحرک اور عوام دوست عوامی نمائندہ ہیں، محمد حذیفہ مینگل

تعلیمی فنڈز کے حوالے سے سینیٹر حسنہ بانو زہری کے خلاف جاری کیا گیا گمراہ کن اور بے بنیاد پروپیگنڈا قابل مذمت ہے

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کے سینئر رہنما محمد حذیفہ مینگل نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہا کہ حب کے تعلیمی فنڈز کے حوالے سے سینیٹر حسنہ بانو زہری کے خلاف جاری کیا گیا گمراہ کن اور بے بنیاد پروپیگنڈا قابل مذمت ہے حالیہ بیان میں 190 ملین روپے کے فنڈز میں کرپشن اور عوامی رقم کے ضیاع کا تاثر دینے کی کوشش کی گئی ہے، جو (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

شوگر ملوں نے 2018ء سے 2020ء تک غلط اعداد و شمار سے 53 ارب کا اضافی منافع کمایا

18 ارب کا کارپوریٹ ٹیکس بھی بچا، 2020ء تک چینی برآمد کرنے کیلئے 4 ارب 12 کروڑ کی سبسڈی بھی لی گئی، نجی ٹی وی

لاہور (این این آئی) شوگر ملوں نے 2018ء سے 2020ء تک پیداواری لاگت کے غلط اعداد و شمار سے 53 ارب کا اضافی منافع کمایا، 18 ارب روپے کا کارپوریٹ ٹیکس بھی بچا، 2020ء تک حکومت سے چینی برآمد کرنے کے لئے 4 ارب 12 کروڑ کی سبسڈی بھی لی گئی۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال حکومت نے پہلے ساڑھے 7 لاکھ میٹرک ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دی، مارکیٹ میں قلت پیدا ہوئی تو صارفین 120 روپے کلو والی چینی 200 روپے سے زائد میں خریدنے پر مجبور ہو (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

صوبوں کی تقسیم انتظامی ہو یا سیاسی بات ہونا باقی ہے، ملک احمد

پیپلز پارٹی سیاست نہیں بلکہ خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ پیپلز پارٹی کے دروازے ہر سیاسی جماعت سے آنے والوں کے لیے کھلے ہیں

پیپلز پارٹی نے اپنے دور اقتدار میں نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع فراہم کیے، آئندہ بھی اولین ترجیح ہے' سردار سلیم حیدر خان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی کے لئے نوجوانوں کا کردار اہم ہے، پیپلز پارٹی نے اپنے دور اقتدار میں نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع فراہم کئے، نوجوان نسل کو بلاول بھٹو سے بہت سی امیدیں وابستہ ہیں، بلاول بھٹو کو ووٹ کی طاقت سے آئندہ ملک کا وزیر اعظم بنانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن کے نوجوانوں کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں پی ایس ایف کے نوجوانوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ یہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ اب (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کی کابینہ کی زیر صدارت ہارون رشید کی گورنر سندھ نہال ہاشمی سے ملاقات، ملاقات میں گورنر سندھ اور کابینہ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے وکلا کے مفاد عامہ کے لئے اہم فیصلے کئے گئے، بلوچستان سے الٰہی بخش مینگل ایڈووکیٹ سپریم کورٹ ممبر ایگزیکٹو سپریم کورٹ بار نے نمائندگی کی

ایران سے کاروبار پر مصری بینک کی اماراتی برانچز پر پابندی کا منصوبہ

تہران (این این آئی) ٹرمپ انتظامیہ نے ایران سے کاروبار پر مصری بینک کی یو اے ای برانچز پر پابندیاں عائد کرنے کا منصوبہ بنا لیا

تھرپارکر: 7 سالہ بچی سے زیادتی کے مجرم کو 25 سال قید کی سزا

تھرپارکر (این این آئی) مٹھی کی عدالت نے 7 سالہ بچی سے زیادتی کے کیس کا فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے جرم ثابت (بقیہ نمبر 62 صفحہ 7پر)

سندھ کی وحدت پر کسی بھی صورت میں سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، یاسمین شاہ

سندھ کو تقسیم کرنے یا اس کی جغرافیائی وحدت کو نقصان پہنچانے والی کوئی بھی تجویز قابلِ قبول نہیں ہوگی

بدین (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کی رکنِ سندھ اسمبلی بی بی یاسمین شاہ نے سندھ کو تقسیم کر کے نئے صوبے بنانے کی تجاویز کی سخت مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ ہزاروں سال سے ایک تاریخی ثقافتی جغرافیائی اور تہذیبی سرزمین کے طور پر اپنی منفرد شناخت رکھتا ہے۔ سندھ کی وحدت پر کسی بھی صورت میں سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور سندھ کو تقسیم کرنے کی کوئی بھی کوشش سندھ کے عوام کو ہرگز قبول نہیں بدین کے صحافیوں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے ایم پی اے بی بی یاسمین شاہ نے کہا کہ سندھ (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7پر)

لاہور، پنجاب اسمبلی کی عمارت کا خوبصورت منظر

بھارت کے یکطرفہ اقدامات جنوبی ایشیا میں امن و سلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہیں، رضوان سعید

بھارت 6 عشروں سے قائم سندھ طاس معاہدے پر عمل کرے، امریکا میں بھارتی سفیر کے مضمون کا مدلل جواب

نیویارک (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے بھارت پر زور دیا ہے کہ وہ 6 عشروں سے قائم سندھ طاس معاہدے پر عمل کرے کیونکہ بھارتی یکطرفہ اقدامات جنوبی ایشیاء میں امن و سلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہیں۔ امریکی میگزین میں لکھے گئے مضمون میں سفیر پاکستان نے امریکا میں بھارتی سفیر کے مضمون کا مدلل جواب دیا۔ سفیر پاکستان نے واضح کیا کہ بھارت مسلسل (بقیہ 58 صفحہ 7پر)

پاکستان پوری دنیا میں روشن چاند ستارے کی مانند چمک رہا ہے، رانا تنویر حسین

رانا تنویر حسین اور ایتھوپیا کے سفیر کی زیر صدارت اجلاس، زراعت اور لائیو اسٹاک میں صلاحیتوں سے استفادہ کے عزم کا اظہار

دوطرفہ خیرسگالی کو عملی منصوبوں، تجارتی مواقع اور ادارہ جاتی شراکت داری میں تبدیل کیا جائے، وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے پاکستان میں ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر عمر حسین اوبا کے ہمراہ اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کی، جس میں زراعت، لائیو اسٹاک، غذائی تحفظ، زرعی تجارت، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے شعبوں میں دوطرفہ (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

اوستہ محمد، ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حب بائی پاس کے قریب دو آئل ٹینکرز میں آگ لگ گئی

آگ نے دونوں گاڑیوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی

حب (نمائندہ بولان) حب بائی پاس کے قریب دو آئل ٹینکرز میں آگ لگ گئی، آگ نے دونوں گاڑیوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی، حب، لیڈا، گڈانی کی فائر بریگیڈز گاڑیوں سمیت ڈی جی سیمنٹ کمپنی کی فائر بریگیڈ نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا، اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ مغربی بائی پاس حب کے قریب آئل ٹینکر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7پر)

حب بائی پاس کے قریب دو آئل ٹینکرز میں آگ لگ گئی

ڈاکٹر کمالان لانگچی پر حملے کی مذمت، ملزمان کو گرفتار کیا جائے، پی ایم اے

فاطمہ جناح ہسپتال کے احاطے میں سینئر معالج ڈاکٹر کمالان گچکی پر قاتلانہ حملہ قابل مذمت ہے، پی ایم اے کوئٹہ زون

حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے واقعہ میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کو یقینی بنائیں،

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (PMA) کوئٹہ زون نے فاطمہ جناح ہسپتال کے احاطے میں سینئر معالج ڈاکٹر کمالان گچکی پر ہونے والے بزدلانہ قاتلانہ حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اللہ کا بے حد شکر ہے کہ ڈاکٹر کمالان گچکی اس ناگہانی آفت (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

یوگنڈا پاکستان کے ساتھ مضبوط اقتصادی شراکت داری کا خواہاں ہے، ناظم الامور

پاکستان اور یوگنڈا کے تجارتی تعلقات کو سفارتی روابط سے آگے لے جانا ہوگا، سردار طاہر محمود

یوگنڈا نے پاکستانی سرمایہ کاروں کو زراعت، معدنیات، توانائی، سیاحت اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت

اسلام آباد (این این آئی) یوگنڈا نے پاکستانی سرمایہ کاروں کو زراعت، معدنیات، توانائی، سیاحت اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے ٹیکس مراعات اور دیگر سہولیات فراہم کرنے کی پیشکش کی ہے جبکہ دونوں ممالک کے نجی شعبوں کے درمیان براہِ راست کاروباری روابط کے فروغ کے لیے پاکستان-یوگنڈا بزنس فورم کے قیام اور پاکستانی کاروباری وفد کو اکتوبر میں یوگنڈا کے دور (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

امریکا اور وینزویلا کے درمیان تیل سے متعلق معاہدہ طے پا گیا، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا اور وینزویلا کے درمیان تیل سے متعلق معاہدہ طے پا گیا ہے

ڈی آئی خان میں دہشتگردوں کی فائرنگ، ڈی ایس پی سمیت 6 پولیس اہلکار زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈی آئی خان کے علاقے ٹانک روڈ پر ہتھالہ کے قریب دہشت گردوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں پولیس کی ایک گاڑی الٹ گئی۔ پولیس کے مطابق گاڑی الٹنے سے ڈی ایس پی کلاچی سمیت 6 پولیس اہلکار معمولی زخمی ہو گئے۔

سینیٹر حسنہ بانو زہری کے خلاف جاری منفی اور گمراہ کن مہم سیاسی مخالفین کی بوکھلاہٹ ہے، نواز دودا

سیاسی اختلاف جمہوری عمل کا حصہ ہے، لیکن اختلاف کی آڑ میں بے بنیاد الزامات اور غیر مصدقہ دعوے کرنا کسی طور قابل قبول نہیں

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی حب کے رہنماء جنرل کونسلر میونسپل کارپوریشن حب نواز دودا نے کہا کہ سینیٹر حسنہ بانو زہری کے خلاف جاری منفی اور گمراہ کن مہم سیاسی مخالفین کی بوکھلاہٹ ہے سیاسی اختلاف جمہوری عمل کا حصہ ہے، لیکن اختلاف کی آڑ میں بے بنیاد الزامات (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7پر)

لاہور، پولیس نے سڑک کو بند کیا ہوا ہے

ملتان، بس کی ٹکر سے 4 نوجوان جاں بحق، ڈرائیور کی درخواستِ ضمانت خارج

ملتان (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ ملتان بینچ نے بس کی ٹکر سے 4 نوجوانوں کے جاں بحق ہونے کے مقدمے میں بس ڈرائیور ریاض حسین کی درخواستِ ضمانت خارج کر دی۔ جسٹس تنویر احمد شیخ نے ملزم کی درخواستِ ضمانت پر تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ پی ایس وی لائسنس کے بغیر بس چلانا غیر قانونی ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ موثر لائسنس کے بغیر بس چلانا غیر قانونی اقدام ہے

سینیٹر حسنہ بانو زہری کے خلاف منفی مہم سیاسی مخالفین کی بوکھلاہٹ ہے، محمد جان مری

حب کی بیٹی کے وقار اور سیاسی کردار کو محض الزامات کے ذریعے متنازع بنانے کی کوشش کامیاب نہیں ہوگی

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما جنرل کونسلر محمد عثمان کوہ بلوچ، کونسلر محمد جان مری اور رئیس معشوق علی رند نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ سینیٹر حسنہ بانو زہری کے خلاف منفی مہم سیاسی مخالفین کی بوکھلاہٹ ہے حب کی بیٹی کے وقار اور سیاسی کردار کو محض الزامات کے ذر (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7پر)

دہلی گورنمنٹ اسکول کی عمارت کا قبضہ اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے حوالے کرنے کا حکم

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے دہلی گورنمنٹ اسکول کی عمارت کا قبضہ اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے حوالے کرنے کا حتمی حکم دے دیا۔

ضلعی جنرل سیکریٹری ڈاکٹر ثناءاللہ رونجھو نے پارٹی کا تعارفی اجلاس طلب کر لیا

پی پی پی لسبیلہ کے تمام کارکنوں کو مقررہ وقت پر تعارفی اجلاس میں شرکت کی تاکید کی گئی ہے

بیلا (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلہ کے ضلعی صدر روڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کی ہدایت پر ضلعی جنرل سیکریٹری ڈاکٹر ثناءاللہ رونجھو نے پارٹی کا تعارفی اجلاس طلب کر لیا پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلا کے ضلعی سیکرٹری اطلاعات و نشریات یوسف راہی کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے (بقیہ 55 صفحہ 7پر)

آٹھ سالہ بچی گٹر میں گر کر جاں بحق: والدین کو ڈیڑھ کروڑ روپے معاوضہ دینے کا حکم

کراچی (این این آئی) سینئر سول جج غربی/سٹی کورٹ نے آٹھ سالہ بچی کے گٹر میں گر کر جاں بحق ہونے کے مقدمے میں والدین کے معاوضے کے

بدین: بیوی کو زخمی کرنے کا جرم ثابت

عدالت کی جانب سے شوہر کو ایک لاکھ 20 ہزار روپے جرمانے اور معاوضے کی سزا

بدین (نامہ نگار) بیوی کو تشدد کر کے زخمی کرنے کا جرم ثابت ہونے پر سول جج و جوڈیشل مجسٹریٹ بدین کی عدالت نے ملزم شوہر کو ایک لاکھ 20 ہزار روپے معاوضہ ادا کرنے (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

کراچی: شہری کو کرین سے الٹا لٹکا کر تشدد کرنیوالے 4 ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) پیر آباد پولیس نے شہری کو کرین سے الٹا لٹکا (بقیہ 61 صفحہ 7پر)

عمران خان کی نجی ہسپتال منتقلی کے احکامات پر عام قیدیوں کا بھی عدالت سے رجوع

سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے اگر بیماری کا علاج سرکاری ہسپتال میں نہیں تو قیدی کو پرائیویٹ ہسپتال منتقل کیا جا سکتا ہے

تین قیدیوں کی درخواستیں دائر، اسلام آباد ہائی کورٹ کا اڈیالہ حکام کو نوٹس، سپرنٹنڈنٹ جیل سے پیراوائز کمنٹس طلب

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کا نجی ہسپتال سے علاج کے احکامات کے بعد عام قیدیوں نے بھی عدالت سے رجوع کر لیا ہے۔ اڈیالہ جیل کے تین قیدیوں نے نجی اسپتالوں سے علاج اور اہل خانہ سے بات کروانے کے لیے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواستیں دا (بقیہ 60 صفحہ 7پر)

تربت، ضلعی انتظامیہ کیچ نے گداگری کیخلاف کریک ڈاؤن کر کے بھکاریوں کو ان کے علاقے بھیجا جا رہے ہیں